★★★ پاک سرزمین کا نظام...... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

روزنامہ قوت لاہور

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

Www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 14 | ہفتہ 2 ربیع الاول 1445ھ 7 ستمبر 2024ء 23 بھادوں 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 327

فرمان الٰہی

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

حکومت سمیت تمام اپیلیں منظور، سپریم کورٹ نے نیب ترامیم بحال کر دیں

چیف جسٹس اور ججز پارلیمنٹ کے لیے گیٹ کیپر نہیں ہوسکتے، پارلیمان اور عدلیہ کا آئین میں اپنا اپنا کردار واضح ہے، عدالت

بہت سی ترامیم کے معمار عمران نیازی خود تھے، بانی پی ٹی آئی نے نیک نیتی سے درخواست دائر نہیں کی، تحریری فیصلہ جاری

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے نیب ترامیم کیس کا محفوظ فیصلہ سناتے ہوئے ترامیم بحال کر دی ہیں، عدالت نے حکومت کی اپیلیں منظور کر لیں۔ فیصلے میں کہا گیا کہ چیف جسٹس اور ججز پارلیمنٹ کے لیے گیٹ کیپر نہیں ہوسکتے، پارلیمان اور عدلیہ کا آئین میں اپنا اپنا کردار واضح ہے۔ عدالت عظمٰی کے فیصلے میں جسٹس اطہر من اللہ کے اضافی نوٹ کو بھی حصہ بنایا گیا ہے، جس میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر1

انٹرا پارٹی انتخابات کیس: الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کی چاروں متفرق درخواستیں مسترد کر دیں

الیکشن کمیشن کا دس صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری، فیصلہ ممبر سندھ نثار درانی کی جانب سے تحریر کیا گیا

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے انٹرا پارٹی کیس میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی چاروں متفرق درخواستیں مسترد کر دیں۔ الیکشن کمیشن نے دس صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کر دیا، الیکشن کمیشن کا فیصلہ ممبر سندھ نثار درانی کی جانب سے تحریر کیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ انٹرا پارٹی انتخابات میں الیکشن کمیشن کے دائرہ اختیار پر پی ٹی آئی کا اعتراض بھی مسترد کر دیا گیا، الیکشن کمیشن نے انٹرا پارٹی انتخابات کیس میں تحریک انصاف کے التوا کی درخواست بھی مسترد کر دی۔ علاوہ ازیں انٹرا پارٹی انتخابات کی

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر4

ملکی سمندری حدود کے دفاع کے لیے مضبوط بحریہ کی ضرورت ہے، آصف علی زرداری

پاکستان کے جیو اکنامک مفادات کے تحفظ کیلئے پاک بحریہ کو مضبوط بنانا ہوگا، صدر کا خطاب

کراچی (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے ملکی سمندری حدود کے دفاع کے لیے مضبوط بحریہ کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کے جیو اکنامک مفادات کے تحفظ کیلئے پاک بحریہ کو مضبوط بنانا ہوگا۔ ایوان صدر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر2

6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا اہم ترین دن ہے، احسن اقبال

کچھ کرنے کا عزم ہو تو کوئی ملک یا قوم آپ کو شکست نہیں دے سکتی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات وخصوصی اقدامات احسن اقبال نے کہا ہے کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا اہم ترین دن ہے، اگر جذبے صادق ہوں اور کچھ کرنے کا عزم ہو تو بظاہر وسائل سے مالا مال اور رقبے اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر3

اسلام آباد، آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی والدہ کی وفات پر وزیر اعظم شہباز شریف اور وزیر اطلاعات عطا تارڑ فاتحہ کر رہے ہیں

ڈیجیٹل دہشتگردی خطرناک

محفوظ پاکستان کے عزم کو کوئی کمزور نہیں کرسکتا، آرمی چیف

قومی اتحاد و یک جہتی کے جذبے سے سرشار افواج سرحدوں کا تحفظ کر رہی ہیں، معرکہ ستمبر میں افواج کا جرأت و بہادری کا مظاہرہ آئندہ نسلوں کے لیے مشعل راہ ہے

ایمان، تقویٰ اور جہادِ فی سبیل اللّٰہ دشمنوں سے نمٹنے کے لیے ہمارا بڑا ہتھیار ہیں، دہشت گردی کے عفریت کو بہادری اور جواں مردی سے افواج نے قابو کیا۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر

راولپنڈی (این این آئی) پاک فوج کے سربراہ جنرل عاصم منیر کا کہنا ہے کہ 6 ستمبر کا دن تاریخ میں یومِ دفاعِ وطن کے نام سے نمایاں حیثیت رکھتا ہے، آج کے دن افواج نے دشمن کے ناپاک عزائم خاک میں ملائے تھے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقاتِ عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق یومِ دفاعِ پاکستان کے موقع پر آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ جنگِ ستمبر کے موقع پر قومی یک جہتی کا جذبہ ہمارے لیے سرمایہ افتخار ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ قومی اتحاد و یک جہتی کے جذبے سے سرشار افواج سرحدوں کا تحفظ کر رہی ہیں، معرکہ ستمبر میں افواج کا جرأت و بہادری کا مظاہرہ آئندہ نسلوں کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ آرمی چیف نے کہا کہ شہداء ہمارے لیے مقدم ہیں، شہداء اور ان کے اہلِ خانہ کی حرمت و حفاظت کی ذمے داری بطریقِ احسن انجام دینا جانتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایمان، تقویٰ اور جہادِ فی سبیل اللّٰہ دشمنوں سے نمٹنے کے لیے ہمارا بڑا ہتھیار ہیں، دہشت گردی کے عفریت کو بہادری اور جواں مردی سے افواج نے قابو کیا۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے کہا کہ فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی کاوشوں سے آج پاکستان محفوظ ہے، ڈیجیٹل دہشت گردی اور ففتھ جنریشن جنگ نئے چیلنجز کے طور پر سامنے آ رہے ہیں۔ ان کا مزید کہنا ہے کہ روایتی دہشت گردی کے برعکس ڈیجیٹل دہشت گردی زیادہ خطرناک اور پیچیدہ ہے، ملک دشمن عناصر، غیر ملکی اداروں کے اشتراک نے ڈیجیٹل دہشت گردی کو مزید پیچیدہ بنا دیا ہے۔ آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے یہ بھی کہا ہے کہ وطن کی سلامتی اور خوش حالی کے عزم کے ساتھ عہد کریں کہ ہم متحد رہیں گے، عہد کریں کہ اختلافات بھلا کر مثالی یک جہتی اور ہم آہنگی کا مظاہرہ کریں گے، جب تک ہم متحد رہیں گے، دنیا کی کوئی طاقت پاکستان کو نقصان نہیں پہنچا سکتی۔

وزیر اطلاعات کی کیپٹن احمد بدر شہید کے گھر آمد، لواحقین سے تعزیت کا اظہار

کیپٹن احمد بدر شہید ہمارا فخر ہیں، حکومت اور پاک فوج فتنہ الخوارج کے خاتمے کے لئے پرعزم ہیں، عطاء اللہ تارڑ

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات، قومی ورثہ وثقافت عطاء اللہ تارڑ جمعہ کو یوم دفاع پاکستان کے موقع پر کیپٹن احمد بدر شہید کے گھر گئے اور شہید کے والد کرنل ریٹائرڈ بدرالدین اور دیگر لواحقین سے ملاقات کی۔ وفاقی وزیر اطلاعات نے اس موقع پر کیپٹن احمد بدر شہید کے اہل خانہ سے تعزیت کا اظہار کیا اور شہید کے درجات کی بلندی کیلئے دعا کی۔ اہل خانہ سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی وزیر اطلاعات نے کہا کہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر5

نو مئی واقعات پر آرمی ایکٹ لاگو نہیں ہوتا تو پھر اسے رکھا ہی کیوں ہے؟ رانا ثناء اللہ

وزیر اعظم نے فلور آف دا ہاؤس پہ واضح بات کی آئیں بیٹھیں، ہم ڈائیلاگ پر یقین رکھتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم کے مشیر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ نو مئی کے واقعات پر بھی آرمی ایکٹ لاگو نہیں ہوتا تو پھر اس ایکٹ کو رکھا ہی کیوں ہے؟ ایکٹ موجود ہے تو پھر اس کے تحت کارروائی ہوگی، ملٹری کورٹ بارے عمران خان کی جانب سے جو ہائی کورٹ میں پٹیشن دائر ہوئی ہے اس پر مجھے بڑا شک ہو رہا ہے کہ ان کے پاس باقاعدہ کوئی ایسا ذمہ دارانہ وجہ ہے جس کے تحت یہ پٹیشن دائر کی ہے، وزیر اعظم نے فلور آف دا ہاؤس پہ واضح بات

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر6

فیض حمید کا پی ٹی آئی حکومت میں ایک بڑا کردار رہا ہے: عامر ڈوگر کا اعتراف

عامر ڈوگر نے یہ بھی اعتراف کر لیا کہ فیض حمید کا پی ٹی آئی حکومت میں ایک بڑا کردار رہا ہے

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان تحریک انصاف رؤف حسن کے بعد دوسرے پارٹی رہنما عامر ڈوگر نے بھی ریٹائرڈ فوجی افسر سے تعلق رکھنے کو حق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر7

لاہور، وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف یوم دفاع کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری کے بعد شہداء کے بچوں سے مل رہی ہیں

مریم نواز شریف کی یوم دفاع کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری، پھول چڑھائے

پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے یادگار شہداء پر سلامی دی، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی شہداء کے اہلخانہ سے ملاقات، بچوں سے اظہار شفقت

فوج بارڈرز، فرنٹیئرز اور سرحدوں کی حفاظت کرتی ہے، ملک کا اندرونی دفاع ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے، وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف

لاہور (سمیعہ فیاض) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی یوم دفاع کے موقع پر کینٹ میں یادگار شہداء پر حاضری دی اور پھول چڑھائے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے شہداء کے درجات کی بلندی کے لئے دعا بھی کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے یوم دفاع کے موقع پر یادگار شہداء پر حاضری کے بعد خصوصی طور پر گفتگو کرتے ہوئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر8

اسلام آباد، کوآرڈینیٹر وزیر اعظم برائے موسمیاتی تبدیلی رومینہ خورشید عالم سے چینی وفد ملاقات کر رہا ہے

یوم دفاع پر افواج پاکستان کو سلام پیش کرتے ہیں، علیم خان

افواج پاکستان ساری قوم کا فخر ہے اور "سپاہ سے وفا" میں ہی وطن عزیز کی بقا مضمر ہے، وفاقی وزیر کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر استحکام پاکستان پارٹی اور وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ اس سال ہم سب کو یوم دفاع کو "یوم وفا" کے طور پر منانے کا عہد کرنا چاہیے کیونکہ افواج پاکستان ساری قوم کا فخر ہے اور "سپاہ سے وفا" میں ہی وطن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر12

مسلح افواج کی قربانیاں قوم کیلئے فخر اور حوصلے کا باعث ہیں: بلاول بھٹو

ملک کے دفاع کیلئے اپنی جانیں نچھاور کرنے والے بہادر جوانوں کو سلام پیش کرتا ہوں، یوم دفاع پر پیغام

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین وسابق وزیر خارجہ بلاول بھٹو نے کہا ہے کہ مسلح افواج کی جرات اور قربانیاں قوم کیلئے فخر اور حوصلے کا باعث ہیں۔ یوم دفاع کے موقع پر اپنے ایک پیغام میں بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ ملک کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر11

جیل سہولیات کی درخواست، بانی پی ٹی آئی کو متعلقہ بنچ سے رجوع کی ہدایت

چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم نے درخواست کے لگائے گئے اعتراضات پر سماعت کی

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کو جیل میں سہولیات دینے کی درخواست پر متعلقہ بنچ سے رجوع کی ہدایت کر دی۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم نے درخواست کے لگائے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر10

لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کو چیئرمین نادرا کے عہدے سے ہٹانے کا حکم

شہری اشبا کامران نے چیلنج کیا تھا، لاہور ہائیکورٹ نے چیئرمین نادرا کی تقرری کے خلاف درخواست کو منظور کر لیا

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کے چیئرمین لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کو عہدے سے ہٹانے کا حکم دے دیا۔ لاہور ہائیکورٹ نے چیئرمین نادرا کی تقرری کے خلاف درخواست کو

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر9

پاک بحریہ میں دو نئے جنگی بحری جہازوں کی باقاعدہ شمولیت

صدر آصف علی زرداری بطور مہمان خصوصی تقریب میں پہنچے جہاں انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا

دونوں جہاز سٹیٹ آف دی آرٹ ہیں اور جدید ہتھیاروں سے لیس ہیں۔ ایڈمرل نوید اشرف

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) یوم دفاع کے موقع پر پاک بحریہ میں دو نئے جنگی بحری جہاز

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر13

پاک بحریہ میں دو نئے جنگی بحری جہازوں کی باقاعدہ شمولیت کی تقریب میں صدر زرداری شریک ہیں

لاہور، وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد میں پرامن اجتماع و امن عامہ ایکٹ سینیٹ کے بعد قومی اسمبلی سے بھی منظور

یہ لوگوں کے جمع ہونے کے حق کو ختم کر رہے ہیں، آپ اس بل کو کمیٹی میں بھیج دیں، پی ٹی آئی کا احتجاج

وفاقی وزرا کی غیر حاضری پر اسپیکر برہم، کچھ دیر کیلئے اجلاس ملتوی کر دیا، وزیر اعظم نذیر تارڑ کی آمد کے بعد اجلاس کا باقاعدہ ہوا

اسلام آباد (این این آئی) سینٹ کے بعد قومی اسمبلی نے بھی وفاقی دارالحکومت میں پرامن اجتماع

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر30

اسلام آباد، وزیر اعظم شہباز شریف چوہدری نثار سے ان کی بہن کی وفات پر تعزیت کر رہے ہیں

سپریم کورٹ کا فیصلہ این آر او ٹو، مقدمہ عوام میں لے کر جائیں گے: شبلی فراز

یہ عوام کے حقیقی نمائندے نہیں، یہ ایسے قوانین بنائیں گے جن سے چوروں اور آئین شکنوں کو تحفظ ملے، ردعمل

اسلام آباد (این این آئی) رہنما پاکستان تحریک انصاف سینیٹر شبلی فراز نے نیب ترامیم بحالی کے فیصلے پر ردعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ آج کا فیصلہ این آر او ٹو تھا، مقدمہ عوام میں لے کر جائیں گے۔ انہوں نے حکومت کو تنقید کا نشانہ بناتے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر28

کارساز حادثہ کیس، فریقین میں معاملات طے، ملزمہ کو اللہ کے نام پر معاف کر دیا: ورثاء

ہمارے درمیان معاملات طے پا گئے ہیں ہم نے ملزمہ کو معاف کر دیا، حلف نامہ جاری

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے کارساز میں پیش آنے والے حادثے کے کیس میں فریقین میں معاملات طے پا گئے۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے عمران عارف اور آمنہ عارف کے ورثاء نے حلف نامے تیار کروا لیے ہیں۔ حلف

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر29

ہم شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دینگے: سرفراز بگٹی

6 ستمبر اجتماعی قومی جذبہ اور عزم کو ہمیشہ قائم رکھنے کا درس دیتا ہے، یوم دفاع پر وزیر اعلیٰ بلوچستان کا پیغام

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ یوم دفاع اس عہد کی تجدید ہے کہ ہم اپنے عظیم شہداء کی قربانیوں کو رائیگاں نہیں جانے دینگے۔ یوم دفاع کے موقع پر پیغام میں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ 6 ستمبر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر14

نیا توشہ خانہ کیس، عمران خان، بشریٰ بی بی کی درخواست ضمانت پر سماعت ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) احتساب عدالت نے سابق وزیر اعظم عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی نیا توشہ خانہ کیس میں درخواست ضمانت پر سماعت پیر تک ملتوی کر دی۔ احتساب عدالت کے جج ناصر جاوید رانا نے ضمانت کی درخواستوں پر سماعت کی، عمران خان اور اہلیہ کو کمرہ عدالت میں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر15

پی ٹی آئی رہنما اظہر مشوانی کے لاپتہ دونوں بھائی 92 دن بعد گھر پہنچ گئے

تمام پاکستانیوں خصوصاً وکلا، رپورٹرز، سوشل میڈیا ایکٹیوسٹس اور انصافینز کی محنت اور دعاؤں کے ہم شکر گزار ہیں

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے سوشل میڈیا ہیڈ اظہر مشوانی تصدیق کی ہے کہ ان کے لاپتہ دونوں بھائی پروفیسر مظہر مشوانی اور پروفیسر ظہور مشوانی گزشتہ رات 2 بجے گھر پہنچ گئے۔ سماجی روابط کی ویب

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر27

حکومت کا عید میلاد النبیؐ کے موقع پر 17 ستمبر کو عام تعطیل کا اعلان

اسلام آباد (این این آئی) حکومت پاکستان نے نبی آخر الزمان حضرت محمد مصطفیٰؐ کے یوم ولادت 12 ربیع الاول کے موقع پر 17 ستمبر 2024 بروز منگل کو ملک بھر میں عام تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ کابینہ ڈویژن سے جاری نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ 17 ستمبر 2024 کو عید میلاد النبی (12 ربیع

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر26

اسلام آباد سے 16 سال بعد پولیو کیس رپورٹ، پاکستان میں تعداد 17 ہوگئی

اسلام آباد کی یونین کونسل 4 سے ایک بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے فوکل پرسن پولیو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں اس سال پولیو کا ایک اور کیس رپورٹ ہوا ہے جس کے بعد رواں سال پولیو کیسز کی تعداد 17 ہوگئی۔ قومی ادارہ صحت کے مطابق اسلام آباد کی یونین کونسل 4 سے ایک بچے میں پولیو وائرس کی تصدیق ہوئی ہے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر31

الیکشن کمیشن نے ایک بار پھر قانون کی بالادستی اور آئین کی پاسداری کو یقینی بنایا ہے، بیرسٹر عقیل

تمام سیاسی جماعتوں کو آئینی دائرے میں رہتے ہوئے فیصلوں کا احترام کرنا ہوگا، مشیر برائے قانون و انصاف

اسلام آباد (این این آئی) مشیر برائے قانون و انصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ الیکشن کمیشن نے ایک بار پھر قانون کی بالادستی اور آئین کی پاسداری کو یقینی بنایا ہے۔ اپنے بیان میں بیرسٹر عقیل نے کہا کہ پی ٹی آئی کی تمام متفرق

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر16

وزیر تجارت جام کمال خان کی شہید حوالدار محمد منیر عباسی کے گھر آمد، خراج عقیدت پیش

اسلا آباد (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے کہا ہے کہ آج ان شہداء کی وجہ سے پاکستان ناقابل تسخیر ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو یوم دفاع کے موقع پر راولپنڈی میں شہید حوالدار محمد منیر عباسی کے گھر اس کی فیملی کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر18

یوم دفاع دشمن کے خلاف پاکستان کے ایک ہونے کا دن ہے، عمر ایوب

مادر وطن کے تحفظ، سلامتی اور دفاع کیلئے شہدا کی عظیم قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، اپوزیشن لیڈر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی سیکرٹری جنرل اور اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی عمر ایوب نے کہا ہے کہ یوم دفاع دشمن کے خلاف پاکستان کے ایک ہونے کا دن ہے، شہداء، غازیوں اور غیور و بہادر پاکستانیوں کو سلام عقیدت

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر17

اسلام آباد، وفاقی وزیر احسن اقبال اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

بلاول بھٹو زرداری سے گوگل کے ایشیاء پیسیفک ریجن کے صدر کی ملاقات

ٹیکنالوجی کے فروغ کے اقدامات کے حوالے سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری سے ملاقات کے لئے گوگل کے ایشیاء پیسیفک ریجن کے صدر اسکاٹ بیومونٹ کی زرداری ہاؤس پہنچے۔ بلاول بھٹو زرداری اور گوگل کے ایشیاء پیسیفک ریجن کے صدر اسکاٹ بیومونٹ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر32

اسٹیٹ بینک نے نئے کرنسی نوٹوں کے ڈیزائنز شارٹ لسٹ کر لیے

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک نے نئے نوٹوں کی سیریز کے مقابلے کے نتائج جاری کر دیے اور نئے کرنسی نوٹوں کے ڈیزائنز کو شارٹ لسٹ کر لیا۔ اعلامیے کے مطابق اسٹیٹ بینک نے 10 سے 5 ہزار روپے کے نئے نوٹوں کے ڈیزائن کو شارٹ لسٹ کیا ہے۔ 500 روپے کے دو نوٹوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر25

کراچی، وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ کی بحریہ قبرستان میں شہدا کے مزار پر حاضری

ہم تمام چیلنجوں سے نبرد آزما ہو کے قوم کی خوشحالی اور استحکام کیلئے اقدامات کر رہے ہیں، قیصر احمد شیخ

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر بحری امور قیصر احمد شیخ نے کراچی میں بحریہ قبرستان میں شہدا کے مزار پر حاضری دی، پھول چڑھائے اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر پاک بحریہ کے دستے نے سلامی دی۔ اس موقع پر میڈیا سے بات کرتے ہوئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر33

خیبر پختونخوا کابینہ میں ردوبدل اور تقرری، گورنر نے تاحال دستخط نہ کیے

سمری میں ایک مشیر اور چار معاونین خصوصی بنائے جانے کی سفارش کی گئی تھی

پشاور (این این آئی) صوبہ خیبر پختونخوا کی کابینہ میں ردوبدل اور تقرری کے معاملے پر اب تک پیش رفت نہ ہوسکی۔ ذرائع کے مطابق گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے سمری ملنے کے بعد 12 روز گزرنے کے باوجود دستخط نہیں کیے، سمری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر24

ریاست کیخلاف ہتھیار اٹھانے والا شخص یا تنظیم دہشتگرد ہے، محسن نقوی

ہمیں جس آگ میں دھکیلا جا رہا ہے ہم نے اس سے نکلنا ہے، علماء کرام اور دیگر رہنماؤں کی مدد سے ہی ہم اس آگ سے نکل سکتے ہیں

دہشت گردی کے خاتمے کے لیے ہم سب کو بحیثیت قوم اٹھنا ہوگا، دہشت گرد عناصر اور اسلام کے نام پر لوگوں کو ورغلانے والوں کا راستہ روکنا ہوگا، وزیر داخلہ

لاہور : (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے والا شخص یا تنظیم دہشت گرد ہے،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر19

لاہور، علما کرام سے ملاقات کے موقع پر وزیر داخلہ محسن نقوی گفتگو کر رہے ہیں

یوم دفاع پر شہداء، ہیروز اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں، ملک محمد احمد خان

افواج پاکستان اندرونی و بیرونی خطرات سے نمٹنے کے لیے تمام صلاحیتیں رکھتی ہے۔ سپیکر پنجاب اسمبلی

قوم آج بھی دشمنوں کو شکست دینے کے لئے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے، یومِ دفاع کے موقع پر پیغام

لاہور (خبر نگار) سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان نے یوم دفاع پر شہداء، ہیروز اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہوئے کہا کہ آج کا دن ملک و

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر22

لاہور، سپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان یوم دفاع کے موقع پر پنجاب اسمبلی کے اجلاس کے دوران شہدا اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کی قرارداد پڑھ رہے ہیں

دفاع وطن ہمیں جان سے بھی مقدم ہے، چوہدری برجیس طاہر

شہدائے وطن کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی، سابق وفاقی وزیر

ننکانہ صاحب (این این آئی) شہدائے وطن کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔ انشاء اللہ رنگ لائیں گی دفاع وطن ہمیں جان سے بھی مقدم

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر23

آئی ایس آئی کو کال ریکارڈنگ کی اجازت دینے کا کیس

سپریم کورٹ میں دائر درخواست اور حکم نامے کی کاپی کو ریکارڈ کا حصہ بنانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم نے آئی ایس آئی کو شہریوں کی کال ریکارڈنگ کی اجازت دینے کے خلاف کیس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر21

افواج پاکستان کی تاریخ قربانیوں سے بھری پڑی ہے، حمزہ شہباز

65 کی طرح افواج اور قوم آج کے اندرونی و بیرونی چیلنجز سے بھی یکجا ہو کر نمٹ رہے ہیں، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز شریف نے کہا ہے کہ 6 ستمبر ہماری بہادر افواج اور قوم کے جذبے اور عزم صمیم کا دن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر20



روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

پریم یونین سی بی اے کی جانب سے مطالبات کے حق میں ریلوے شیڈزون میں احتجاجی مظاہرہ

بریک ڈاؤن الاؤنس، اوور ٹائم میں کٹوتی کو مسترد کرتے ہیں، شیخ انور

لاہور (این این آئی) پریم یونین سی بی اے کی جانب سے اپنے مطالبات کے حق میں ریلوے شیڈ زون میں مرکزی صدر شیخ محمد انور کی قیادت میں احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاج کے دوران مظاہرین اپنے مطالبات کے حق میں نعرے لگاتے رہے۔ شیخ انور نے مظاہرین سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ بریک ڈاؤن الاؤنس اور اوور ٹائم میں کٹوتی کو مسترد کرتے ہیں، ٹی ایل اے سٹاف اور پوسٹیں ختم کرنے کی شدید مذمت کرتے ہیں۔ سٹاف کو تنخواہوں کی ادائیگی میں تاخیر باعث تشویش ہے، مطالبات کے حق میں ملک بھر میں احتجاجی مظاہرے کئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرین لائٹنگ سٹاف، شیڈ سٹاف، کیرج سٹاف، لوکو رننگ سٹاف، ریلیف ٹرین سٹاف کو پرسانل مینول کی غلط تشریح کر کے ان کے حق سے محروم کیا جا رہا ہے، ان اقدامات کے خلاف عدالت سے رجوع کریں گے۔

تھانہ ڈیفنس A پولیس کی خاتون اور اس کے اہلخانہ کے ساتھ پولیس گردی

ڈینٹل کلینک کی مالکہ کے گھر خرم نامی شخص کی تلاش میں ریڈ کردیا

لاہور (کرائم رپورٹر) صوبائی دارالحکومت کے تھانہ ڈیفنس A پولیس کی خاتون اور اس کے اہلخانہ کے ساتھ پولیس گردی ڈینٹل کلینک کی مالکہ کے گھر خرم نامی شخص کی تلاش میں ریڈ کر دیا، پولیس کا اہلخانہ پر تشدد اور پولیس مقابلے میں مار دینے کی دھمکیاں، باوردی اہلکاروں کے ہمراہ سفید پارچہ جات میں ملبوس افراد گھر کی تلاشی کے دوران نقدی اور قیمتی گھڑیاں لوٹ کر لے گئے 15 پر کال کے باوجود متعلقہ پولیس نہ پہنچی خاتون کا وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے نوٹس لینے کا مطالبہ۔ تفصیلات کے مطابق 3 ستمبر کو رات گئے تھانہ ڈیفنس کے ایک سب انسپکٹر سمیت اور اہلکاروں اور سادہ کپڑوں میں ملبوس افراد نے فارما فائنس سوسائٹی میں ایک ڈینٹل کلینک کی مالکہ قمر سلطانہ کے گھر اچانک دھاوا بول دیا اور زبردستی گھر کے اندر گھس گئے خاتون قمر سلطانہ کو گھسیٹتے رہے جبکہ اہلخانہ کو بھی زدوکوب کرتے رہے استفسار کرنے پر بتایا کہ خرم نامی شخص کو تم نے چھپایا ہوا ہے تمام گھر کی تلاشی لینے کے بعد الماریوں سے 95 ہزار روپے اور 10 قیمتی گھڑیاں ساتھ لے گئے متاثرہ خاتون قمر سلطانہ نے وزیراعلیٰ مریم نواز سے اپیل کی ہے کہ پولیس کو بدنام کرنے والی ان کالی بھیڑوں کے خلاف کارروائی کر کے مال برآمد کروایا جائے اس حوالے سے انہوں نے سی سی پی او کو درخواست جمع کروا دی ہے۔



مرکزی جمعیت اہلحدیث پاکستان کے چیف آرگنائزر چوہدری کاشف نواز رندھاوا مرکزی جامع مسجد اہلحدیث امین پور بازار میں اطاعت رسولؐ کے موضوع پر اجتماع سے خطاب کر رہے ہیں

عقیدہ ختم نبوت ہمارے ایمان کی اساس ہے، چوہدری کاشف نواز رندھاوا

مرکزی جامع مسجد اہل حدیث امین پور بازار میں جمعہ کے اجتماع سے خطاب

لاہور (خبر نگار) مرکزی جمعیت اہل حدیث پاکستان کے چیف آرگنائزر چوہدری کاشف نواز رندھاوا نے کہا ہے کہ اطاعت رسولؐ کے بغیر محبت الٰہی کا دعویٰ بے بنیاد ہے۔ عقیدہ ختم نبوت ہمارے ایمان کی اساس ہے۔ آپؐ کی دی ہوئی تعلیمات کے مطابق ساری زندگی گزارنے کا فیصلہ کریں گے تو ہمارا دعویٰ محبت سچا ثابت ہوگا۔ مرکزی جامع مسجد اہل حدیث امین پور بازار میں جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ آپؐ کی تعلیمات جب تک تمام تعلیمات پر غالب رہیں گی اور سب سے بڑھ کر آپؐ کی ناموس کی حفاظت کے لیے اپنا سب کچھ قربان کرنے کا جذبہ جب تک دلوں میں باقی رہے گا ہم اور ہماری نسلوں کا ایمان باقی رہے گا۔ ورنہ خاکم بدہن اس میں کمی آ گئی تو کچھ بھی باقی نہیں رہے گا۔ آپ ﷺ کی لائی ہوئی گراں قدر تعلیمات انسانیت کو زندگی کے ہر موڑ پر رہبری اور رہنمائی کا فریضہ انجام دیتی ہیں۔ پاکستان کے روشن مستقبل کا انحصار آج بھی اس حقیقت کے ادراک میں پوشیدہ ہے کہ ہماری بقا و سالمیت اسی نظام زندگی کو اپنانے میں ہے جس کا وعدہ اس مملکت کے قیام کے وقت کیا گیا تھا کہ پاکستان کا مطلب کیا لا الہ الا اللہ۔

جناح ہال ٹاؤن ہال میں یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے تقریب کی تصویری جھلکیاں کمشنر لاہور زید بن مقصود اور ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے ہلال استقلال یوم دفاع کا جھنڈا لہرایا کمشنر لاہور زید بن مقصود، ڈی سی لاہور سید موسی رضا، بریگیڈیئر ندیم آرمی اسٹیشن کمانڈر، کمانڈر محمد جواد پی این ڈپٹی، کمانڈر صبیح حیدر پی این ایڈیشنل ڈپٹی، گروپ کیپٹن طاہر نعیم چیمہ اور شہدائے عظیم کے اہل خانہ شریک ہیں

جناح ہال ٹاؤن ہال میں 6 ستمبر یوم دفاع ہلال استقلال پر چم کشائی کی پروقار پرعزم تقریب

6 ستمبر یوم دفاع کے حوالے سے سائرن بجایا گیا اور ایک منٹ کی خاموشی، کمشنر لاہور زید بن مقصود اور ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے ہلال استقلال یوم دفاع کا جھنڈا لہرایا

تقریب میں بریگیڈیئر ندیم آرمی اسٹیشن کمانڈر، کمانڈر محمد جواد پی این ڈپٹی، کمانڈر صبیح حیدر پی این ایڈیشنل ڈپٹی، گروپ کیپٹن طاہر نعیم چیمہ اور شہدائے عظیم کے اہل خانہ کی شرکت

لاہور (خبر نگار) جناح ہال ٹاؤن ہال میں 6 ستمبر یوم دفاع ہلال استقلال پر چم کشائی کی پروقار پرعزم تقریب منعقد ہوئی اس موقع پر 6 ستمبر یوم دفاع کے حوالے سے سائرن بجایا گیا اور ایک منٹ کی خاموشی بھی اختیار کی گئی یوم دفاع تقریب میں پولیس دستہ و بینڈ نے خوبصورت انداز میں سلامی پیش کی سکاوٹس و سول ڈیفنس نے پریڈ کے ساتھ اللہ اکبر کے پرجوش نعرے لگائے پولیس بینڈ و مارچ اور ملی نغموں نے فضا کو قومی جذبے سے سرشار کر دیا۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود اور ڈپٹی کمشنر لاہور سید موسیٰ رضا نے ہلال استقلال یوم دفاع کا جھنڈا لہرایا۔ کمشنر لاہور زید بن مقصود اور ڈی سی لاہور سید موسی رضا کو خوبصورت بچوں نے پھولوں کے گلدستے پیش کیے۔ بریگیڈیئر ندیم آرمی اسٹیشن کمانڈر، کمانڈر محمد جواد پی این ڈپٹی، کمانڈر صبیح حیدر پی این ایڈیشنل ڈپٹی، گروپ کیپٹن طاہر نعیم چیمہ اور شہدائے عظیم کے اہل خانہ کی شرکت تقریب میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنرز، اسسٹنٹ کمشنرز، بلدیہ عظمیٰ، پولیس، ایجوکیشن، سول ڈیفنس، پی ایچ اے اور دیگر آلائیڈ ڈیپارٹمنٹ کے افسران کی بھی شرکت کی اس موقع پر کمشنر لاہور نے کہا کہ پاکستان کی مٹی میں بہادری، محنت اور وفا کا جذبہ موجود ہے۔ سلام ماؤں کو۔ والدین کو جنہوں نے وطن کیلئے جان قربان کرنے والے سپوت پیدا کیے۔ کمشنر لاہور نے مزید کہا کہ۔ پاکستان کو صرف دیانتداری اور محنت کے بل بوتے پر ترقی یافتہ بنایا جا سکتا ہے۔ کمشنر لاہور نے کہا کہ لاہور شہر کیلئے ہلال استقلال عظیم اعزاز ہے۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ ہلال استقلال یوم دفاع کی تقریب کو ٹاؤن ہال میں شایان شان طریقے سے منایا گیا۔ یہ دن ہمیں ہمارے شہدا کی عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو ہمارے شہداء نے ملک کی حفاظت کے لیے پیش کیں۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے کہا کہ سرکاری سکولوں کے بچوں نے بھی ہلال استقلال یوم دفاع کی تقریبات میں پرفارم کیا۔ ڈی سی لاہور سید موسیٰ رضا نے مزید کہا کہ تقریب میں شہداء اور ان کی فیملیز کو بھرپور خراج عقیدت پیش کیا گیا۔

مہنگائی میں معمولی کمی، مجموعی شرح 7.14 فیصد ریکارڈ

لاہور (این این آئی) ملک بھر میں مہنگائی کی شرح میں معمولی کمی آ گئی، مہنگائی کی شرح میں 15.0 فیصد کی کمی ریکارڈ کی گئی جس کے بعد سالانہ بنیادوں پر مہنگائی کی مجموعی شرح 7.14 فیصد پر آ گئی۔ ادارہ شماریات کے مطابق ایک ہفتے کے دوران 19 اشیاء مہنگی جبکہ 13 اشیا کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق ایک ہفتے میں پیاز کی قیمت میں 5 روپے 58 پیسے فی کلو کا اضافہ ہوا، لہسن فی کلو 7 روپے 38 پیسے مہنگا ہوا، ایل پی جی کے گھریلو سلنڈر کی قیمت میں 27 روپے 66 پیسے اضافہ ہوا۔ اسی طرح ایک ہفتے میں انڈے ایک روپے 65 پیسے فی درجن مہنگے ہوئے، آلو، چاول، کیلے، بیف، نمک اور گڑ بھی مہنگی ہونے والی اشیاء میں شامل ہیں۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ میں مزید بتایا گیا ہے کہ ایک ہفتے کے دوران ٹماٹر کی فی کلو قیمت میں 19 روپے 3 پیسے کی کمی آئی، گزشتہ ہفتے کے دوران چکن 6 روپے 73 پیسے فی کلو سستا ہوا، گندم کا 20 کلو کا تھیلا 23 روپے 32 پیسے سستا ہوا جبکہ رواں ہفتے کے دوران مٹن، چائے کی پتی سمیت 19 اشیا کی قیمتیں مستحکم رہیں۔

طیفی اور بالاج گروپ کو گھروں تک محدود رکھنے کا فیصلہ

طیفی بٹ اور بالاج گروپ کو گھروں میں نظر بندی کرنے کی تجویز پیش کر دی

لاہور (کرائم رپورٹر) طیفی بٹ کے بہنوئی جاوید بٹ کے قتل کے واقعہ کے بعد مقتول کے گھر سے کینال روڈ تک گاڑی کے ساتھ آنے والی 60 مشتبہ موٹر سائیکلیں شارٹ لسٹ کر لی گئیں، جبکہ پولیس نے طیفی اور بالاج گروپ کو گھروں تک محدود رکھنے کا فیصلہ کیا گیا، طیفی بٹ اور بالاج گروپ کو گھروں میں نظر بندی کرنے کی تجویز پیش کر دی گئی۔ پولیس ذرائع کے مطابق ہمالیاک سے گاڑی کے پیچھے اور ساتھ مسلسل آنے والی 5 موٹر سائیکلیں مشکوک قرار دی گئیں، 5 مشتبہ موٹر سائیکلوں میں کچھ 125 سی سی، کچھ 70 سی سی ہیں، مشتبہ موٹر سائیکلیں چلانے والے تمام افراد نے ہیلمٹ پہن رکھے ہیں۔ مشتبہ موٹر سائیکلوں کی تصاویر، ویڈیوز تمام تفتیشی ٹیموں کے حوالے کر دی گئی ہیں اور ایکسائز سے، موٹر سائیکلوں کا ریکارڈ بھی حاصل کیا جا رہا ہے۔ دوسری جانب طیفی اور بالاج گروپ کو گھروں تک محدود رکھنے کا فیصلہ کیا گیا اور اس حوالے سے ڈی آئی جی آرگنائزڈ کرائم یونٹ عمران کشور نے حکمت عملی تیار کر لی، طیفی بٹ اور بالاج گروپ کو گھروں میں نظر بندی کرنے کی تجویز پیش کر دی۔

6 ستمبر پاکستانی پرچم اور قوم کی سربلندی کا دن ہے

یوم دفاع پاکستان ہمیں ان عظیم جانبازوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید نے کہا ہے کہ 6 ستمبر پاکستانی پرچم اور قوم کی سربلندی کا دن ہے، شہداء اور غازیوں کی قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے۔ یوم دفاع پاکستان ہمیں ان عظیم جانبازوں کی قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو ٹینکوں کے آگے لیٹ گئے مگر وطن کے دفاع پر آنچ نہیں آنے دی۔ 6 ستمبر 1965 کے معرکے میں بھارت کے بزدلانہ حملے کے جواب میں پوری پاکستانی قوم نے دشمن کو منہ توڑ جواب دیا۔ بھارت کے ناپاک عزائم اور پاکستان پر قبضے کی سازش کو عبرت ناک شکست ہوئی۔ یہ بات انہوں نے ساہیوال آرٹس کونسل کے زیر اہتمام یوم دفاع پاکستان کے سلسلہ منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ڈپٹی کمشنر صائمہ علی، ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر فنانس اینڈ پلاننگ یاسر فرید، اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب، سی ای او ایجوکیشن چوہدری محمد اکرام، ڈائریکٹر ساہیوال آرٹس کونسل ڈاکٹر سید ریاض ہمدانی، اسسٹنٹ ڈائریکٹر الیاس اکبر سکھلہ سمیت سکول و کالجز کے طلبہ و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کمشنر شعیب اقبال سید نے کہا کہ ہمیں اپنے اندرونی اختلافات کو بھلا کر دشمن کا مقابلہ کرنا ہوگا۔

یوم دفاع 6 ستمبر ساہیوال آرٹس کونسل میں منعقدہ تقریب کے اختتام پر پاک فوج کو خراج تحسین پیش کرنے والے بچوں کا کمشنر ساہیوال ڈویژن شعیب اقبال سید کے ہمراہ گروپ فوٹو

ننکانہ صاحب کے نواحی گاؤں کالی بیر بھٹیاں میں عظیم الشان تاجدار ختم نبوت کانفرنس منعقد

ملک کے نامور علماء اکرام اور تمام تنظیمات اہل سنت نے بھرپور شرکت کی

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ننکانہ صاحب کے نواحی گاؤں کالی بیر بھٹیاں میں عظیم الشان تاجدار ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی جس میں ملک کے نامور علماء اکرام اور تمام تنظیمات اہل سنت نے بھرپور شرکت کی تفصیلات کے مطابق۔ ننکانہ صاحب کے نواحی گاؤں کالی بیر بھٹیاں میں عظیم الشان تاجدار ختم نبوت کانفرنس منعقد ہوئی جس میں ملک کے نامور علماء اکرام نے خطابات کیے محفل پاک میں نقابت عمران علی چشتی تلاوت قرآن پاک قاری افتخار علی نقشبندی ہدیہ نعت شریف عمران سہروردی صاحبزادہ سعید احمد انصاری نے پیش کیا اور خطاب علامہ محمد نوید اقبال چشتی علامہ محمد اسد مدنی علامہ محمد عاصم رضوی نے کیا محفل پاک میں خصوصی شرکت پیر سید شکور شاہ علامہ صوفی محمد اقبال نقشبندی علامہ کامران عطاری منیر احمد شاہد پیر شفیق محمدی سیفی نوجوان صحافی حافظ محمد نوید کمبوہ شیخ محمد عبداللہ و دیگر نے کی حاضرین محفل سے علماء اکرام نے خطاب کرتے ہوئے کہا۔

پاک فوج کی لازوال قربانیاں ہمارے لیے قابل فخر ہیں، ملک جاوید اقبال

جنگ ستمبر میں دشمن و عبرت ناک شکست سے دوچار کرنے والے غازی اور شہداء ہمارے قومی ہیروز ہیں



لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنما ملک جاوید اقبال نے کہا ہے کہ یوم شہدائے پاکستان کے موقع پر پاک فوج کی لازوال قربانیاں ہمارے لیے قابل فخر ہیں اور جنگ ستمبر میں دشمن و عبرت ناک شکست سے دوچار کرنے والے غازی اور شہداء ہمارے قومی ہیروز ہیں یوم دفاع کے موقع پر انہوں نے کہا کہ معارکہ چھ ستمبر 1965 میں پاکستان فوج کے بہادر جوانوں اور افسران نے جس طرح دشمنوں کے ناپاک ارادے خاک میں ملائے وہ ایک مثال ہے اور اس وقت چیف اف ارمی سٹاف جنرل عاصم منیر دہشت گردی کے خاتمے اور پاکستان و ملک دشمن عناصر کے سازشوں سے محفوظ رکھنے کے لیے جس کامیاب اپریشن کی کمان کر رہے ہیں اس پر پوری قوم ان کی شکر گزار ہے اور استحکام پاکستان کی اس جدوجہد میں ان کے ساتھ ہے ملک جاوید اقبال نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ کی حکومت ملک و عظیم معاشی قوت بنانے کے لیے جس عزم کے ساتھ سرگرم عمل ہے اس پر میاں محمد نواز شریف اور وزیراعظم پاکستان محمد شہباز شریف کے ساتھ ساتھ وزیر اعلی پنجاب مریم نواز شریف مبارکباد کی مستحق ہیں۔

حافظ آباد: یوم دفاع کے موقع پر حافظ آباد میں پاک فون کے افسران بریگیڈیئر منصور و دیگر شہداء میجر ندیم عباس بھٹی اور لانس نائیک طارق محمود کی قبروں پر فاتحہ خوانی، سلامی پیش کرتے رہے

حافظ آباد میں بھی ضلعی انتظامیہ کی جانب سے یوم دفاع ملی جوش و جذبے سے منایا گیا

پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا اور سلامی دی

حافظ آباد (بیورو رپورٹ) یوم دفاع کے موقع پر حافظ آباد میں پاک فوج کے افسران نے شہداء میجر ندیم عباس بھٹی اور لانس نائیک طارق محمود کی قبروں پر حاضری دی اور انہیں خراج تحسین پیش کیا۔ پاک فوج کے بریگیڈیئر منصور صادق رانا، کرنل راشد، میجر باقر، اور صوبیدار محمد فاروق نے برج دارہ گاؤں میں میجر ندیم عباس بھٹی اور وچھوکی میں لانس نائیک طارق محمود کی قبروں پر فاتحہ خوانی کی اور پھولوں کی چادریں چڑھائیں۔ پاک فوج کے چاق و چوبند دستے نے گارڈ آف آنر پیش کیا اور سلامی دی۔ اس موقع پر بریگیڈیئر منصور صادق رانا کا کہنا تھا کہ آج کا دن ہمیں ان عظیم شہداء کی یاد دلاتا ہے، جنہوں نے اپنے وطن کی حفاظت کے لیے اپنی جانیں قربان کیں۔ میجر ندیم عباس بھٹی اور لانس نائیک طارق محمود ہمارے قوم کے وہ روشن چراغ ہیں جن کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ ان کی قربانیاں پاکستان کی سلامتی اور خودمختاری کی ضمانت ہیں، اور ہم ان کے اہل خانہ کے مقروض ہیں کہ انہوں نے ایسے سپوت پیدا کیے جنہوں نے مادر وطن کے لیے جان کا نذرانہ پیش کیا۔ انکا مزید کہنا تھا کہ پاک فوج اپنے شہداء کو ہمیشہ عزت و احترام کے ساتھ یاد رکھتی ہے اور ان کے اہل خانہ کا خیال رکھنا ہماری ذمہ داری ہے۔ یہ شہداء ہماری قوم کا فخر ہیں، اور ہمیں ان کی قربانیوں پر فخر ہے۔ ہم ہمیشہ ان کے نقش قدم پر چلتے رہیں گے اور ملک کی حفاظت کے لیے ہر ممکن قدم اٹھائیں گے۔ اس موقع پر علاقے کے معززین، مقامی افراد اور سابق چیئرمین پریس کلب حافظ آباد امتیاز احمد تاج بھی موجود تھے۔ اس موقع پر مقامی لوگوں کا کہنا تھا کہ شہداء کی قربانیوں کی بدولت ہمارا ملک محفوظ ہے۔ انہوں نے فوج کے ساتھ مل کر ملک کی حفاظت اور دفاع کے عزم کا اظہار کیا۔

فیکٹریوں میں ٹھیکیداری نظام کے تحت ملازمین کا معاشی استحصال جاری

مسلسل بارہ گھنٹے ڈیوٹی کا معاوضہ چند ہزار روپے ماہوار ملنے لگا، سہولیات سے محروم

لاہور (این این آئی) محکمہ محنت کی غفلت کے باعث فیکٹریوں میں ٹھیکیداری نظام کے تحت ملازمین کا معاشی استحصال جاری ہے۔ مسلسل بارہ گھنٹے ڈیوٹی کا معاوضہ چند ہزار روپے ماہوار ملنے لگا جبکہ چند دن کام کرنے والے ملازمین کو واجبات کی عدم ادائیگی سمیت دیگر مراعات سے یکسر محروم کرنے سے مزدور طبقہ میں بے چینی پائی جانے لگی، محکمہ محنت کے بے حس افسران کی چشم پوشی سے مزدوروں کے مسائل میں اضافہ ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع لاہور میں قائم سینکڑوں فیکٹریوں میں ان دنوں ٹھیکیداری نظام کے تحت ملازمین کے ساتھ جبری مشقت سمیت ان کا معاشی استحصال کا سلسلہ جاری ہے بعض معروف فیکٹریوں نے اپنے اخراجات بچانے اور ملازمین کو مراعات دینے کی بجائے غیر قانونی طور پر ٹھیکیداروں سے ملازمین کی کھیپ لے رکھی ہے، ان ملازمین کو سالانہ چھٹیوں، گزیٹڈ تعطیلات، ای پی ایل، اوور ٹائم اور سوشل سیکورٹی کی طبی سہولیات سے یکسر محروم رکھا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق غیر قانونی ٹھیکیدار ملازمین کو پوری تنخواہ کی ادائیگی کی بجائے فی کس آٹھ سے دس ہزار روپے ماہوار کمیشن وصول کر کے صنعتی کارکنان کا استحصال کر رہے ہیں، مذکورہ ٹھیکیداری نظام کے تحت فیکٹری مالکان کو لاکھوں روپے ماہانہ بچت ہو رہی ہے، مزدوروں کے تحفظ کیلئے قائم محکمہ محنت کے افسران ان فیکٹریوں کا محاسبہ کرنے کی بجائے مبینہ طور پر ان کی سرپرستی کر رہے ہیں۔

8 کروڑ افراد نفسیاتی مسائل کا شکار، بدترین معاشی پالیسیوں کا خمیازہ عوام بھگت رہے ہیں

پیپلز پارٹی سندھ اور مسلم لیگ پنجاب اپنی کارکردگی کے حوالے سے قوم کے سامنے جواب دہ ہیں

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی پنجاب محمد جاوید قصوری نے وزارت صحت کی جانب سے قومی اسمبلی میں پیش کئے گئے اعداد و شمار جن میں انکشاف کیا گیا ہے کہ پاکستان کی کل آبادی 24 کروڑ میں سے 8 کروڑ افراد نفسیاتی مسائل کا شکار ہیں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ حکمرانوں کی بدترین معاشی پالیسیوں کا خمیازہ عوام بھگت رہے ہیں۔ لوگ مختلف قسم کے امراض میں مبتلا ہو رہے ہیں۔ مہنگائی نے عوام سے جینے کا حق بھی چھین لیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں 40 فیصد لوگ خط غربت سے نیچے زندگی گزارنے پر مجبور ہیں جو کہ حکمرانوں کی بدترین معاشی ایجنڈے اور غیر سنجیدگی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ پی ڈی ایم ٹو کی حکومت نے ماضی میں عوام کو ریلیف فراہم کیا ہے اور نہ ہی اب ان سے امید ہے۔ عوام پر فارم 47 کے ذریعے مسلط کی جانے والی حکومت درحقیقت نااہلوں کا ٹولہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھاوے اور ڈنگ ٹپاؤ قسم کی پالیسیوں سے معیشت میں بہتری ممکن نہیں۔ سندھ میں پیپلز پارٹی گزشتہ دو دہائیوں سے حکومت میں ہے، پنجاب میں بھی شریف فیملی لمبے عرصے سے اقتدار جبکہ خیبر پختونخوا میں پی ٹی آئی برسر اقتدار ہے لیکن اس کے باوجود عوام کی حالت زار میں کسی قسم کی کوئی بہتری نہیں ہوئی، پاکستان کے لوگوں نے ان ساری پارٹیوں کو آزما لیا ہے۔ یہ سب لوگ اقتدار میں ہیں مگر اپنے اپنے صوبوں میں دہائیوں تک حکومتیں کرنے کے باوجود ڈیلیور کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکے ہیں۔ پیپلز پارٹی سندھ اور مسلم لیگ پنجاب اپنی کارکردگی کے حوالے سے قوم کے سامنے جواب دہ ہیں۔ محمد جاوید قصوری نے مزید کہا کہ اس وقت جماعت اسلامی کے علاوہ کوئی سیاسی پارٹی عوام کے حقوق کے لیے بات نہیں کر رہی۔ عوام بنیادی حقوق کے لیے ترس رہے ہیں، ہم ذاتی فائدے کے لیے نہیں بلکہ حق کے غلبے کے لیے جدوجہد کر رہے ہیں۔ ہم یکم ستمبر سے رابطہ عوام مہم کے ذریعے اپنی حق دو تحریک کے دوسرے مرحلے کا آغاز کر چکے ہیں۔ ملک میں بڑی تبدیلی کی ضرورت ہے اور وہ تبدیلی صرف جماعت لا سکتی ہے اس کے لیے کہ ہمارے پاس منظم تنظیم اور مخلص ٹیم موجود ہے جس کا دامن ہر قسم کی کرپشن سے پاک ہے۔ حکومت نے معاہدے پر ابھی تک کوئی مثبت اقدام نہیں کیا۔ حکومت کو عملاً کام کرنا ہوگا۔ اب قوم ان کی ڈنگ ٹپاؤ پالیسیوں پر اعتبار کرنے کو تیار نہیں۔

میو ہسپتال کو کینسر ادویات کیلئے 48 کروڑ 60 لاکھ روپے جاری

لاہور (این این آئی) محکمہ خزانہ نے محکمہ صحت اور تعلیم کیلئے بجٹ جاری کر دیا، میو ہسپتال کو کینسر کے مریضوں کے مفت علاج کیلئے بجٹ جاری کیا گیا۔ محکمہ خزانہ نے میو ہسپتال کو کینسر ادویات کیلئے 48 کروڑ 60 لاکھ روپے جاری کئے ہیں۔ میو ہسپتال میں کینسر کے مریضوں کو مفت ادویات فراہم کی جائیں گی۔ محکمہ خزانہ نے پنجاب ایجوکیشن سیکٹر کو 36 کروڑ 10 لاکھ روپے جاری کئے ہیں۔ ڈی ایچ کیو ہسپتالوں کو آپریشنل اخراجات کیلئے 96 کروڑ 70 لاکھ روپے جاری کئے گئے ہیں۔ محکمہ خزانہ نے بجٹ آن لائن کر دیا۔

محکمہ داخلہ نے جیلوں میں قیدیوں کی مشقت کیلئے یونیفارم لیبر سکیل متعارف کروا دیا

قبل ازیں عدالت سے قید بامشقت پانے والے مجرمان سے ایک دن میں کتنی مشقت کروائی جائے طے نہیں تھا

لاہور (کرائم رپورٹر) محکمہ داخلہ پنجاب نے جیلوں میں قیدیوں کی مشقت کیلئے یونیفارم لیبر سکیل متعارف کروا دیا۔ قبل ازیں عدالت سے قید بامشقت پانے والے مجرمان سے ایک دن میں کتنی مشقت کروائی جائے طے نہیں تھا، مشقت کے کسی پیمانے کی عدم موجودگی میں تمام قیدیوں سے مساوی سلوک روا رکھنا ممکن نہیں تھا۔ یونیفارم لیبر سکیل کی عدم موجودگی کے باعث جیلوں میں قائم انڈسٹریز بہترین انداز میں کام نہیں کر پا رہی تھیں۔ پاکستان پریزن رولز 1978 کے مطابق جیل میں مشقت کرنے والا قیدی کم از کم ایک آزاد مزدور جتنا کام کرنے کا پابند ہے۔ جیلوں میں قائم انڈسٹریز کیلئے مساوی لیبر سکیل مارکیٹ سروے کے بعد تیار کیا گیا۔ قالین، صندوق، لوہے کی چارپائی، وارڈز اور قیدیوں کے لباس، دری، کمبل، کوٹ اور کاٹن نوار کی تیاری بارے روزانہ کے اہداف مقرر کئے گئے ہیں۔ ایک ماہ تربیت کے بعد ایک قیدی دن میں لوہے کی 2 چارپائیاں تیار کرے گا، 2 ماہ تربیت کے بعد 3 قیدی دن میں 1 ٹرنک باکس صندوق تیار کریں گے۔ ایک ماہ تربیت یافتہ ایک قیدی دن میں 2 انچ چوڑائی کی 25 فٹ کاٹن نوار تیار کرے گا۔ ایک ماہ تربیت یافتہ قیدی دن میں 6 فٹ لمبائی اور اڑھائی فٹ چوڑائی کی ایک دری تیار کرے گا۔

ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے محمد حنیف گل نے لاہور تا ساہیوال سیکشن کا خصوصی معائنہ کیا

ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے سیفٹی رولز پر سختی سے عمل کیا جائے، ڈی ایس ریلوے محمد حنیف گل کی سٹاف کو ہدایت

لاہور (سپیشل رپورٹ) ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ ریلوے محمد حنیف گل نے لاہور تا ساہیوال سیکشن کا تفصیلی معائنہ کیا، خصوصی معائنے کے موقع پر ڈی ایس ریلوے کے ہمراہ متعلقہ افسران و عملہ بھی موجود تھا۔ ٹریک کی الائنمنٹ، فلفس، ٹریک کا لیول اور گیج کا سیفٹی کے حوالے سے خصوصی معائنہ کیا گیا۔ سیف ٹرین آپریشن اور پبلک سیفٹی کے حوالے سے لیول کراسنگ گیٹس کا بھی خصوصی معائنہ کیا گیا۔ سیف ٹرین آپریشن کے حوالے سے کمیونیکیشن سسٹم کو خصوصی طور پر چیک کیا گیا اور ڈی ایس ریلوے لاہور نے خود فون پر گیٹ مین سے بات کی۔ ٹرین آپریشن کے حوالے سے ڈی ایس ریلوے نے متعلقہ سٹاف سے سوالات بھی پوچھے۔ اس کے علاوہ گیٹ ٹوٹ جانے کی صورت میں ہنگامی بنیادوں پر گیٹ کو زنجیر کے ساتھ محفوظ بنانے کی مشق بھی کی گئی۔ سیکشن کی خصوصی انسپکشن کے دوران فرائض میں غفلت پر سٹاف کی سرزنش جبکہ اچھی کارکردگی پر کیش انعامات بھی دیے گئے۔ ٹرین آپریشن کی کمپیوٹرائزڈ ڈیجیٹل پر منتقلی پر ڈی ایس ریلوے لاہور کا کہنا تھا کہ ٹیکنالوجی نے کام کو آسان اور محفوظ بنا دیا ہے تاہم ٹیکنالوجی کا کوئی نعم البدل نہیں۔ ڈی ایس ریلوے محمد حنیف گل نے سٹاف کو ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ ٹیکنالوجی کا استعمال کرتے ہوئے سیفٹی رولز پر سختی سے عمل کیا جائے۔ انہوں نے مختلف سٹیشنوں پر مسافروں کیلئے دستیاب سہولیات سمیت صفائی ستھرائی کا بھی معائنہ کیا گیا۔ اس موقع پر ریلوے ریونیو میں اضافے کے حوالے سے سٹیشنوں کی آمدن اور اخراجات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ڈی ایس ریلوے لاہور نے رائیونڈ ریلوے ہاسپٹل میں سہولیات کا بھی جائزہ لیا۔ دوران انسپکشن ڈی ایس ریلوے سے پتوکی اور کوٹ رادھا کشن ریلوے سٹیشنوں پر انجمن تاجران کے نمائندوں نے ملاقات کی۔ چیئرمین انجمن تاجران حاجی آصف سعید کی جانب سے پتوکی ریلوے سٹیشن پر کراچی ایکسپریس ٹرین کے اسٹاپ کا مطالبہ کیا گیا۔ جبکہ مرکزی انجمن تاجران ملک غلام محی الدین کی جانب سے کوٹ رادھا کشن ریلوے سٹیشن پر موسیٰ پاک ٹرین کے اسٹاپ کا مطالبہ کیا گیا۔ ڈویژنل ٹرانسپورٹیشن آفیسر اروا خان، ڈویژنل میڈیکل آفیسر صائمہ ممتاز، ڈویژنل کمرشل آفیسر غلام فرید اسد، ڈویژنل سگنل انجینئر محمد اسحاق خان، ڈویژنل ایگزیکٹو انجینئر حاجی محمد، ڈویژنل مکینیکل انجینئر محمد زوہیب، ڈویژنل الیکٹریکل انجینئر محمد ناصر، ڈپٹی ڈائریکٹر پراپرٹی اینڈ لینڈ ریاض محمود لاشاری سمیت دیگر عملہ بھی ڈی ایس ریلوے لاہور کے ہمراہ موجود تھا۔

ڈی ایس ریلوے لاہور محمد حنیف گل لاہور تا ساہیوال سیکشن کے معائنے کے دوران اچھی کارکردگی پر ریلوے اہلکار کو کیش انعام دے رہے ہیں

ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران جامع مسجد سہیل ہاشمی گرین ٹاؤن میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں۔

ڈی آئی جی آپریشنز محمد فیصل کامران شہریوں کے مسائل اُن کی دہلیز پر حل کرنے کی راہ پر گامزن

محمد فیصل کامران نے جامع مسجد سہیل ہاشمی گرین ٹاؤن میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سنے

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) ڈی آئی جی آپریشنز لاہور محمد فیصل کامران شہریوں کے مسائل اُن کی دہلیز پر حل کرنے کی راہ پر گامزن۔ محمد فیصل کامران نے جامع مسجد سہیل ہاشمی گرین ٹاؤن میں نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل سنے۔ اہل علاقہ کی کثیر تعداد نے کھلی کچہری میں شرکت کی۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے شہریوں کی درخواستوں پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے۔ محمد فیصل کامران نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق جمعہ کے روز سو مساجد میں کھلی کچہریاں لگائی جا رہی ہیں۔ ایس ایس پی آپریشنز، ڈویژنل ایس پیز، ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز عوامی مسائل باقاعدگی سے سن اور حل کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قانون کی بالادستی اور متاثرہ شہریوں کو ہر ممکن ریلیف فراہم کرنا اولین ترجیح ہے۔ مظلوم کے ساتھ زیادتی و ناانصافی نہیں ہوگی۔ ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ مساجد میں کھلی کچہریوں کے انعقاد سے بہت سی سماجی برائیوں کے خاتمے میں مدد ملی ہے۔ کھلی کچہری کا مقصد سفارشی کلچر کا خاتمہ اور لوگوں کے مسائل اُن کی دہلیز پر حل کرنا ہے۔ محمد فیصل کامران نے مزید کہا کہ جرائم کے خاتمے کیلئے شہریوں کا تعاون انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ لاہور پولیس آپ کی حفاظت اور مدد کے لیے ہر وقت حاضر ہے۔

گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر نارووال میں یوم دفاع جوش و خروش سے منایا گیا

TEVTA
پرچم اور قوم کی سربلندی کا دن
SEPTEMBER
DEFENCE DAY
6 ستمبر

نارووال (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر نارووال میں یوم دفاع جوش و خروش سے منایا گیا اور طالب علموں نے ریلی بھی نکالی آج شہدہ کی قربانیوں کو یاد کرنے اور خراج تحسین پیش کرنے کا دن ہے۔ 1965 کی جنگ میں پاکستان کے جیالوں نے بہادری اور دلیری کا مظاہرہ کیا۔ پاکستان کے جیالوں نے دشمن کو منہ طور جواب دیا۔ اس قوم کے حوصلے نا قابل شکست ہیں جس نے اس قوم کو للکارا ہے پھر وہ پچھتایا ہے ورکشاپ مینیجر GTTC.NAROWAL

الحمراء ماڈرن آرٹ میوزیم آرٹ کے علم اور تجربات کے تبادلہ میں خاطر خواہ کامیابی حاصل کر رہا ہے

آرٹسٹ ٹاک کا باقاعدہ انعقاد نئی نسل کے آرٹسٹوں کے برائٹ فیوچر کے لئے ممد ومعاون ثابت ہو رہی ہے

لاہور (خبر نگار) اپنی نوعیت کے منفرد آرٹ میوزیم "الحمراء ماڈرن آرٹ میوزیم" میں آرٹسٹ ٹاک کا انعقاد کیا گیا۔ نشست میں نامور آرٹسٹ آر ایم نعیم نے اپنی زندگی کے فنی سفر و تجربات بارے تفصیلی گفتگو کی۔ نوجوانوں کی نہایت انہماک سے سیشن کو سنا، اپنے لئے مستقبل کے نئی راہیں تلاش کرنے میں نشست کو کارآمد قرار دیا۔ چیئرمین الحمراء رضی احمد و دیگر نامور آرٹسٹوں نے بھی آرٹسٹ ٹاک میں شرکت کی اور کہا کہ الحمراء ماڈرن آرٹ میوزیم صحیح سمت میں آگے بڑھ رہا ہے، فن کی ترقی کے لئے ہمارے اقدامات جاری رہیں گے، خوشی ہوتی ہے اتنی بڑی تعداد میں نوجوان آرٹسٹ سیشن کا حصہ بنتے ہیں۔ سیشن کو صولت اجمل نے ماڈریٹ کیا۔ آر ایم نعیم نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ اندرون سندھ کے شہر میرپور میں گزارے شب و روز فنون لطیفہ میں تجربات کا اثاثہ ہیں، مشاہداتی تجربات ہی کسی آرٹسٹ کو دوسروں سے منفرد بناتے ہیں، میرے کام کا موضوع میرا سماج ہے، پڑھنا، لکھنا، سوچنا ہی آرٹ ہے۔

الحمراء ماڈرن آرٹ میوزیم میں ''آرٹسٹ ٹاک'' میں مشہور و معروف آرٹسٹ آر ایم نعیم، اپنے فنی سفر بارے گفتگو کرتے ہوئے

نمازوں کے اوقات

صبح صادق	3:30
فجر	4:20
ظہر	1:30
عصر	5:30
مغرب	غروب آفتاب
عشاء	8:30

فقہ جعفریہ

فجر طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل، ظہرین 1:30 جبکہ مغرب غروب آفتاب کے 10 منٹ بعد

ایمرجنسی نمبرز

پولیس ایمرجنسی	15
آئی جی شکایت سیل	8787
ریلوے انکوائری	117
پی آئی اے	114

ہسپتالوں کے نمبرز

جناح ہسپتال	111-809-809
سروسز ہسپتال لاہور	99203407-25
میو ہسپتال لاہور	9921110-6
جنرل ہسپتال لاہور	99284092-8
پی آئی سی لاہور	111-786-786

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

کرپٹ سول ڈیفنس انسپیکٹنگ آفیسر زکریا رحمانی کی غیرقانونی ریفلنگ والوں کو کھلی چھٹی

ہزاروں پیٹرول وایل۔پی۔جی ریفلنگ دوکانداروں سے منتھلی لیکر خاموش، متعدد بار کرپشن انکوائری کیبعد سیالکوٹ سے ٹرانسفر کے بعد پھر واپس، میری پہنچ بہت اوپر تک ہے۔سول ڈیفنس آفیسر کی دیدہ دلیری

سیالکوٹ(بیورو رپورٹ)ڈسٹرکٹ سیالکوٹ میں انتظامیہ کی زومعنی خاموشی کے باعث ضلع سیالکوٹ کی تمام چار تحصیلوں میں کھلے عام غیر قانونی پیٹرول ڈسپنسر وایل پی جی ریفلنگ دوکانیں جہاں ہزاروں کی تعداد میں قائم ہوچکیں وہیں اس غیر قانونی دھندے کی ریگولیشن کے اداروں میں سرفہرست ادارے سول ڈیفنس سیالکوٹ کی ملی بھگت کیساتھ ایل۔پی۔جی ریفلنگ بھی دھڑلے سے جاری ہے وہیں ہزاروں کی تعداد میں غیر قانونی کیمیکل ملے پیٹرول کی فروخت بھی بلاخوف وخطر جاری ہے۔ ڈسپنسر زمافیا کے سینکڑوں کی تعداد میں مشینوں کے مالکان کے اسسٹنٹ انسپکٹنگ آفیسر سول ڈیفنس سیالکوٹ زکریا رحمانی کیساتھ مبینہ تعلقات وگٹھ جوڑ ہے۔غیر قانونی دھندے کے مافیا کیساتھ مبینہ طور پر کروڑوں کی منتھلی لیکر آپریشن نہ کرنا اور غیر قانونی دھندے کی پشت پناہی میں ملوث سرکاری آفیسر اول تو انکے خلاف آپریشن نہیں کرتا اگر کرے تو غیر قانونی پیٹرول ڈسپنسرز وایل پی جی مالکان کو اپنے جانے سے پہلے مطلع کر دیتے ہیں جو دوکانیں بند کر کے رفو چکر ہو جاتے ہیں۔بعدازاں منتھلی نہ دینے والوں کیخلاف آپریشن کرتے ہیں انکے کچھ ڈسپنسرز اٹھا کر مقدمے درج کراتے اور بعدازاں انکی ضمانتوں میں سہولت کاری کرنے اور مشینیں واپس کرنے کی ان سے بھاری رقوم لیتے ہیں۔واضح رہے اسی قسم کے کرپشن چارجز کیوجہ سے زکریا اقبال رحمانی گزشتہ دہائی سے ابتک متعدد بار سیالکوٹ سے ٹرانسفر ہوا تو کبھی سرنڈر مگر بعدازاں اپنے تعلقات و پیسے کے زور پر واپس سیالکوٹ تعینات ہوگیا۔میڈیا کی مصدقہ رپورٹ کے مطابق سیالکوٹ بھر کی چاروں تحصیلوں کے مضافات و شہر سیالکوٹ کے وسطی گنجان آباد محلوں چوراہوں اور دور دور دراز علاقوں میں سول ڈیفنس سیالکوٹ کی معاونت کیساتھ کھلے پیٹرول ڈسپنسر دوکانوں پر کیمیکل ملے پیٹرول ڈیزل کی کھلے عام فروخت جاری ہے۔ باوثوق انویسٹی گیٹیو رپورٹ کے مطابق پسرور کے شہری دیہی علاقوں،سیالکوٹ کے وسطی ومضافاتی دیہی شہری علاقوں اگوکی،بھگوال اعوان،فتح گڑھ ایجنسی روڈ،مدثر شہید روڈ تا کھروڑ،سیداں، پڑوپی آرائیاں، جموں روڈ،شفیع کا بھٹہ ڈھلورہ روڈ کوٹلی لوہاراں، ہیڈ مرالہ روڈ تا کلووال روڈ،سمبڑیال گھکی روڈ،کوٹ اللہ یار، ماجرا کلاں وکوٹھے چشتیاں،بھکھڑیوالی روڈ، بھوپالوالہ بطرف ساہووالہ روڈ ڈبلنگن، وائیں، گوجرہ، ڈسکہ روڈ و پرانی سبزی منڈی وصابوسراں وبھلووالی، ایمن آباد روڈ،کلاسوالہ صدر ڈھیکی تا اڈہ ستراہ وستراہ قصبہ، چونڈہ وسرحدی دیہات چاروہ ومضافات، کنگرہ موڑ تا سبز پیر، چوبارہ و دیگر الغرض ہزاروں کی تعداد میں پیٹرول ڈسپنسر گنجان آبادیوں ومضافاتی علاقوں میں غیر قانونی پیٹرول اور ایل پی جی کی غیر قانونی ریفلنگ سرعام کر رہے ہیں جب کبھی ریفلنگ کے دوران سلنڈر دھماکہ یا پھر موٹر سائیکل، کار یا بوتلوں میں پیٹرول بھرتے آگ لگنے سے جانی ومالی نقصان ہوتا ہے تو سیالکوٹ کی ضلعی انتظامیہ چار دن متحرک دکھائی دیتے سول ڈیفنس سیالکوٹ عملہ کو استعمال کر کے مشینیں ضبط و دوکانیں سیل و ڈیلی دیہاڑی والے چند فلر افراد گرفتار کر لیتے ہیں جبکہ سینکڑوں کی تعداد میں علی باجوہ و احسان و دیگر اس قسم کے مالدار ڈسپنسر مشین مالکان عدالتوں سے 5 ہزار کے لگ بھگ جرمانے بھر کر اپنے بندے چھڑوا لیتے ہیں جبکہ سول ڈیفنس سیالکوٹ میں ضبط پیٹرول و ایل۔پی۔جی مشینیں 15 سے 20 ہزار میں ڈیلنگ کر کے اسسٹنٹ انسپکٹنگ آفیسر زکریا اقبال سے دوبارہ لیکر پھر غیر قانونی ریفلنگ کا مکروہ دھندہ شد ومد سے شروع کر کے انتظامیہ کا منہ چڑارہے ہوتے ہیں۔واضح رہے زکریا اقبال کرپشن کیسیز کی وجہ سے دو بار سرنڈر ہو چکا، پھر نارووال ٹرانسفر ہوا اس کے بعد دوبارہ اپنے پیسے و سیاسی تعلقات کی بنیاد پر سول ڈیفنس سیالکوٹ تعینات ہو کر غیر قانونی پیٹرول، ایل۔پی۔جی ریفلنگ دوکانوں سے وہی روایتی انداز میں منتھلی و پنڈری رشوت وصولی کر کے شہریوں کے جان و مال کیلئے مہلک ایسے مکروہ دھندے کو بڑھاوا دیتا ہے اور کرپشن کی کمائی سے اپنے اثاثہ جات میں مسلسل اضافہ کرتا ہے۔واضح رہے سیالکوٹ میں میڈیا پر اس دھندے بارے خبروں کی اشاعت کے بعد ضلعی انتظامیہ نے سابقہ ڈسٹرکٹ آفیسر سول ڈیفنس سیالکوٹ و اسسٹنٹ انسپکٹنگ آفیسر زکریا اقبال کیخلاف انکوائری کرنے کی بجائے سی۔ڈی۔او کی ٹرانسفر کروادی جبکہ اسسٹنٹ انسپکٹنگ آفیسر زکریا رحمانی کو مہینے سے زائد چھٹی بھیج کر میڈیا پر برننگ ایشو کے ٹھنڈا ہونے پر دوبارہ زکریا اقبال اپنی پوسٹ پر سیالکوٹ آچکا ہے۔ زکریا اقبال رحمانی کے کرپشن چارجز کے کوائف بھی ضلعی انتظامیہ سے لیکر انکوائری کیجانی انتہائی ضروری ہے اور نیشنل اکاؤنٹیبلٹی بیورو سے بھی متذکرہ بالا اسسٹنٹ انسپکٹنگ آفیسر سول ڈیفنس سیالکوٹ زکریا اقبال رحمانی کے نوکری میں آنے سے بعدازاں اب تک کے اثاثہ جات بارے انکوائری کی استدعا ہے کیسے اس شخص نے سول ڈیفنس نوکری کے دوران کرپشن کرتے ہوئے گاڑیاں و کروڑوں کی جائیداد بنائی۔دوسری جانب سیالکوٹ کی وکلا برادری وسول سوسائٹی سمیت مختلف شہری حلقوں کا وزیراعلیٰ پنجاب، چیف جسٹس آف لاہور ہائیکورٹ و متعلقہ حکام سے مطالبہ ہے کہ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ سے اس بارے رپورٹ طلبی کی بجائے شہریوں کی جان ومال کے دشمن ضلع سیالکوٹ میں غیر قانونی ریفلنگ جیسے مکروہ دھندے کیخلاف کریک ڈاؤن کرتے ہوئے اس غیر قانونی کاروبار میں ملوث سول ڈیفنس و دیگر اداروں کے سہولت کاروں کے اثاثہ جات انکی سیلری کی مد میں چیکنگ کر کے زائد اثاثہ جات و منی ٹریل میچ نہ ہونے پر بھرپور محکمانہ تادیبی قانونی کاروائی عمل میں لائی جائے۔

6 ستمبر کے شہداء کی عظمت کو سلام، محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ

شہداء کا خون ملکی بقاء وسلامتی کا ضامن ہے،صدر ماڈل ٹاؤن سوسائٹی

سیالکوٹ(بیورو رپورٹ)فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ 6 ستمبر کے شہیدوں کی عظمت کو سلام پیش کرتے ہیں شہداء کی قربانیاں پوری پاکستانی قوم کیلئے مشعل راہ ہیں۔ستمبر کا مہینہ ہمیں دفاع پاکستان کے لئے جانیں قربان کرنے والوں کی یاد دلاتا ہے پاکستان پر جب بھی جنگ مسلط کی گئی تو پاکستان کی افواج نے بہادری سے مقابلہ کیا، 6 ستمبر کا دن جنگ کے شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کا دن ہے جنہوں نے ملک وقوم کی بقاء اور سلامتی کے لئے اپنے قیمتی جانوں کے نذرانے پیش کئے۔محمد خالد وسیم نے مزید کہا کہ 6 ستمبر کا دن ان بہادروں کو سلام عقیدت پیش کرنے کا دن ہے جنہوں نے وطن کی مٹی میں اپنا خون شامل کر کے اسے ہمیشہ کیلئے امر کر دیا۔آج جب ہم اپنے گھروں میں بے فکری سے آرام کر رہے ہوتے ہیں تو بارڈر پر کھڑے پاک فوج کے جوان ہے ہماری حفاظت کر رہے ہوتے ہیں جس پر قوم اپنے افواج کے مشکور ہیں جنہوں نے ہر محاذ پر حفاظتی اقدامات کو اولین ترجیح دی پوری قوم افواج پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے

شکرگڑھ: محکمہ اینٹی کرپشن کی کاروائی، پولیس اہلکار رشوت لیتے رنگے ہاتھوں گرفتار

میڈیا کے توسط سے میرا یہ پیغام ضلع نارووال تمام شہریوں کے لیے ہے کہ اگر آپ سے کوئی بھی کسی محکمے میں رشوت طلب کی جائے تو آپ نشاندہی کریں، رانا مبشر علی (سرکل آفیسر اینٹی کرپشن)

شکرگڑھ:ملزم محمود علی اے ایس آئی کو رشوت لیتے ہوئے رنگے ہاتھوں محکمہ اینٹی کرپشن کی جانب سے گرفتار کیا جا چکا ہے، مذکورہ اے ایس آئی نے شہری سے مقدمہ ختم کرنے کیلئے رشوت طلب کی تھی جس میں سے ایک لاکھ 40 ہزار لے چکا تھا اور 10 ہزار مزید طلب کی تھی

شکرگڑھ(نامہ نگار)محکمہ اینٹی کرپشن کی جانب سے عوامی شکایات پر ٹریپ آپریشن۔اے ایس آئی رشوت لیتے ہوئے موقع پر گرفتار پرچہ درج قانونی کاروائی شروع۔تفصیلات کے مطابق ڈائریکٹر جنرل اینٹی کرپشن سہیل ظفر چٹھہ ریجنل ڈائریکٹر کی خصوصی ہدایات پر سرکل آفیسر اینٹی کرپشن رانا مبشر علی نے ریڈنگ ٹیم عدنان اکرم۔شبیر ستار ڈوگر۔سید سجاد حیدر۔ فریاد علی اور جوڈیشل مجسٹریٹ جج نارووال مجاہد کریم کی نگرانی میں ریڈ کی۔اور دوران ریڈ ملزم محمود علی اے ایس ائی نارووال تھانہ صدر رشوت لیتے ہوئے گرفتار کیا۔ملزم محمود علی اے ایس ائی نے شہری شاہد جاوید کا مقدمہ ختم کرنے کے لیے ایک لاکھ 40 ہزار پہلے لے چکا تھا۔مقدمہ ختم کرنے کے لئے دوبارہ اور مزید 10 ہزار رشوت کی طلب کر رہا تھا۔محمود علی اے ایس ائی کو شاہد جاوید سے 10 ہزار رشوت لیتے ہوئے رنگ ہاتھوں گرفتار کر لیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سرکل آفیسر اینٹی کرپشن رانا مبشر علی نے کہا کہ میڈیا کے توسط سے میرا یہ پیغام ضلع نارووال تمام شہریوں کے لیے ہے کہ اگر آپ سے کوئی بھی کسی محکمے میں رشوت طلب کی جائے تو آپ نشاندہی کریں ہم انشاءاللہ کاروائی کریں گے۔ جب تک ضلع نارووال میں میری تعیناتی ہے نارووال میں آپ کوئی کسی سے کام کے عوض رشوت طلب نہیں کرے گا۔میرے آفس کے دروازے تمام شہریوں کے لیے ہر ٹائم کھلے ہیں۔

تبدیلی ہلال استقلال کی مرکزی تقریب جناح ہال میں منعقد

پاک فوج، چناب رینجرز، پنجاب پولیس، ضلعی افسران، رکن اسمبلی نے رسم ادا کی

سیالکوٹ(بیورو رپورٹ)سیالکوٹ 6 ستمبر 2024 ڈسٹرکٹ ایڈمنسٹریشن سیالکوٹ کے زیراہتمام یوم دفاع پاکستان کے سلسلہ میں تبدیلی ہلال استقلال کی مرکزی تقریب جناح ہال برقلعہ منعقد ہوئی پاک فوج، چناب رینجرز، پنجاب پولیس، ضلعی افسران و رکن صوبائی اسمبلی نے تبدیلی ہلال استقلال کی رسم ادا کی۔تفصیلات کے مطابق یوم دفاع پاکستان کے سلسلہ میں تبدیلی ہلال استقلال کی مرکزی تقریب میں مہمان خصوصی اسٹیشن کمانڈر بریگیڈیئر اویس توقیر، سیکٹر کمانڈر چناب رینجرز بریگیڈیئر زبیر عبداللہ خان نیازی، ڈپٹی کمشنر محمد ذوالقرنین، ڈی پی او رانا عمر فاروق اور رکن صوبائی اسمبلی چوہدری فیصل اکرام نے تبدیلی ہلال استقلال کی رسم انجام دی۔

بہاولپور: "اپنی چھت اپنا گھر"
پروگرام کی قرعہ اندازی کے پہلے
مرحلہ کا انعقاد

بہاولپور(بیورو رپورٹ)وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر کم آمدن والے خاندانوں کے لیے شروع کئے گئے ہاؤسنگ پراجیکٹ "اپنی چھت اپنا گھر" پروگرام کی قرعہ اندازی کے پہلے مرحلہ کا انعقاد پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ لاہور کے زیراہتمام کیا گیا۔اس قرعہ اندازی میں ڈائریکٹر جنرل پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ سیف انور جپہ اور متعلقہ اضلاع کے ڈپٹی کمشنرز ویڈیو لنک کے ذریعے شریک ہوئے۔بہاول پور ضلع کے کم آمدنی والے افراد کی قرعہ اندازی کے امور انجام دینے کے لئے ڈپٹی کمشنر بہاول پور ظہیر انور جپہ نے بھی کمشنر آفس بہاول پور کے کانفرنس روم میں بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔اس موقع پر ڈائریکٹر پنجاب ہاؤسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ شفیق الرحمن، سسٹم نیٹ ورک ایڈمنسٹریٹر محمد عظیم ذیشان اور دیگر متعلقہ افسران موجود تھے۔تفصیلات کے مطابق "اپنی چھت اپنا گھر" پروگرام کے پہلے مرحلہ میں بہاول پور ضلع کے 4487 اہل افراد میں سے 192 افراد بذریعہ قرعہ اندازی کامیاب ہوئے

ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل کے زیر اہتمام ماہانہ طبی کیمپ

کیمپ کے دوران معروف حکیم نذیر احمد نے مریضوں کا چیک اپ کیا

چنیوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل کے زیر اہتمام ماہانہ طبی کیمپ لگایا گیا کیمپ کا افتتاح صدر ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل چنیوٹ شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ نے کیا اس موقع پر جنرل سیکرٹری ڈاکٹر خالد یاسین انجمن شہریان رجسٹرڈ چنیوٹ کے صدر رضوان الحق چوہان، شورش آزاد ایڈووکیٹ، سینئر صحافی پیرزادہ اقبال حسین، شیخ جہانگیر احمد چنیوٹی سمیت دیگر معززین نے شرکت کی کیمپ کے دوران معروف حکیم نذیر احمد نے مریضوں کا چیک اپ کیا اور ان کو مفت ادویات دیں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ نے کہا کہ دکھی انسانیت کی خدمت کرنا عین عبادت ہے ہمارے ادارے کی طرف سے ہر ماہ کے پہلے جمعہ کو طبی کیمپ لگایا جاتا ہے۔جس میں مفت چیک اپ اور ادویات دی جاتی ہیں ہمیں بے سہارا لوگوں کا سہارا بننا چاہیے علاوہ ازیں 6 ستمبر یوم دفاع کے حوالے سے بھی ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل کے آفس میں تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں شہدا کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا۔

خانپورہ ویلفیئر سوسائٹی اور حسان نعت کونسل کے زیر اہتمام سالانہ عظیم الشان آمد مصطفےٰ ﷺ ریلی

حافظ آباد(نمائندہ خصوصی) خانپورہ ویلفیئر سوسائٹی اور حسان نعت کونسل کے زیر اہتمام سالانہ عظیم الشان آمد مصطفےٰ ﷺ موٹر سائیکل ریلی ریلوے پھاٹک بڑے قبرستان والے کے قریب سے نکالی گئی جو شہر کی مختلف شاہراؤں سے ہوتے ہوئے فوارہ چوک پر اختتام پزیر ہوئی ریلی کی قیادت مولانا رانا محمد عثمان اصغر چشتی، سابق کونسلر محمد امین انصاری، سعید انجم ایڈووکیٹ اور علماء اہلسنت نے کی ریلی میں سینکڑوں کی تعداد میں موٹر سائیکل سواروں نے شرکت کی جو حضور نبی کریم ﷺ کی نعلین مبارک کے عکس کے سبز پرچم اٹھائے ہوئے تھے اور آمد مصطفےٰ ﷺ مرحبا مرحبا کے نعرے لگا رہے تھے۔اس موقع پر علماء نے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ حضور نبی کریم ﷺ کی ولادت کے مہینے کو دھوم دھام سے منانا ایک عبادت ہے۔

6 ستمبر کا دن ہماری قومی تاریخ کا وہ
سنہرا باب ہے، علامہ غلام اکبر ساقی



فیصل آباد(بیورو رپورٹ) سربراہ جمعیت اسلامیہ اور عالمی سطح پر معروف مذہبی اسکالر علامہ غلام اکبر ساقی نے یوم دفاع کے موقع پر اپنے اخباری بیان میں کہا کہ 6 ستمبر کا دن ہماری قومی تاریخ کا وہ سنہرا باب ہے جس میں ہمارے بہادر فوجی جوانوں نے وطن کی حرمت اور سلامتی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔یوم دفاع ہمیں ان عظیم قربانیوں کی یاد دلاتا ہے جو ہمارے غازیوں اور شہداء نے پیش کیں اور ملک کی سالمیت کو یقینی بنایا۔علامہ غلام اکبر ساقی نے کہا کہ ہمارے فوجی جوان نہ صرف سرحدوں کے محافظ ہیں بلکہ ملک کی نظریاتی اور مذہبی سرحدوں کے بھی پاسبان ہیں۔

پولیس خدمت مرکز شیخوپورہ کی گزشتہ ماہ کی کارکردگی رپورٹ سامنے آگئی

شیخوپورہ(بیورو رپورٹ)پولیس خدمت مرکز شیخوپورہ کی گزشتہ ماہ کی کارکردگی رپورٹ سامنے آگئی ہے جس میں بتایا گیا ہے کہ انچارج پولیس خدمت مرکز اے ایس آئی رانا محمد سرور کی سربراہی میں حالیہ ایک ماہ میں 2708 پولیس کریکٹر سرٹیفکیٹس کا اجراء کیا گیا، 3715 جنرل پولیس تصدیق کی گئی جبکہ ایک گاڑی کے تصدیق کے عمل کو بھی مکمل کیا گیا،گمشدگی کی 438 اطلاعات پر کاروائی کی گئی، 591 میڈیکولیگل سرٹیفکیٹس جاری کئے گئے،148 افراد کو مختلف مقدمات کی ایف آئی آر جاری کی گئیں، کرایہ داری کے 109 معاہدے رجسٹرڈ کئے گئے،ایک ملازم کی رجسٹریشن کا عمل انجام دیا گیا۔

ٹریفک کے دو مختلف حادثات کے
نتیجے میں تین افراد موقع پر جاں بحق

اوکاڑہ(راؤ اکرام ربانی/قوت) ٹریفک کے دو مختلف حادثات کے نتیجے میں تین افراد موقع پر جاں بحق جبکہ بائیس افراد شدید زخمی ہو گئے۔تفصیلات کے مطابق ضلع پاکپتن کے رہائشی ارسلان، انور، اسد اور علی رضا اپنی دو موٹر سائیکلوں پر سوار ہو کر اوکاڑہ آ رہے تھے کہ اچانک راستے میں جی ٹی روڈ اوکاڑہ کینٹ کے قریب ٹرالر کے ساتھ ٹکرا گئے جس کے نتیجے میں ارسلان اور انور موقع پر جاں بحق جبکہ اسد اور علی رضا شدید زخمی ہو گئے۔دوسرے واقعہ میں نجی فیکٹری کی ویگن ملازمین کو لے کر جا رہی تھی کہ اچانک اوکاڑہ بائی پاس کے قریب ٹرالر سے ٹکرا گئی جس کے نتیجے میں ساہیوال کا رہائشی ملازم سلطان موقع پر جاں بحق جبکہ 20 ملازمین شدید زخمی ہو گئے۔

ڈی پی او اور ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی زیر قیادت یوم دفاع ریلی

تمام اداروں کے سربراہان، سول سوسائٹی، میڈیا نمائندگان اور طلباء کی کثیر تعداد میں شرکت

جھنگ: ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی اور ڈی سی محمد عمیر یوم دفاع کے موقع پر منعقدہ ریلی کی قیادت کر رہے ہیں۔

جھنگ(بیورو رپورٹ) یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی اور ڈپٹی کمشنر محمد عمیر کی زیر قیادت یوم دفاع کے موقع پر ریلی کا انعقاد کیا گیا جس میں تمام اداروں کے سربراہان، سول سوسائٹی، میڈیا نمائندگان اور طلباء کی کثیر تعداد نے شرکت کی ریلی کے شرکاء نے ملکی سالمیت و استحکام کیلئے دعائیں کیں اور بھرپور نعرے لگائے ریلی سے خطاب کرتے ہوئے ڈی پی او کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی نے کہا کہ قابل فخر قومی دن بھرپور جوش و جذبے کیساتھ منایا جا رہا ہے۔ دفاع پاکستان کے حوالے سے جرات اور بہادری کی داستانوں کو ہرگز فراموش نہیں کیا جا سکتا۔پوری قوم اپنے شہداء اور بہادر سپوتوں کو خراج عقیدت پیش کر رہی ہے۔آج کے دن عالمی سطح پر پاک فوج نے اپنی بہادری اور پیشہ ورانہ مہارت کا لوہا منوایا۔ ڈی پی او کا مزید کہنا تھا کہ وطن کے دفاع میں جان کا نذرانہ پیش کرنے والے شہداء کی لازوال قربانیوں پر انہیں خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ہم سب نے مل کر نا صرف ملک کی سالمیت کو یقینی بنانا ہے بلکہ امن واستحکام کے قیام میں بھی کلیدی کردار ادا کرنا ہے

دفاع پاکستان کی بنیاد دفاع ختم نبوت ہے، حافظ محمد عباس صمدانی

شیخوپورہ(بیورو رپورٹ)نوجوان عالم دین قاری القرآن صاحبزادہ حافظ محمد عباس صمدانی شیخوپوری نے کہا ہے کہ دفاع پاکستان کی بنیاد دفاع ختم نبوت ہے عقیدہ ختم نبوت کوئی قانونی وآئینی مسلمہ نہیں بلکہ یہ ایمانی مسئلہ ہے اس پر کسی قسم کی بحث ووضاحت کی کوئی ضرورت نہ ہے، پاکستان کلمہ طیبہ کی بنیاد پر حاصل کیا گیا اس کی بقاء وسلامتی اور ترقی وخوشحالی اور کلمہ طیبہ کے نفاذ میں ہی مضمر ہے عقیدہ تحفظ ختم نبوت کا دفاع بیانات سے نہیں بلکہ تن من دھن قربان کرنے سے ہی ممکن ہو سکتا ہے کیونکہ نبی کریم ﷺ کے صحابہ کرام نے بھی ختم نبوت کے دفاع کیلئے جام شہادت نوش کیا جو آج کے مسلمانوں کیلئے مشعل راہ ہے قادیانی ایک فتنہ وفساد اور مسلمانوں کو انتشار وافتراق میں مبتلا کرنے کی بہت بڑی غیر ملکی سازش ہے ان کا محاسبہ وقت کی اہم ضرورت ہے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے یوم تحفظ ختم نبوت کی گولڈن جوبلی کے حوالے سے مرکز جامع مسجد مقدس اہلحدیث مسلم گنج میں خطبہ جمعہ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

زین علی قریشی کی قابلیت پر فخر ہے، ایس۔اینڈ اے ایسوسی ایٹس

قانون کی حکمرانی کیلئے انکی لازوال خدمات ہیں۔ملک شہباز احمد

سیالکوٹ(بیورو رپورٹ)معروف ماہر قانون زین علی قریشی کی اپنے موکل خلیل الرحمن قمر ہنی ٹریپ کیس کی ملزمہ کی لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت کیجانب سے درخواست ضمانت مسترد ہونے پر سینیئر وکیل رہنما ملک شہباز احمد و شرکاء کا زبردست خیر مقدم۔ہنی ٹریپ کیس میں آمنہ عروج و شریک ملزمان کو درخواست ضمانت لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے معروف قانون دان زین علی قریشی و مدثر چوہدری ایڈووکیٹس کے مضبوط دلائل پر مسترد کرتے ہوئے جیل بھیجنے کے آرڈر کر دیے۔خلیل الرحمن قمر کیجانب سے زین علی قریشی و چوہدری مدثر ایڈووکیٹس پیش ہوئے۔ملک کے معروف ڈرامہ نگار و سٹوری رائیٹر خلیل الرحمن قمر کو ہنی ٹریپ کے زریعہ اغوا کرنے اور بلیک میلنگ وتشدد کا نشانہ بنانے والے کیس میں گرفتار مرکزی ملزمہ آمنہ عروج کی درخواست ضمانت لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت نے مسترد کردی۔خلیل الرحمن قمر کیجانب سے مایہ ناز قابل وکیل زین علی قریشی اور مدثر چوہدری پیش ہونے جن کے مضبوط دلائل کی بنیاد پر فاضل جج انسداد دہشت گردی عدالت لاہور ارشد جاوید نے آمنہ عروج کی درخواست ضمانت مسترد کرتے ہوئے جیل بھیجنے کا حکم نامہ سنایا۔معروف ماہر قانون زین علی قریشی نے اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہمارے موکل ایک سلیبرٹی کیساتھ ایک انسان دوست شخصیت ہیں ملزمہ اور اسکے ساتھیوں نے خلیل الرحمن قمر کی ساکھ اور انکی نیک نامی کو خراب کرنے کیلئے باقاعدہ منصوبہ بندی کے تحت ان کیساتھ یہ گھناؤنا کھیل کھیلا لیکن آج اللہ کے فضل سے ہم نے اپنے موکل کی بیگناہی اور ملزمان کی جانب سے ہنی ٹریپ کا بھانڈا بھری عدالت میں مضبوط دلائل کیساتھ انسداد دہشت گردی عدالت میں کھول کے رکھ دیا۔

کھاد کی مہنگے داموں فروخت ہو رہی ہے
کوئی پوچھنے والا نہیں، راؤ یامین نہراوالہ

دیپالپور(زاہد عمران جنجوعہ قوت)دیپالپور کا نواحی گاؤں 56/اے ڈی میں بھٹی کریانہ سٹور کے مالک محمد شفیع قوم بھٹی لوگوں کو کھاد مہنگے داموں سیل کر رہے ہیں ایک سونا یوریا بوری کی قیمت مارکیٹ سے تقریباً پانچ سو روپے مہنگی سیل کر رہے ہیں ایک ڈی پی کھاد کی بوری مارکیٹ سے ہزار روپے مہنگی سیل کر رہے ہیں کوئی پوچھنے والا نہیں ہیں تفصیل کے مطابق راؤ یامین نہراوالہ نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ میں نے کھاد خریدنے کے لیے گاؤں 56/اے ڈی میں محمد شفیع قوم بھٹی کی دوکان پر کھاد خریدنے گیا کھاد کا ریٹ پوچھا تو مارکیٹ سے تقریباً ایک ہزار روپے مہنگی سیل کر رہے تھے میں نے کہا آپ مہنگے ریٹ پر سیل کر رہے ہو محمد شفیع نے کہا جو کرنا ہے کر لو اور مجھے دھمکیاں دینی شروع کر دی ہم اپنے مرضی سے جو ریٹ اپ کو بولا ہے اپ نے خریدنی ہے تو خریدو نہیں تو یہاں سے جائیں آپ اوپر سے مجھے دھمکیاں دینے لگے کسان جائے تو کہاں جائے کرپٹ مافیا مہنگے داموں کھاد سیل کر رہے ہیں ہمارے ادارے سو رہے ہیں کوئی چیک کرنے والا نہیں ہے کرپٹ مافیا کو کون لگام ڈالا گا کسان پہلے بجلی کے بھاری بھاری بل پے کر رہے ہیں اوپر سے کرپٹ مافیا مہنگے داموں کھادیں اور سپرے سیل کر رہے ہیں کوئی چیک کرنے والا نہیں ہے ہماری وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اپیل ہے کہ فوراً نوٹس لیا جائے

مرکزی انجمن تاجران کے زیر اہتمام نیوغلہ منڈی شیخوپورہ میں دفاع پاکستان تقریب کا اہتمام

شیخوپورہ(بیورو رپورٹ)مرکزی انجمن تاجران کے زیر اہتمام نیوغلہ منڈی شیخوپورہ میں دفاع پاکستان کے حوالے سے تقریب منعقد ہوئی جس کی صدارت مرکزی انجمن تاجران کے صدر و انجمن آڑھتیاں غلہ منڈی کے چیئرمین امجد نذیر بٹ نے کی، اس موقع پر سابق ایم پی اے حاجی محمد نواز، نواز لیگ کے سابق جنرل سیکرٹری شیخ کاشف عارف، نواز لیگ کے سینئر رہنما چوہدری شہباز چھینہ، جے یو آئی (ف) کے تحصیل امیر حافظ عبدالروف بٹ، مرکزی انجمن تاجران کے جنرل سیکرٹری رانا اجمل شہزاد، چوہدری محمد ایوب، ندیم صفدر، غلام مرتضی قریشی، محسن نصیر بھٹی، رانا محمد افضل، رانا محمد عدیل، محمد عامر خان، سید حمزہ سجاد شاہ ایڈووکیٹ، رانا محمد اکرم، حاجی محمد الیاس، تبلیغی جماعت کے رہنما فاروق انور بٹ، سابق صدر پریس کلب مبشر حسن بٹ، نوید شہزاد، شیخ خرم علی و دیگر نے شرکت کی۔اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے امجد نذیر بٹ نے کہا کہ پاکستان کا دفاع مضبوط اور محفوظ ہاتھوں میں ہے۔

ختم نبوت کانفرنس مینار پاکستان کے حوالے سے اجلاس کا انعقاد

جمعیت علماء اسلام تحصیل عاملہ کا اجلاس زیر صدارت تحصیل امیر حضرت مولانا شاہد محمود نے کی

دیپالپور(تحصیل رپورٹر) جمعیت علمائے اسلام تحصیل دیپالپور کا اجلاس زیر صدارت مولانا شاہد محمود منعقد ہوا،، سات ستمبر دو ہزار چوبیس کو یوم الفتح گولڈن جوبلی کے طور پر منانے اور ختم نبوت کانفرنس مینار پاکستان کے لیے تحصیل بھر سے قافلوں کے جانے کے بارے، جمعیت علماء اسلام تحصیل عاملہ کا اجلاس زیر صدارت تحصیل امیر حضرت مولانا شاہد محمود جامعہ انوریہ محمودیہ ماڈل ٹاؤن دیپالپور میں منعقد ہوا جس میں تحصیل بھر سے جمعیت علماء اسلام کے عہدے داران شریک ہوئے اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے تحصیل امیر نے کہا کہ سات ستمبر انیس سو چوہتر کو پاکستان کی آئین ساز اسمبلی نے متفقہ طور پر قادیانیوں کو غیر مسلم قرار دیا اس عظیم معرکہ کو جیتے ہوئے آج پچاس سال مکمل ہو چکے ہیں اکابرین امت کے فیصلے کے مطابق سات ستمبر مینار پاکستان لاہور کے گراؤنڈ میں پچاس سالہ گولڈن جوبلی تحفظ ختم نبوت کانفرنس کا انعقاد کیا گیا ہے۔

شہداء قوم کا فخر ہیں۔ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین

چونڈہ بھارتی ٹینکوں کا قبرستان ہے۔محمد اقبال سنکھیڑہ

سیالکوٹ(بیورو رپورٹ)ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ محمد ذوالقرنین کی ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو محمد اقبال سنکھیڑہ، چیف آفیسر ضلع کونسل سیالکوٹ فدا افتخار میر، چیف میونسپل کارپوریشن آفیسر سیالکوٹ محمد افضل ملک کے ہمراہ چونڈہ یادگار شہداء پر حاضری دی۔اس موقع پر 6 ستمبر 1965 کے شہداء کی قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھائی گئیں۔اپنے میڈیا پیغام میں ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ نے کہا کہ وطن عزیز کی داخلی و خارجی سرحدوں کے محافظ مسلح افواج پاکستان وسیکیورٹی فورسز شہداء ہمارے ماتھے کا جھومر اور ہمارے غازی ہمارا وقار ہیں۔ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل ریونیو سیالکوٹ محمد اقبال سنکھیڑہ نے کہا کہ یوم دفاع پاکستان ہر پاکستانی کیلئے ایک لاجواب دن ہے کہ جس دن 600 بھارتی ٹینکوں کے بڑے حملے کو افواج پاکستان نے چونڈہ کے مقام پر انہیں تباہ و برباد کر کے سرزمین چونڈہ کو بھارتی ٹینکوں کا قبرستان بنا دیا۔

تحریک منہاج القرآن کے زیر اہتمام استقبال ربیع الاول کے سلسلہ میں مشعل بردار جلوس نکالا گیا

حافظ آباد(نمائندہ خصوصی)تحریک منہاج القرآن کے زیر اہتمام استقبال ربیع الاول کے سلسلہ میں مشعل بردار جلوس نکالا گیا۔جلوس کی قیادت ملک محمد سلطان سرپرست عوامی تحریک، سیٹھ محمد ایوب رحمانی، پروفیسر محمد اکرم چشتی، مفتی غلام مصطفےٰ سلطانی، صاحبزادہ سید سجاد حیدر، منیر حسین چشتی، حافظ تنویر ساجد، حاجی صابر حسین گجر، طارق محمود انجم نوشاہی اور حاجی شفاقت نے کی۔جلوس شہر کی مختلف شاہراؤں سے ہوتا ہوا فوارہ چوک پر درود وسلام کے ساتھ اختتام پزیر ہوا۔شہریوں نے جگہ جگہ شرکاء پر پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں اور مٹھائیاں تقسیم کیں۔شرکاء جلوس مدنی ﷺ کی آمد مکی کی آمد ﷺ مرحبا مرحبا کے نعرے لگا رہے تھے۔

اسسٹنٹ کمشنر شرقپور شریف توصیف حسن کی زیر قیادت ریلی نکالی گئی

ریلی میں سرکاری ملازمین، صحافی برادری، سول سوسائٹی، اساتذہ اور طلبہ نے شرکت کی

شرقپور شریف(نامہ نگار)شرقپور شریف میں یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اسسٹنٹ کمشنر شرقپور شریف توصیف حسن کی زیر قیادت ریلی نکالی گئی ریلی میں سرکاری ملازمین صحافی برادری، سول سوسائٹی، اساتذہ اور طلبہ نے شرکت کی مسلم لیگ ن کے رہنما حکیم سلیم اللہ ،ہارون شہید پائلٹ سیکنڈری سکول شرقپور شریف کے پرنسپل سرفراز صاحب، سینٹری انسپکٹر ملک تاجدین، ملک انور و دیگر میونسپل کمیٹی کے ملازمین بھی اس ریلی میں شریک ہوئے ریلی کے شرکاء نے پاکستانی پرچم اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جس پر پاکستان سے محبت اور پاکستان زندہ باد کے نعرے درج تھے، قومی ترانے اور ملی نغمے کے ساتھ گونجتی ہوئی بڑا اڈا ریاں سے شروع ہو کر مظفر علی پارک پہنچ کر اختتام پذیر ہوئی۔ریلی کے اختتام پر ملک انور نے ملکی سلامتی اور ترقی کے لئے خصوصی دعا فرمائی۔آخر میں اسسٹنٹ کمشنر توصیف حسن نے دیگر معززین علاقہ کے ہمراہ پودہ بھی لگایا۔

06 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے
موقع پر ضلع انتظامیہ کے زیر انتظام
پروقار تقریب کا انعقاد

چنیوٹ(ڈسٹرکٹ رپورٹر) 06 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ضلع انتظامیہ کے زیر انتظام پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔تقریب میں ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر چنیوٹ عبداللہ احمد، قائم مقام ڈپٹی کمشنر رانا محمد عمر، ڈی ایس پی سرکل سٹی، دیگر افسران طلباء، سول سوسائٹی نے شرکت کی۔1965 کی جنگ میں شہید ہونے والے فوجی جوانوں کی فیملیز کو بطور مہمان خصوصی سٹیج پر بٹھایا گیا۔طلباء نے یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے ملی نغمے، ٹیبلو پیش کئے۔ڈی پی او عبداللہ احمد، قائم مقام ڈی سی رانا محمد عمر و دیگر شرکاء نے شہدائے پاکستان، غازیوں کو خراج تحسین پیش کیا۔

ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ضلع کونسل ہال میں یوم دفاع کی تقریب

ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو، ممبران پنجاب اسمبلی، ضلعی محکموں کے افسران کی شرکت

ننکانہ صاحب(چوہدری محمد عرفان گجر)ننکانہ صاحب میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ضلع کونسل ہال میں یوم دفاع کی مرکزی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو، ممبران پنجاب اسمبلی مہر کاشف رنگ الہی پڈھیار، آغا علی حیدر خان، سی ای او محکمہ تعلیم، دیگر ضلعی محکموں کے افسران، اساتذہ، طلباء، سرجیت سنگھ کنول، کرسچن کمیونٹی سمیت علماء کرام کی بڑی تعداد تقریب میں موجود تھی۔طلباء نے تقاریر اور ملی نغموں کے ذریعے وطن سے محبت اور شہداء کو سلام پیش کیا، سکولوں کے بچوں نے تقاریر اور ملی نغموں سے 1965 کے معرکہ میں افواج پاکستان کی بہادری اور جاں نثاری کی عکاسی کی۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 6 ستمبر کا دن ہمارے بہادر جوانوں کی عزم وہمت کی داستانوں سے رقم ہے، پاک فوج کے جوانوں اور افسروں نے جس طرح ارض وطن کی حفاظت کے لئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا وہ قابل ستائش اور ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔

انجمن راجپوتاں ضلع شیخوپورہ کا ماہانہ اجلاس سرپرست رانا وزیر علی ایڈووکیٹ کے چیمبر واقع ضلع کچہری شیخوپورہ میں اجلاس

اجلاس کی صدارت چیئرمین رانا مشتاق احمد خاں نے کی جبکہ راجپوت برادری کے بزرگ رانا محمد طفیل اور بشیر احمد چوہان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی

شیخوپورہ: انجمن راجپوتاں کے اجلاس کے موقع پر سرپرست رانا وزیر علی ایڈووکیٹ، چیئرمین رانا مشتاق احمد خاں، رانا محمد طفیل، بشیر احمد چوہان، سعادت حاجی نثار احمد، رانا محمد اشرف خاں، رانا محمد اکرم، عبدالحمید بھٹی، رانا مشتاق احمد خاں، رانا خالد حسین، رانا شاہد لطیف خاں و دیگر کا گروپ فوٹو۔

شیخوپورہ(بیورو رپورٹ)انجمن راجپوتاں ضلع شیخوپورہ کا ماہانہ اجلاس سرپرست رانا وزیر علی ایڈووکیٹ کے چیمبر واقع ضلع کچہری شیخوپورہ میں منعقد ہوا اجلاس کی صدارت چیئرمین رانا مشتاق احمد خاں نے کی جبکہ راجپوت برادری کے بزرگ رانا محمد طفیل اور بشیر احمد چوہان نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کلام پاک کی سعادت حاجی نثار احمد (چوہدری اسلحہ والے) نے حاصل کی جبکہ نعت رسول مقبول کی سعادت رانا وزیر علی ایڈووکیٹ نے حاصل کی نظامت کے فرائض ضلعی جنرل سیکرٹری پروفیسر رانا محمد اشفاق نے انجام دیئے، اجلاس میں سرپرست رانا محمد اشرف خاں، چیئرمین رانا محمد اکرم، عبدالحمید بھٹی، رانا مشتاق احمد خاں، ضلعی صدر رانا خالد حسین، نائب صدر رانا شاہد لطیف خاں، ضلعی جنرل سیکرٹری پروفیسر رانا محمد اشفاق، تحصیل صدر رانا ذوالفقار علی، ڈپٹی جنرل سیکرٹری رانا محمد سلیم اختر، رانا محمد جاوید، رانا طاہر اقبال، رانا محمد وجاہت، قاری رانا عامر بلال اور مفتی رانا عتیق انور و دیگر عہدیداران و ارکان نے شرکت کی، اجلاس میں باہمی اتفاق رائے سے طے پایا کہ راجپوت برادری کے جن بچوں اور بچیوں نے نویں جماعت اور دسویں جماعت میں اچھے نمبروں سے کامیابی حاصل کی ہے ان کی حوصلہ افزائی کیلئے انہیں نقد انعامات اور شیلڈ سے نوازا جائے اس کیلئے وہ اپنے رزلٹ کارڈ کی فوٹو کاپی 10 ستمبر تک رانا محمد اکرم چیئرمین رانا ٹریڈرز، ریلوے روڈ شیخوپورہ کو جمع کروانے کے پابند ہوں گے، راجپوت برادری کے بچوں کے لیے بک بنک قائم کیا جائے۔

سرزمین پاکستان میں عظیم شہداء کا مقدس خون شامل ہے، سرنیاز حسین

اساتذہ کو طلبہ میں جذبہ حب الوطنی پیدا کرنا چاہیے، رہنما پنجاب ٹیچرز یونین نارووال

قلعہ احمد آباد(نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد سرزمین پاکستان میں عظیم شہداء کا مقدس خون شامل ہے۔افواج پاکستان کی لازوال قربانیوں کو کبھی بھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔طلبہ کو شرپسند عناصر سے دور رہنا چاہیے اور مثبت سرگرمیوں کی طرف توجہ دینی چاہیے ان خیالات کا اظہار سرنیاز حسین انفارمیشن سیکرٹری پنجاب ٹیچرز یونین ضلع نارووال نے گورنمنٹ ہائی سکول قلعہ احمد آباد میں منعقدہ یوم دفاع پاکستان کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے کہا کہ اساتذہ کو طلبہ میں جذبہ حب الوطنی پیدا کرنا چاہیے۔اس موقع پر سکول پرنسپل عبدالمنان بٹ نے 1965 کی جنگ کے حالات و واقعات پر روشنی ڈالی جس میں طلبہ نے خوب دلچسپی لی۔وائس پرنسپل ملک رحمت علی اور اعجاز احمد نے بھی طلبہ سے خطاب کیا۔

ایڈیٹوریل DAILY QUWAT
quwateditorial786@gmail.com

نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

59واں یوم دفاع اور ملک کی سلامتی کے خلاف اندرونی و بیرونی سازشیں

اندرونی و بیرونی دشمنوں کی سازشوں میں گھرے وطن عزیز کا آج 59واں یوم دفاع ہے۔ قوم ہر سال ملی جوش و جذبے اور ملک کی بقاء و سلامتی کی خصوصی دعاؤں کے ساتھ یوم دفاع مناتی ہے اور اس سلسلے میں ہونے والی سرکاری تقریبات میں مسلح افواج کی پریڈ کے ساتھ ساتھ جدید اسلحہ اور دوسرے جنگی ساز و سامان کی نمائش کر کے دشمن پر اپنی عسکری برتری کی دھاک بٹھائی جاتی ہے۔ آج 6 ستمبر کو قوم روایتی جوش و جذبے کے علاوہ ملک کی سلامتی کے لیے فکر مندی کے گہرے احساس کے ساتھ یوم دفاع منا رہی ہے اور مختلف سرکاری اور نجی ادارے آج اس حوالے سے تقریبات کا انعقاد کر رہے ہیں۔ تاہم ملک کو درپیش سنجیدہ اقتصادی و سیاسی مسائل نے عوام کو ایک عذاب میں مبتلا کیا ہوا ہے جو ان کے وطن عزیز سے بے پایاں محبت کے جذبے کو بھی گہنا رہے ہیں۔ روایتی طور پر آج دن کا آغاز مساجد میں نماز فجر کے بعد شہدائے جنگ ستمبر کے لیے قرآن خوانی اور ملک و قوم کی سلامتی و استحکام کی خصوصی دعاؤں سے ہوگا جبکہ دفاع وطن کے لیے جانیں نچھاور کرنے والے پاک فوج کے جوانوں اور افسران کی قبور اور یادگاروں پر پھول چڑھانے کی تقاریب کا انعقاد ہوگا جن میں شہداء کے لیے فاتحہ خوانی کی جائے گی۔ اس حوالے سے آج سول و فوجی حکام، سیاسی قائدین اور عوام شہداء کی یادگار باٹا پور اور بھسین گاؤں میں حاضری دیں گے جہاں شہداء کی قبروں پر پھولوں کی چادریں چڑھائی جائیں گی۔ آج آزادی کی تڑپ سے معمور کشمیری عوام بھی مقبوضہ وادی میں یوم دفاع منا کر پاکستان اور افواج پاکستان سے محبت اور جذباتی وابستگی کا کھلا اظہار اس انداز میں کر رہے ہیں کہ انہوں نے پوری مقبوضہ وادی کو پاکستان کے چیف آف آرمی سٹاف جنرل سید عاصم منیر کے قد آدم پورٹریٹس سے سجا دیا ہے اور پاکستان کے قومی پرچم لہرا دیے ہیں جو کشمیر کو بزور بھارت میں ضم کرنے کی گھناؤنی منصوبہ بندی رکھنے والی مودی سرکار کے ان عزائم کو خاک میں ملانے کا ٹھوس جواب ہے۔ کشمیری عوام کی جانب سے لگائے گئے پوسٹروں، بینروں میں یہ پر جوش نعرے بھی درج کیے گئے ہیں کہ پاکستان اتنا طاقتور ہے کہ بھارت کو گھٹنے ٹیکنے پر مجبور کر سکتا ہے۔ کشمیری عوام بھارت کی اقلیت دشمن پالیسیوں کے خلاف مظاہرے بھی کر رہے ہیں اور اقوام متحدہ سے تقاضہ کر رہے ہیں کہ وہ اپنی قراردادوں کے مطابق مسئلہ کشمیر کے مستقل حل کے لیے عملی پیش رفت کرے۔

آج یوم دفاع کی اہمیت اہل پاکستان کے لیے اس حوالے سے بھی اجاگر ہوئی ہے کہ ہمارے شاطر و مکار دشمن بھارت کی مودی سرکار نے پانچ سال قبل 5 اگست 2019ء کو بھارتی آئین کی دفعات 370 اور 35 اے کو ختم کر کے اپنے ناجائز زیر تسلط کشمیر کو مستقل طور پر بھارتی سٹیٹ یونین کا حصہ بنایا جس کے بعد اس نے پاکستان کی سلامتی کو بھی کھلا چیلنج کرنا شروع کر دیا۔ یہ صورتحال پوری قوم کے اپنی جری و بہادر افواج کے ساتھ سیسہ پلائی دیوار بن کر کھڑے ہونے کی متقاضی ہے اور مسلح افواج نے مکمل طور پر اپنی توجہ دفاع وطن کی ذمہ داریوں پر مرکوز رکھی ہے جس کے لیے افواج پاکستان میں یکسوئی کی ضرورت ہے تاہم اس کے ساتھ ساتھ ہمیں سیاسی اور سفارتی محاذ پر بھی بین الاقوامی برادری کو ساتھ لے کر چلنے کی ضرورت ہے کیونکہ بھارت گذشتہ سال اپنے غیر قانونی زیر قبضہ جموں و کشمیر میں جی ٹوئنٹی اجلاس کرا چکا ہے اور اب وہاں مس ورلڈ مقابلے کا انعقاد بھی کرانے جا رہا ہے۔ ایسی سرگرمیوں کے ذریعے بھارت دنیا کو یہ پیغام دے رہا ہے کہ مقبوضہ وادی متنازعہ علاقہ نہیں بلکہ اس کا حصہ ہے۔ یہ صورتحال اقوام متحدہ سمیت ہر اس عالمی ادارے کے لیے چیلنج ہے جو یہ تسلیم کرتا ہے کہ جموں و کشمیر ایک متنازعہ علاقہ ہے اور اسے صرف ایک صورت میں ہی غیر متنازعہ قرار دیا جا سکتا ہے کہ اقوام متحدہ اور سلامتی کونسل کی قراردادوں کے مطابق کشمیریوں کو حق خود ارادیت دیا جائے اور پھر ان کی طرف سے جو فیصلہ ہو اسے مان لیا جائے۔

جہاں تک دفاع وطن کی بات ہے تو اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ مسلح افواج میں آرمی چیف سے سپاہی تک ہر افسر و اہلکار حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہے اور دفاع وطن کا ہر تقاضا نبھانے کی مکمل صلاحیت رکھتا ہے۔ آج ہمارا مکار دشمن بھارت جن گھناؤنی سازشوں کے تحت پاکستان کی سلامتی کے درپے ہے اس کے پیش نظر تو قوم کی جانب سے عساکر پاکستان کے حوصلے بڑھائے رکھنے کی ضرورت ہے۔ چہ جائیکہ اس قومی ادارے کے اتحاد و یکجہتی کے حوالے سے قوم کے ذہنوں میں غلط فہمیاں پیدا کرنے کی کوشش کی جائے۔ قوم کا تو ہر فرد، ہر ادارہ اور ہر شعبہ پاکستان کی سلامتی کمزور کرنے اور اقوام عالم میں اس کا تشخص خراب کرنے کی بھارتی سازشوں کو ناکام بنانے کے لیے اپنی بہترین صلاحیتیں بروئے کار لا رہا ہے جن میں قومی کھیلوں کا شعبہ بھی شامل ہے۔ گذشتہ ماہ اولمپک گیمز میں پاکستانی سپوت ارشد ندیم نے جیولن تھرو کے فائنل میں بھارتی کھلاڑی سمیت تمام کھلاڑیوں کو مات دے کر اور نیا ریکارڈ قائم کر کے ملک و ملت کی سربلندی کے قومی جذبے کو ہی اجاگر کیا ہے۔

یوم دفاع کے موقع پر قوم کی جانب سے بھارت کو یہ ٹھوس پیغام ہے کہ پاکستان کی سلامتی کی جانب اٹھنے والی اس کی میلی آنکھ پھوڑ دی جائے گی۔ قوم کا یہی جذبہ 65ء کی جنگ میں عساکر پاکستان کے شامل حال تھا جو بھارت کی جانب سے ہم پر مسلط کی گئی تھی۔ اس جنگ میں بے شک افواج پاکستان نے ہر محاذ پر دفاع وطن کے تقاضے نبھاتے ہوئے دشمن کے دانت کھٹے کیے اور کسی بھی قربانی سے دریغ نہ کرتے ہوئے مکار دشمن کی افواج کو زمینی، فضائی اور بحری محاذوں پر منہ توڑ جواب دیا اور قربانیوں کی نئی اور لازوال داستانیں رقم کیں جبکہ پوری قوم سیسہ پلائی دیوار بن کر افواج پاکستان کے شانہ بشانہ ملک کی سرحدوں کی حفاظت و پاسبانی کے تقاضے نبھاتی رہی۔ اس جنگ نے ہی قوم میں 'پاک فوج کو سلام' کا بے پایاں جذبہ پیدا کیا تھا جس کے نتیجہ میں ملک کی مسلح افواج نے اپنے سے تین گنا زیادہ دفاعی صلاحیتوں کے حامل مکار دشمن بھارت کی فوجوں کو پچھاڑ کر انھیں پسپائی پر مجبور کیا اور بھارتی لیڈران اقوام متحدہ میں جنگ بندی کی دہائی دیتے نظر آئے۔

میرا پیغمبر ﷺ عظیم تر ہے

تحریر

علامہ پیر محمد تبسم بشیر اویسی

اللہ تعالیٰ نے اپنے محبوب مکرم ﷺ کو کمال صفات سے نوازا۔ ان صفات کو اپنے تو اپنے بیگانوں نے بھی تسلیم کیا۔ اغیار اور غیر مسلم محقق نے پیش نظر بعض صفات رسول ﷺ کا تذکرہ کیا جو عاشقان رسول ﷺ کے لئے مژدۂ جانفزا ہے۔ کیونکہ غیر مسلم مصنفین و محققین کی نظر میں بھی سچ بولنے والے کیلئے مشکل ہوتا ہے کہ وہ جھوٹ بولے البتہ جھوٹے کیلئے سچ بولنا مشکل نہیں کہ اس نے اپنا کام نکالنا ہوتا ہے۔ وہ جھوٹ سے نکلے یا سچ سے میں نے اس اچھی سے عنوان کیلئے قرآن کریم سے استدلال کیا ہے سورہ المنافقون میں منافقین کے اس قول کا ذکر کیا گیا ہے منافقین نے حضور اکرم ﷺ سے عرض کی ''ہم گواہی دیتے ہیں کہ تو اللہ کا رسول ہے'' ان کی یہ بات سچی ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ حضور اکرم ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں مگر ان کے جواب میں رب قدوس نے فرمایا: ''اللہ گواہی دیتا ہے کہ منافقین جھوٹے ہیں'' ''منافقین ہیں تو جھوٹے مگر بات سچی کہہ گئے۔ جھوٹے اس لئے فرمایا گیا کہ ان کے دلوں میں یہ بات راسخ نہ تھی غیر مسلم مصنفین کی بھی یہی صورت ہے۔ تاریخ اور حالات نے انہیں سچ کہنے پر مجبور کر دیا ورنہ وہ اپنے دلوں میں حضور اکرم ﷺ سے نفرت اور بغض وافر رکھتے تھے (معاذ اللہ) بخاری شریف کی ایک حدیث مبارک سے بھی اس عنوان کی تائید ہوتی ہے۔ ایک مرتبہ حضور اکرم ﷺ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو صدقہ کی کھجوروں پر نگرانی کا حکم دیا رات ایک شخص نے کھجوریں اٹھائیں آپ نے پکڑ لیا تو اس نے منت سماجت کی اپنے کو مفلوک الحال غریب بتا کر جان بچائی۔ صبح حضرت سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بارگاہ رسالت میں حاضر ہوئے تو حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ رات کے چور کا کیا بنا۔ سارا ماجرہ سنا دیا حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ رات پھر آئے گا۔ چنانچہ وہ رات پھر آیا آپ نے پکڑ لیا چور نے کہا مجھے چھوڑ دو میں تجھے وظیفہ بتاتا ہوں وہ پڑھ کر سو جایا کرو صبح کو پھر بارگاہ نبوی میں حاضری ہوئی۔ حضور اکرم ﷺ نے پھر پوچھا کیا ہوا عرض کی حضور اس نے وظیفہ بتایا میں نے چھوڑ دیا۔ تو حضور اکرم ﷺ نے فرمایا۔ تھا تو وہ جھوٹا مگر بات سچی کر گیا اسی ضابطہ کے پیش نظر ہم چند ایک غیر مسلم مورخین کی عبارات مختلف کتابوں سے اکٹھی کر کے ہدیہ قارئین کر رہے ہیں تا کہ عاشقان رسول ﷺ کے ایمان پر مزید بہار آئے۔ یاد رہے کہ اس مضمون کو ترتیب دینے میں سیرت النبی ﷺ کی مختلف کتابوں کے ساتھ ساتھ جلوۂ جاناں سے بھی استفادہ لیا گیا ہے۔

عظیم الشان نظام: جب ہم اس زمانے پر غور کرتے ہیں جس میں پیغمبر اسلام ﷺ نے اپنی نبوت اور رسالت کا پرچم بلند کیا اور جس میں ایک ایسا کامل مجموعہ قوانین تیار کیا گیا ہے جو دنیا کی ملکی، مذہبی اور تمدنی ہدایات کیلئے کافی ہے تو ہم حیران ہوتے ہیں کہ ایسا عظیم الشان ملکی تمدنی نظام جس کی بنیاد کامل اور سچی آزادی پر ہے کس طرح قائم کیا گیا ہے پس ہم دل سے اقرار کرتے ہیں کہ اسلام ایک مجموعہ قوانین ہے جو ہر لحاظ سے بہتر ہے۔ (موسیو ادجیل کلوفل)

اسلامی تعلیمات: میں نے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی اس تعلیم کو بغور پڑھا ہے۔ جو انہوں نے خلق خدا کی خدمت اور اصلاح اخلاق کیلئے دی ہے میری رائے ہے کہ اگر غیر مسلم بھی اسلام کی ہدایات پر عمل کرے تو وہ بہت کچھ ترقی کر سکتا ہے۔ میرے خیال میں موجودہ زمانہ میں سوسائٹی کی اصلاح کا سب سے بہتر طریقہ یہی ہے کہ اسلام کی تعلیم کو رائج کیا جائے۔ (پروفیسر ہوگ جرمن)

اسلامی انقلاب: عرب کے معاشرتی اور مذہبی حالات مختصراً ایسے ہو گئے تھے عرب کا رخ بدل گیا۔ انقلاب آ گیا انقلاب بھی کیسا؟ ایسا انقلاب کہ آج تک کسی سرزمیں پر نہیں آیا۔ مکمل ترین، اچانک ترین اور سرتاپا غیر معمولی انقلاب (باسورتھ اسمتھ)

پیغمبر اسلام کی زندگی زمانہ کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر دیکھ سکتی ہے اور دنیا کی تاریخ گواہ ہے کہ وہ لوگ جو حضور اکرم ﷺ پر حملہ کرنے کے عادی ہیں۔ وہ دہری جہالت میں مبتلا ہیں حضور اکرم ﷺ کی زندگی سادگی، شجاعت اور شرافت کی تصویر تھی۔ (مسز اینی لبنٹ)

اسلام ایک مکمل ضابطہ حیات ہے: قرآن تمام امور مذہبی، تمدنی، ملکی، تجارتی، دیوانی، فوجداری، وغیرہ کا ضابطہ ہے اور ہر ایک امر پر حاوی مذہبی عبادات سے لیکر جسمانی صحت، جماعت سے لیکر حقوق افراد تک، اخلاق جرائم، دینوی، دینی سزا جزا وغیرہ تک کے عام احکام قرآن میں موجود ہیں اس میں اصول بھی ہیں جن کی بنا پر حکومت کی بنیاد پڑی اور اسی سے ملکی قوانین اخذ کیے جاتے ہیں اور روز مرہ کے مقدمات جانی اور مالی کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ قرآن ایک بے نظیر قانون ہدایت ہے۔ (جان ڈیون پورٹ)

اسلام کا پرچم: جس طرح دنیا میں اور بزرگ اپنے جلال اور بزرگی کا ایک مستحکم ستون قائم کر گئے ہیں اسی طرح محمد مصطفیٰ ﷺ بھی اپنی فضیلت کا ایسا جھنڈا کھڑا کر گئے ہیں کہ جو ہمیشہ کیلئے ان کی یادگار رہے گا یہی اسلام کا پرچم ہے جس کے نیچے اس وقت کروڑوں لوگ پناہ گزیں ہیں اور ان کے نام پر جان دینے کیلئے مستعد کھڑے ہیں (شری شرہے پرکاش)

اسلام استقامت سکھاتا ہے: اسلام کی بنیاد قرآن پر ہے جو تمدن کا جھنڈا اڑاتا ہے جو تعلیم دیتا ہے کہ انسان جو نہ جانتا ہوا سے سیکھے جو حکم دیتا ہے کہ استقلال اور استقامت عزت نفس نہایت لازمی ہیں اس کی حیات شائستگی اور تمدن کی سب سے بڑی بنیاد ہیں۔ (ڈاکٹر منلر)

اسلام نے معیار اخلاق بلند کیا: ایک معمولی عقل و سمجھ کا انسان مسلمان بھی جہاں جاتا ہے محمد (ﷺ) کی تعلیمات اس کے ساتھ ہوتی ہیں اور دوسروں پر ضرور اثر کرتی ہیں۔ صبح، دوپہر، اور شام کو اسلام کے حکم کا نعرہ اذان بلند ہوتا ہے اور وہ سر جو پہلے پتھروں اور حیوانوں کے آگے جھکا کرتے تھے اب خدائے واحد کے آگے جھکا کرتے ہیں اسلام نے بنی نوع انسان کے معیار اخلاق کو بلند کیا۔ (مسٹر جوزف تھامسن)

ان دیکھے خدا سے محبت: مسلم قوم کی ایک ناقابل فراموش خصوصیت یہ چھوڑ گئے کہ صرف ان دیکھے خدا سے محبت اور ہر معبود باطل سے نفرت۔ (لامارٹن)

عربوں کی حالت بدل دی اسلام کے ذریعہ محمد مصطفیٰ ﷺ نے دس سال کے اندر ہی عربوں کو شدید ترین نفرتوں، انتقامی جذبات لاقانونیت، عورتوں کی ذلت، سود خوری، شراب نوشی اور انسانی قربانیوں سے نجات دلائی۔ (ڈاکٹر گبن)

سراپا رحمت و شفقت: ہر چند کہ بانی اسلام کی ذات والا صفات سراپا رحمت و شفقت تھی اگر بانی اسلام کے بس میں ہوتا تو خون کا ایک قطرہ بھی نہ گرنے پاتا غرض جو لڑائیاں ہوئیں نہایت مجبوری کی حالت میں ہوئیں اس عنوان کی تائید میں تحریر اس طرح ہے پیغمبر اسلام نے ایک جنگ بھی جارحانہ نہیں کی بلکہ ہر موقعہ پر مدافعانہ لڑائی لڑنے پر آپ ﷺ کو مجبور کیا گیا۔ (سوامی برج نرائن)

وہ سچے مذہبی راہنما تھے: ممکن ہے یہ سوچا جائے کہ وہ آدمی جس نے بہت سی اور ہمیشہ قائم رہنے والی اصلاحات کیں اس کا خدائی مشن اس کے ذہن کی اختراع تھی اور کیا وہ جھوٹ کو جانتے بوجھتے نبھاتا رہا نہیں ہرگز نہیں۔ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ تو حقیقت میں سچے مذہبی روحانی احساسات کے حامل تھے جن کے سبب انہوں نے اپنے مشن کو انتہائی مستقل مزاجی بہت استقلال سے آگے بڑھا دیا اور نہ اس کے جھٹلائے جانے کی پروا کی اور نہ اس کی راہ میں مصائب کی یہ سچائی یہ حق کی معرفت انہیں ابتدا سے انتہا تک حاصل رہی۔ (ڈیون پورٹ)

ان کا مشن بے بنیاد نہ تھا: محمد ﷺ کو بلاشک و شبہ اپنے مقصد کی سچائی پر یقین تھا ان کا مشن نہ تو بے بنیاد تھا اور نہ فریب دہی اور جھوٹ پر مبنی تھا بلکہ اپنے مشن کی تبلیغ کرنے میں نہ کسی لالچ یا دھمکی کا اثر قبول کیا اور نہ زخموں کی شدتیں ان کی راہ میں رکاوٹ بن سکیں۔ (ڈیون پورٹ)

دنیا کا سب سے بڑا انسان: دنیا کا سب سے بڑا انسان وہ ہے جس نے چند برس کی مختصر مدت میں ایک نئے مذہب، ایک نئے فلسفے ایک نئی شریعت ایک نئے تمدن کی بنیاد رکھی۔ جنگ کا قانون بدل دیا اور ایک نئی قوم پیدا کی ایک نئی طویل مدت والی سلطنت قائم کر دی لیکن ان تمام کارناموں کے باوجود وہ امی اور ان پڑھ تھے وہ کون؟ محمد بن عبد اللہ عرب اور اسلام کا پیغمبر (داود مجاعص)۔۔۔ (نوٹ) امی کا معنی ان پڑھ یہ قدیمی اور جاہلانہ تصور ہے۔

عظیم عقیدے کا مالک: عظیم محض اس لئے نہیں کہ وہ ایک روحانی پیشوا تھے۔ انہوں نے عظیم ملت کو جنم دیا اور ایک عظیم سلطنت قائم فرمائی بلکہ ان سب سے بڑھ کر ایک عظیم عقیدہ کا پرچار کیا اس کے علاوہ وہ اس لئے بھی عظیم تھے کہ وہ اپنے رب سے بھی مخلص اور وفادار تھے۔ (لیونارڈ)

عظیم الشان مصلح: محمد ﷺ ان عظیم الشان مصلحین میں سے ہیں جنہوں نے قوموں کے اتحاد کی بڑی خدمت کی ہے ان کے فخر کیلئے یہ بالکل کافی ہے کہ انہوں نے وحشی انسانوں کو نور حق کی جانب ہدایت کی اور ان کو اتحاد و صلح پسندی اور پرہیز گاری کی زندگی بسر کرنے والا بنا دیا اور ان کی ترقی و تہذیب کیلئے راستے کھول دیئے اور حیرت انگیز یہ بات ہے کہ اتنا بڑا کام صرف ایک فرد واحد کی ذات سے ظہور پذیر ہوا۔ (کاؤنٹ ٹالسٹائی روسی)

توحید کا مذہب: حضرت محمد ﷺ کا پھیلایا ہوا مذہب بالکل واضح اور صاف ہے اور وہ ایک جامع مانع عقیدہ ہے جو ایک ہی کتاب یعنی قرآن پاک پر مبنی ہے وہ سختی کے ساتھ توحید کا مذہب ہے۔ (ڈاکٹر کلارک)

عظیم معمار: حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نہایت عظیم المرتبت انسان تھے وہ ایک معمار تھے۔ انہوں نے اپنے زمانہ کے حالات کے مقابلے کی فکر نہیں کی اور جو تعمیر کی وہ ہمیشہ ہمیشہ کیلئے۔ (میجر آرتھر گلسن)

وہ سچے رسول تھے: جہالت جس کا مظاہرہ اکثر و بیشتر مسیحوں کی طرف سے مسلمانوں کے مذہب کے بارے میں ہوتا رہتا ہے افسوسناک امر ہے محمد ﷺ اس وقت کی اقوام میں ایک خدا پر یقین رکھتے اور دوسرے خداوں کی نفی کرتے تھے انہوں نے دیانتداری اور دین داری اور پرہیز گاری کو کردار کا سر چشمہ قرار دیا ہر معاملہ میں عدل و توازن کی تلقین کی یہ تلقین ان کے دین کا حصہ تھی محمد ﷺ ایک روحانی قوت کے مالک تھے اور سچے رسول تھے مجھے اس میں کوئی شبہ نہیں وہ خدا کے کلام سے ہم کلام ہوتے تھے اور سرچشمہ روحانیت سے ان پر وحی اترتی تھے۔ (مسٹر لنڈے)

آپ کی زندگی کھلی کتاب ہے: یہ صحیح ہے کہ تاریخ کی روشنی میں ہم حیات مسیح کے کچھ واقعات دیکھ سکتے ہیں لیکن ان تیس سالوں سے کون پردہ اٹھائے گا جو انہوں نے نبوت سے پہلے گزارے ان کی گھریلو زندگی کے بارے میں بھلا کیا جانتے ہیں کہ مسند نبوت پر وہ بتدریج فائز ہوئے یا وحی پا کر یکدم خدائی مشن کے حامل بن گئے لیکن محمد ﷺ کے معاملے میں صورت بالکل مختلف ہے یہاں ہمارے پاس اندھیروں کی بجائے تاریخ کی روشنی ہے۔ یہاں ہر چیز دن کی روشنی میں جگمگا رہی ہے محمد ﷺ کی زندگی ہم جانتے ہیں ان کی ظاہری، ان کی پوشیدہ ان کا بچپن ان کی جوانی ان کی اٹھان ان کے تعلقات ان کی عادتیں ابتدائی حالات اور پہلی وحی نازل ہونے تک کا لمحہ۔ اب تک ایسی کوئی معقول و مستند وجہ سامنے نہیں آئی جس کی بنیاد پر اس کتاب کے خلاف کوئی شدید اعتراض کیا جائے۔ (باسورتھ اسمتھ)

عالم گیر اخوت: نبی عربی (ﷺ) اس معاشرتی اور بین الاقوامی انقلاب کے بانی ہیں جس کا سراغ اس سے قبل تاریخ میں نہیں ملتا انہوں نے ایک ایسی حکومت کی بنیاد رکھی جسے کرہ ارض پر پھیلنا تھا اور جس سے سوائے عدل اور احسان کے اور کسی قانون کو رائج نہیں ہونا تھا ان کی تعلیم تمام انسانوں کی مساوات باہمی تعاون اور عالم گیر اخوت تھی۔ (مسٹر سروجنی نائیڈو)

وہ خدا کے سچے نبی تھے: سچے رسول میں ان علامتوں کا پایا جانا ضروری ہے کہ وہ ایثار نفس اور اخلاص نیت کی جیتی جاگتی تصویر ہو اور اپنے نصب العین میں یہاں تک محو ہو کہ طرح طرح کی سختیاں جھیلے اور مصیبتیں برداشت کرنے اور ان کی اصلاح کیلئے اعلیٰ درجہ کی دانش مندانہ تدابیر سوچے اور ان تدابیر کو قوت سے عمل میں لائے تو میں نہایت عاجزی سے اس بات کے اقرار کرنے پر مجبور ہوں کہ محمد ﷺ خدا کے سچے نبی تھے اور ان پر وحی نازل ہوتی تھے۔ (ڈاکٹر جے ڈبلیو لیز)

مساوات کا پیکر: حضرت محمد ﷺ کا اخلاق وہی تھا جو ایک شریف عرب کا ہو سکتا ہے۔ آپ ﷺ امیر و غریب کی یکساں عزت کرتے تھے اور اپنے گرد و پیش لوگوں کی خدمت کا بہت خیال رکھتے تھے۔ (ماکس ڈاڈ) نوٹ: سوشلزم نہیں اسلام حقیقی مساوات کا علمبردار ہے۔

سراپا شفقت و مروت: حضرت محمد ﷺ کو جتنا ستایا گیا اتنا کسی ہادی اور پیغمبر کو نہیں ستایا گیا ایسی حالت میں کیوں نہ محمد ﷺ کی بندوں کے ساتھ شفقت اور مروت اور رحم دلی کی داد دوں جنہوں نے خود تو ظلم و ستم کے پہاڑ اپنے سر پر اٹھائے مگر اپنے ستانے والے اور دکھ دینے والوں کو اف تک نہ کہا بلکہ ان کے حق میں دعائیں مانگیں اور طاقت و اقتدار حاصل ہو جانے پر بھی کوئی ان سے انتقام نہیں لیا۔ پیغمبر اسلام کو بے رحم انسان دکھلایا جائے اور خواہ مخواہ دوسروں کو نفرت دلائی جائے اس کا سبب یہ ہے کہ آپ کی زندگی پر تنقید کرنے والے لوگوں نے اسلامی تاریخ اور بانی اسلام کی سیرت کا صحیح طور پر مطالعہ نہیں کیا بلکہ سنی سنائی اور بے بنیاد باتوں کو اساس بنا کر اعتراضات کی بوچھاڑ کر دی اگر وہ اسلامی روایات کو سمجھ لیتے اور سچائی کے اظہار کیلئے اپنے اندر کوئی جرات و ہمت پاتے تو وہ یقینا اپنی رائے تبدیل کرنے پر مجبور ہو جاتے۔ (بی ایس رندھاوا)

وہ خدا کی رحمت تھے: حضرت محمد ﷺ کا ظہور بنی نوع انسان پر خدا کی ایک رحمت تھا لوگ کتنا ہی انکار کریں مگر آپ کی اصلاحات سے چشم پوشی ممکن نہیں ہم بدھی لوگ حضرت محمد ﷺ سے محبت کرتے ہیں اور انکا احترام کرتے ہیں۔ (بدھ راہنما مانگ تونگ)

اسلام تلوار سے نہیں امن سے: ہم نے تلوار کا چرچا بہت سنا ہے اور مثال کے طور پر جہاد کا مسئلہ ہمارے سامنے پیش کیا جاتا ہے کہ اسلام کی نشر و اشاعت اور اس کی بقاؤ ترقی کا انحصار تلوار پر ہے ایسا کہنا خود اسلام کی تردید کرتا ہے۔ اس غلط اور شر انگیز عقیدے کے حامیوں نے حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی زندگی کے واقعات کو بالائے طاق رکھ دیا ہے اور صداقت سے آنکھیں بند کر لی ہیں اسلام میں تلوار کی جو جگہ ہے وہ کسی مذہب میں نہیں ہو سکتی ہے۔ اسلام میں تلوار کا استعمال جائز ہے مگر صرف وہیں تک جہاں تک صداقت اور سچائی کیلئے ضرورت ہے اسلام میں امن و آشتی اور صلح و راستی تلوار سے کہیں بالاتر ہے اسلام تلوار کا نہیں امن کا پیغام ہے۔ (لالہ رام ورما ایڈیٹر اخبار تیج دہلی)

رحم و کرم کا عظیم مظاہرہ: انہوں نے اپنے لشکر و سپاہ کو ہر قسم کے خون خرابے سے روکا اور اپنے اللہ کے سامنے انتہائی بندگی و اطاعت کا مظاہرہ کیا اور شکرانہ بجا لائے (بموقع فتح مکہ) لیکن دوسرے فاتحین کے وحشیانہ طرز عمل کے مقابلہ میں اسے بہر حال انتہا درجہ کی شرافت و انسانیت سے تعبیر کیا جائے گا۔ مثلاً صلیبیوں کے مظالم 1099ء فتح یروشلم کے موقعہ پر انہوں نے ستر ہزار سے زائد مسلمان مرد عورتوں اور بچوں کو موت کے گھاٹ اتارا وہ انگریز فوج نے صلیب کے زیر سایہ لڑتے ہوئے 1847ء میں افریقہ کے سنہری ساحل پر ایک شہر کو نذر آتش کر ڈالا محمد ﷺ کی فتح درحقیقت دین کی فتح تھی۔ سیاست کی فتح تھی انہوں نے ذاتی مفادی کی ہر علامت کو مٹا ڈالا اور ظالمانہ نظام سلطنت کو جڑ سے اکھاڑ ڈالا اور قریش کے مغرور، متکبر اور سردار عاجزانہ گردنیں جھکائے مجرموں کی طرح کھڑے تھے تو محمد ﷺ نے ان سے پوچھا تمہیں مجھ سے کیا توقع ہے؟ تو وہ بولے رحم والے سخی اے فیاض بھائی رحم ارشاد ہوا جاؤ آج تم سبھی آزاد ہو۔ (آرتھر گلمین)

اسلام کی اعتدال پسندی: مجھ کو کسی وقت یہ خیال بھی نہ ہوا کہ اسلام کی ترقی تلوار کی مرہون منت ہے بلکہ اسلام کی کامیابی رسول اللہ ﷺ کی سادہ بے لوث ایفائے عہد اپنے اصحاب کی غیر معمولی صحابیت خدا پر پکا یقین اور ذاتی جرات و استقلال سے وابستہ ہے نبی کا کام کبھی آسان نہیں ہوتا اچھے اور دور رس طریقوں کو وضع کرنا یقینا آسان ہے لیکن ان پر عمل کرنا ہر ایک کا کام نہیں اور پھر جب کہ یہ عظیم الشان کام اپنے خاندان اور قبیلے سے شروع کرے جس کے لوگ اس کی زندگی کی کمزوریوں سے بھی واقف ہوتے ہیں۔ (ڈاکٹر ایڈبر منگھم)

اعتراف عظمت: غیر مسلم مصنفین کا برا ہو جنہوں نے قسم کھائی ہے کہ قلم ہاتھ میں لیتے وقت عقل کو چھٹی دے دیا کریں گے اور آنکھوں پر تعصب کے پتھر رکھ کر ہر واقعہ کو اپنی نا سمجھی اور تعصب کے رنگ میں رنگ کر دنیا کے سامنے پیش کریں گے۔ آنکھیں چکا چوند ہو جاتی ہیں اور ان کے گستاخ اور کج رقم قلموں کو اعتراف کرتے ہی بنتی ہے کہ واقعی اس نفس کش پیغمبر نے جس شان استغناء سے دولت، عزت شہرت اور حسن کی طلسمی طاقتوں کو اپنے اصول پر قربان کیا وہ ہر کس و ناکس کا کام نہیں۔ (سوامی لکشمن رائے)

متعدد بیویاں نفسانی خواہش نہیں: حضور اکرم ﷺ کی کثرت ازدواج کے متعلق بہتان باندھا گیا ہے۔ لیکن یہ محض غلط ہے بے شک (آپ ﷺ) نے کئی بیویاں کی تھیں مگر زمانے کے برے رواج کو مٹانے کیلئے اور لوگوں کو ترغیب دینے کیلئے کہ وہ بھی بیوہ، کنواری، لونڈی اور لاوارث عورتوں کو اپنے نکاح میں لائیں اور آپ کے نمونہ کی پیروی کریں آپ نے اپنی نفسانی خواہش کیلئے نکاح نہیں کیے آپ میں نفسانی خواہش کی کوئی بھی دلیل یا علامت نہیں پائی جاتی۔ (بی ایس کشالیہ ڈی۔ ای لنڈن)

نظام مصطفیٰ ﷺ: محمد ﷺ نے جو اپنا مذہبی نظام قائم فرمایا نہ وہ صرف یہ کہ ان کے ساتھیوں کی عقل و فہم کے مطابق تھا اور اس ملک میں پائے جانے والے رسم و رواج اور ان کے ساتھیوں کے جذبات سے ہم آہنگ تھا بلکہ اس سے آگے بڑھ کر وہ عام انسانی حالات و نظریات سے بھی ایسی مناسبت رکھتا تھا کہ جس کے نتیجے میں تمام انسانوں کی نصف آبادی نے اسے قبول کیا اور یہ سب کچھ چالیس سال سے بھی کم عرصہ میں ہو گیا۔ (کاؤنٹ ڈی بولین)

پیرو پیغمبر: عرب کو یہی نور اندھیرے سے نکال کر روشنی میں لایا عرب کو اسی کے ذریعہ پہلے پہل زندگی ملی بھیڑوں بکریوں کو چرانے والے لوگ جو ازل سے صحراؤں میں بے کھٹکے بے روک ٹوک گھومتے پھرتے تھے کہ پیرو پیغمبر ان کی طرف بھیجا گیا ایک پیغام کے ساتھ جس پر وہ ایمان لا سکتے تھے اور پھر سب نے دیکھا کہ جو کسی کے نزدیک کوئی اہمیت ہی نہ رکھتے تھے۔ دنیا بھر کے لئے قابل ذکر بن گئے۔ (کارلائل)

عظیم کامیاب راہنما: قارئین میں سے ممکن ہے کہ کچھ لوگوں کو تعجب ہو کہ میں نے دنیا جہاں کی موثر ترین شخصیات میں محمد ﷺ کو سر فہرست کیوں رکھا ہے اور مجھ سے وجہ طلب کریں گے حالانکہ یہ ایک حقیقت ہے کہ پوری انسانی تاریخ میں صرف وہی ایک انسان ایسے تھے جو دینی و دنیاوی دونوں اعتبار سے غیر معمولی طور پر کامران و کامیاب و سرفراز ٹھہرے۔ (ہارٹ میکائل)

بے مثال شخصیت: ہادی عرب کو ایک ساتھ تین چیزوں کے قائم کرنے کا مبارک موقعہ ملا وطنیت، اصلاح اعمال، مذہب تاریخ دنیا میں اس قسم کی دوسری کوئی مثال نہیں دکھائی دیتی۔ (ریورنڈ)

عظیم انسان: وحشی جنگجو عربوں کو وحدت کی لڑی میں پرو کر ایک زبردست قوم کی صورت میں کھڑا کر دینے کیلئے ایک عظیم انسان کا ظہور ہوا اندھی تقلید کے کالے پردے پھاڑ کر اس نے تمام قوموں کے دلوں پر واحد خدا کی حکومت قائم کی وہ انسانی لعل کون تھا۔ (محمد ﷺ) (پنڈت شیو نرائن)

معزز قارئین: غیر مسلم مصنفین و محققین نے پیغمبر اعظم رسول محتشم حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی سیرت و کردار کے مختلف پہلوؤں پر اپنی تحقیقی رائے دے کر دنیا پر واضح کر دیا کہ انسانیت کو معراج دینے والے اور بنی آدم کی سرداری کے حقیقی حقدار پیغمبر اسلام ﷺ ہیں۔ آپ ﷺ نے جانی دشمنوں کو معاف فرما دیا۔ انتشار زدہ قوم کو اتحاد کی لڑی میں پرو دیا۔ آج ملت اسلامیہ کو بھی اپنے پیغمبر ﷺ کی انہی تعلیمات پر عمل کر کے دنیا میں اتحاد و اتفاق کا پرچم بلند کر کے نعرہ لگانا ہوگا۔ ''میرا پیغمبر ﷺ عظیم تر ہے۔''

نازک پنڈلیا میں موچ آ گئی



قومی اسمبلی میں مولانا فضل الرحمن نے دھواں دار خطاب کیا اور ایوان کی کھڑکیاں دروازے ہلا کر رکھ دیئے۔ ایک نکتہ ان کے خطاب کا تو وہی تھا جو ان کا اصولی موقف کہلاتا ہے یعنی پارلیمنٹ کو با اختیار کیا جائے۔ اس نکتہ یا مطالبے کو آگے بڑھانے کیلئے حکومت یا کسی اور سے نہیں، عدلیہ سے مذاکرات کی ضرورت ہے۔ اگر عدلیہ مان جائے کہ آئین ہی بالادست ہے تو یہ مسئلہ حل ہو سکتا ہے لیکن فی الوقت ان کی دوسری بات زیادہ اہم ہے جو انہوں نے حالات حاضرہ کے تناظر میں کی۔ یہ کہ خیبر پختونخواہ (مولانا کوئی بل لا کر صوبے کا نام تو مختصر کروائیں، لگتا ہے دو صوبوں کا نام اکٹھا لے لیا) اور بلوچستان میں حکومتی رٹ ختم ہو چکی ہے۔

ختم کیا ہو چکی ہے، بھولی بسری کہانی بن چکی ہے اور وجہ اس کی یہ ہے کہ دونوں صوبوں میں ایک ہی جماعت کی حکومت ہے جو آئین قانون اور ہر قسم کے ضابطہ اخلاق کو دفتر بے معنی سمجھ کر غرق مے ناب کر چکی ہے۔

ارے۔ آپ میری بات پر مسکرا پڑے۔ کے پی پر پی ٹی آئی اور بلوچستان پر پیپلز پارٹی کی حکومت ہے جس کی اتحادی مسلم لیگ ن ہے تو پھر یہ ایک ہی پارٹی کی حکومت کیسے ہو گئی؟۔ دراصل آپ نے غور نہیں کیا۔ بلوچستان پر پی پی پی کی حکومت نام کی ہے، اصل میں وہاں ''باپ'' پارٹی حکمران ہے اور باپ پارٹی دراصل پی ٹی آئی کی ہم جا (ISOTOPE) ہے۔ آئسو ٹوپ کسے کہتے ہیں، دو ایسے ایٹم جن کے الیکٹران پروٹون تو ایک جیسے ہی ہوں، بس ذرا سا فرق نیوٹران کی گنتی میں ہوتا ہے، یعنی 19، 20 کے فرق سے دونوں ایک ہی عنصر کے ایٹم، ایک ہی ماں کے جائے سمجھے جاتے ہیں۔

''باپ'' کی تشریح مزید یوں کی جا سکتی ہے کہ دراصل یہ ایک ایسی ''مسمات'' کی طرح ہے جو بار بار شوہر بدلتی رہتی ہے۔ جب کنواری تھی تو نام کے آگے والد محترم کا نام لگاتی تھی۔ فرض کر لیجئے، مسمات کا نام بشیراں بی بی ہے اور والد کا نام غفور۔ تو نام ہو گیا بشیراں غفور۔ بعد ازاں اس نے فیض نامی شخص سے شادی کر لی تو نام ہو گیا بشیراں فیض۔ پھر فیض سے طلاق لے کر صادق سے شادی کر لی تو نام بھی بدل کر بشیراں صادق ہو گیا۔ اب شوہروں کی گنتی جتنی بھی ہو، والد تو ایک ہی رہے گا۔ بیوی کتنوں کی ہو، بیٹی ایک ہی کی رہے گی۔ تو یہ ہے بلوچستان کی باپ پارٹی جو پی ٹی آئی کی ہم جا یعنی آئسو ٹوپ ہے۔ مطلب دونوں صوبوں میں ایک ہی پارٹی حکمران ہے تو حکومتی یا ریاستی رٹ دونوں صوبوں میں ایک ہی جیسی واردات کے تحت ''لاپتہ'' کر دی گئی۔

کے پی پر ٹی ٹی پی کے دہشت گردوں کا راج ہے تو بلوچستان میں بی ایل اے اور اس کے ہمراہیوں کا۔ مسئلہ دونوں صوبوں کا گھمبیر ہے اور مزید گھمبیر، گھور گھمبیر ہوتا جا رہا ہے لیکن وزیر داخلہ فرماتے ہیں کہ بلوچستان کی ساری شورش محض ایک ایس ایچ او کی مار ہے۔ ایسا ہے تو پھر خیبر پختونخواہ (ارے بھئی، صوبے کا نام مختصر تو کرو) کے دہشت گرد بھی ایک ہی ایس ایچ او کے مار ہوں گے۔ ارے، ہوں گے کیا، ہیں۔ تو وزیر داخلہ کے خیال میں دونوں صوبوں میں ریاستی رٹ قائم کرنے کیلئے محض دو ایس ایچ او درکار ہیں۔ سوال یہ ہے کہ یہ دو ایس ایچ اوملیں گے کہاں سے؟ ویسے بعض ستم ظریف یہ بھی کہتے ہیں کہ خود وزیر داخلہ کا تعلق بھی ''باپ'' پارٹی سے ہے۔

''کچھ بھی ہو، جلسہ تو ہو گا''۔ یہ وہ نعرہ مستانہ ہے قوم پی ٹی آئی کا جو جلسہ ملتوی ہونے سے ایک روز پہلے تک سننے کی عادی ہو چکی ہے۔ اب یہ نعرہ 8 ستمبر کے جلسے کیلئے لگ رہا ہے۔ لگ کیا رہا ہے، پنجابی محاورے کے مطابق ''وج'' رہا ہے۔ جلسے کے نعرے وجن گے۔

8 ستمبر میں کتنے دن رہ گئے۔ آج چھے ہے، کل سات اور پرسوں جلسے کا دن ہے لیکن خان صاحب نے جس لحیم شحیم ہستی کو اس جلسے کا مدار المہام بنایا تھا، اس کی ساق زریں پر موچ آ گئی ہے۔ ساق زریں یعنی سونے کی طرح چمکتی دمکتی پنڈلی۔ ایسی لحیم و شحیم پنڈلی ایسی نرم و نازک ثابت ہوئی اور وہ بھی جلسے سے محض تین روز پہلے، یہ تو کسی نے سوچا ہی نہیں تھا۔

وزیر اعلیٰ گنڈا پور کے ذمے تھا کہ وہ جلسے کا انتظام بھی کریں گے، جلسے کے جملہ حاضرین کو پختونخواہ سے بھی وہی لائیں گے اور انقلاب برپا کرنے کیلئے کرینوں، بلڈوزروں اور ٹریکٹر ٹرالیوں کا بندوبست بھی وہی کریں گے لیکن ہوا یہ کہ سیلابی علاقوں کا معائنہ کرتے ہوئے ان کا پاؤں پھسل گیا اور پنڈلی کے جذبات مجروح ہو گئے۔ معاف کیجئے گا، جذبات نہیں، اعصاب!

22 اگست کے جلسے کے مدار المہام بھی یہی وزیر اعلیٰ گنڈا پور تھے۔ دروغ بر گردن دریا کے کابل (کہ راوی تو پنجاب میں ہے) کہا جاتا ہے کہ انہوں نے حلقہ مہرباناں کو یقین دلایا تھا کہ وہ اعلان تو بہت کریں گے لیکن کسی جلوس کی قیادت کرتے ہوئے اسلام آباد قدم رنجہ فرمانے سے گریز کریں گے اور جلوس کی روانگی سے تین گھنٹہ دو گھنٹہ پہلے بیمار ہو جائیں گے، یعنی پاؤں وغیرہ پھسل جائے گا، پنڈلی وغیرہ میں موچ وغیرہ آ جائے گی۔ خیر، اس کی نوبت ہی نہیں آئی اور جلسہ ملتوی ہو گیا۔ دیکھئے، اب کیا ہوتا ہے۔ پردہ غیب میں بہت سی کہانیاں ہیں، کتنے ہی سنگل نظر آنے والے دراصل ڈبل ہیں۔ ڈبل کے آگے ایجنٹ وغیرہ کا لفظ آپ خود لگا لیجئے اگر دل مانے تو۔

گنڈا پور پر ایک مقدمہ بھی چل رہا ہے جس میں ان کے وارنٹ گرفتاری بھی جاری ہوئے۔ مقدمہ اس بات کا ہے کہ کافی برس قبل وہ انقلاب کیلئے خود کار ہتھیار لئے اور اسلامی بلیک لیبل شہد کی بوتلوں سمیت اسلام آباد کی سڑکوں پر میراتھن ریس لگاتے پائے گئے۔ وہ دراصل انقلاب کی تلاش میں سرگرداں تھے، غلط العام لیکن یہ مشہور ہو گیا کہ وہ پولیس سے بچنے کیلئے فرار ہو رہے تھے۔ دعا ہے کہ خدا انہیں ان کی اسلامی شہد کی بوتلوں سمیت خیر و عافیت سے رکھے ورنہ انقلاب کی راہ کھوٹی ہو جائے گی۔

بنگلہ دیش کے مشیر خارجہ (عملاً وزیر خارجہ) توحید حسین نے کہا ہے کہ پاکستان سے تعلقات کو معمول پر لانے بلکہ اس کے ساتھ دوستی کرنے کی ضرورت ہے۔ دوستی ہی میں فائدہ ہے۔ آپ اخبار نویسوں سے بات چیت کر رہے تھے۔

پیارے نبی صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی پیاری پیاری باتیں!!!!!

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے فرمایا جس کی دو بیویاں ہوں اور وہ ایک کے مقابلے دوسری طرف زیادہ میلان رکھے تو قیامت کے دن وہ اس طرح آئے گا کہ اس کا ایک پہلو جھکا ہوا ہوگا۔ ام المومنین عائشہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرمؐ نے ان سے فرمایا جبرائیل تمہیں سلام کہہ رہے ہیں، انہوں نے کہا: وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ (جبرائیل کو عائشہ نے سلام کا جواب دیا اور کہا) آپ تو وہ دیکھتے ہیں جو ہم نہیں دیکھتے۔ عمرو بن حارث کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم سوائے اپنے سفید خچر، ہتھیار اور زمین کے جسے آپ صدقہ کر گئے تھے کچھ چھوڑ کر نہ گئے تھے۔

عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مجھے خیبر میں (حصہ میں) ایک زمین ملی، میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پاس آیا اور آپ سے کہا مجھے بہت اچھی زمین ملی ہے، مجھے اس سے زیادہ محبوب و پسندیدہ مال (کبھی) نہ ملا تھا، آپ نے فرمایا اگر چاہو تو صدقہ کر سکتے ہو تو انہوں نے اسے بایں طور صدقہ کر دیا کہ وہ زمین نہ تو بیچی جائے گی اور نہ ہی کسی کو ہبہ کی جائے گی اور اس کی پیداوار فقیروں، محتاجوں اور قرابت داروں میں، گردن چھڑانے (یعنی غلام آزاد کرانے میں)، مہمانوں کو کھلانے پلانے اور مسافروں کی مدد و امداد میں صرف کی جائے گی اور کچھ حرج نہیں اگر اس کا ولی، نگراں، محافظ و مہتمم اس میں سے کھائے مگر شرط یہ ہے کہ وہ معروف طریقے (انصاف و اعتدال) سے کھائے (کھانے کے نام پر لے کر) مالدار بننے کا خواہشمند نہ ہو اور دوسروں (دوستوں) کو کھلائے۔ انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب تم بر (بھلائی) کو حاصل نہیں کر سکتے جب تک کہ تم اس میں سے خرچ نہ کرو جسے تم پسند کرتے ہو (آل عمران:) نازل ہوئی تو ابوطلحہ نے کہا کہ جب اچھے مال کا حکم ہے تو اللہ کے رسول! میں آپ کو گواہ بنا کر کہتا ہوں کہ میں نے اپنی زمین اللہ کی راہ میں وقف کی، رسول اللہؐ نے فرمایا اس وقف کو اپنے قرابت داروں حسان بن ثابت اور ابی بن کعب کے لیے کر دو۔ عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ والہ وسلم سے کہا میرے پاس خیبر میں جو سو حصے ہیں اس سے زیادہ بہتر اور پسندیدہ مال مجھے کبھی بھی نہیں ملا، میں نے اسے صدقہ کر دینے کا ارادہ کیا ہے۔ آپ نے فرمایا: اصل روک لو اور اس کا پھل (پیداوار) تقسیم کر دو۔ معتمر بن سلیمان کہتے ہیں کہ میں نے اپنے والد حصین بن عبدالرحمٰن کو حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے اور وہ عمرو بن جاوان سے، جو ایک تمیمی شخص ہیں، روایت کرتے ہیں، اور یہ بات اس طرح ہوئی کہ میں (حصین بن عبدالرحمٰن) نے ان سے (یعنی عمرو بن جاوان سے) کہا: کیا تم نے احنف بن قیس کا اعتزال دیکھا ہے، کیسے ہوا؟ وہ کہتے ہیں: میں نے احنف کو کہتے ہوئے سنا ہے کہ میں مدینہ آیا (اس وقت) میں حج پر نکلا ہوا تھا، اسی اثناء میں ہم اپنی قیام گاہوں میں اپنے کجاوے اتار اتار کر رکھ رہے تھے کہ اچانک ایک آنے والے شخص نے آ کر بتایا کہ لوگ مسجد میں اکٹھا ہو رہے ہیں۔ میں وہاں پہنچا تو کیا دیکھتا ہوں کہ لوگ اکٹھا ہیں اور انہیں کے درمیان کچھ لوگ بیٹھے ہوئے ہیں ان میں علی بن ابی طالب، زبیر، طلحہ، سعد بن ابی وقاصؓ موجود ہیں۔ میں وہاں کھڑا ہو گیا، اسی دوران یہ آواز آئی: یہ لو عثمان بن عفان بھی آ گئے، وہ آئے ان کے جسم پر ایک زرد رنگ کچا درتھی میں نے اپنے پاس والے سے کہا: جیسے تم ہو ویسے رہو مجھے دیکھ لینے دو وہ (عثمان) کیا کہتے ہیں، عثمان نے کہا: کیا یہاں علی ہیں، کیا یہاں زبیر ہیں، کیا یہاں طلحہ ہیں، کیا یہاں سعد ہیں؟ لوگوں نے کہا: جی ہاں (موجود ہیں) انہوں نے کہا: میں آپ لوگوں سے اس اللہ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں! کیا تمہیں معلوم ہے رسول اللہؐ نے فرمایا تھا: جو شخص خریدے گا فلاں کا مربد (کھلیان، کھجور سکھانے کی جگہ) اللہ اس کی مغفرت فرما دے گا، تو میں نے اسے خرید لیا تھا اور رسول اللہؐ کے پاس پہنچ کر آپ کو بتایا تھا کہ میں نے عقلان کا مربد (کھلیان) خرید لیا ہے تو آپ نے فرمایا تھا: اسے ہماری مسجد (مسجد نبوی) میں شامل کر دو، اس کا تمہیں اجر ملے گا، لوگوں نے کہا: ہاں، (ایسا ہی ہوا تھا) (پھر) کہا: میں تم سے اس اللہ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں جس کے سوا کوئی حقیقی معبود نہیں! کیا تم جانتے ہو رسول اللہؐ نے فرمایا تھا: جو شخص رومہ کا کنواں خریدے گا (رومہ مدینہ کی ایک جگہ کا نام ہے) اللہ اس کی مغفرت فرما دے گا۔ میں (بئر رومہ خرید کر) رسول اللہؐ کے پاس پہنچا اور (آپ سے) کہا: میں نے بئر رومہ خرید لیا ہے، آپؐ نے فرمایا: اسے مسلمانوں کے پینے کے لیے وقف کر دو، اس کا تمہیں اجر ملے گا، لوگوں نے کہا: ہاں (ایسا ہی ہوا تھا) انہوں نے (پھر) کہا: میں تم سے اس اللہ کا واسطہ دے کر پوچھتا ہوں جس کے سوا کوئی حقیقی معبود نہیں! کیا تمہیں معلوم ہے رسول اللہؐ نے (جنگ تبوک کے موقع پر) فرمایا تھا: جو شخص جیش عسرۃؓ (تہی دست لشکر) کو (سواریوں اور سامان حرب و ضرب سے) آراستہ کرے گا اللہ اس کی مغفرت فرما دے گا، تو میں نے ان لشکریوں کو ساز و سامان کے ساتھ تیار کر دیا یہاں تک کہ انہیں عقال (اونٹوں کے پاؤں باندھنے کی رسی) اور خطام (مہار بنانے کی رسی) کی بھی ضرورت باقی نہ رہ گئی۔ لوگوں نے کہا: ہاں آپ درست فرماتے ہیں ایسا ہی ہوا تھا) یہ سن کر انہوں نے کہا: اے اللہ تو گواہ رہ، اے اللہ تو گواہ رہ۔

احنف بن قیس کہتے ہیں کہ ہم اپنے گھر سے حج کے ارادے سے نکلے۔ مدینہ پہنچ کر ہم اپنے پڑاؤ کی جگہوں (خیموں) میں اپنی سواریوں سے سامان اتار اتار کر رکھ ہی رہے تھے کہ ایک آنے والے نے آ کر خبر دی کہ لوگ مسجد میں اکٹھا ہیں اور گھبرائے ہوئے ہیں تو ہم بھی (وہاں) چلے گئے، کیا دیکھتے ہیں کہ کچھ لوگ مسجد کے بیچ میں بیٹھے ہوئے ہیں اور لوگ انہیں (چاروں طرف سے) گھیرے ہوئے ہیں، ان میں علی، زبیر، طلحہ، سعد بن ابی وقاصؓ بھی موجود تھے۔ ہم یہ دیکھ ہی رہے تھے کہ اتنے میں عثمان بن عفان آ گئے، وہ اپنے اوپر ایک پیلی چادر ڈالے ہوئے تھے اور اس سے اپنا سر ڈھانپے ہوئے تھے۔

سائرن
محمد اکرم چوہدری

lahore1947@gmail.com

''دیس کا سکھ''

تحریر

ماہم حامد (ڈیرہ غازی خان)

تمہارا اکھا پتر: چوہدری شاہ زیب۔

آخری لائن راحیل نے سسکتے ہوئے پڑھی۔ اسے ایسا لگا جیسے درد سے اس کا دل پھٹ جائے گا؛ مگر اس سے بھی زیادہ یہ خط دردناک خالو کے لیے تھا۔ وہ یہ خط سنتے ہی دل پکڑ کر بیٹھ گئے، درد اتنا شدید تھا کہ انہیں خود پر قابو نہیں رہا تھا۔ وہ درد کے مارے زور زور سے کراہ رہے تھے۔ انہیں ٹریکٹر پر ڈال کر شہر کے ہسپتال لے جایا گیا۔ انہیں ہارٹ اٹیک ہوا تھا؛ مگر خدا نے ان کی زندگی بخش دی تھی۔ رقیہ شوہر اور بیٹے دونوں کی پریشانی سے نڈھال ہوئی پڑی تھی۔ اب چوہدری فیاض زمینوں پر فصلیں کاشت کرنے کے قابل نہیں رہا تھا۔ دل کے عارضے اور بیٹے کی جدائی نے اس کی کمر توڑ دی تھی۔ اس زمین ٹھیکے پر دے دی اور خود گھر کے ایک کونے میں پڑا رہتا تھا۔ دن رات رقیہ اور فیاض اپنے بیٹے کو یاد کر کے روتے رہتے تھے۔ پردیس جانے کے بعد نہ اس کا کوئی فون آیا نہ کوئی چٹھی۔ گاؤں لوگ یہی کہتے تھے کہ وہ سمندر میں ڈوب کر مر گیا ہوگا؛ کیونکہ غیر قانونی طریقے سے ملک سے باہر جانے والوں میں سے کوئی قسمت سے ہی واپس لوٹتا ہے۔

چار سال بعد:

''السلام علیکم! فیاض بھائی! رقیہ بہن!۔''

صفیہ اور شمشاد نے گھر میں داخل ہوتے ہی سلام کیا۔

''وعلیکم سلام! آ جا صفیہ بیٹھ جا۔ شاہ زیب کے ابا اٹھ جائیں، شمشاد بھائی اور اپنی صفیہ آئی ہے۔''

رقیہ نے بہن بہنوئی کی آمد کا بتا کر چارپائی پر لیٹے فیاض کو جگایا۔ وہ آنکھیں ملتا ہوا بیٹھ گیا اور شمشاد اس کے پاس بیٹھ گیا۔

''فیاض بھائی! تو تو بالکل گھر کا ہو کر رہ گیا ہے۔ چار سال ہو گئے شاہ زیب کو گئے ہوئے تو نے زمینوں پر پیر ہی نہیں رکھا۔ باہر نکل کر لوگوں سے ملنا تو نے بالکل ہی چھوڑ دیا۔''

''یار دل نہیں چاہتا میرا۔ شاہ زیب میرے اندر سے جینے کی خواہش ہی لے گیا۔ اولاد ماں باپ کے لیے پروں کی طرح ہوتی ہے، وہ ان کے سہارے اڑتے پھرتے ہیں، محنت کرتے ہیں، ہر مشکل سے لڑتے ہیں۔ میرے تو پر ہی ٹوٹ گئے یار اب مجھ سے نہ کھیتوں میں پھرا جاتا ہے نہ کسی سے ملا جاتا ہے۔ میرے حوصلے توڑ دیئے شاہ زیب کی جدائی نے۔''

وہ یہ کہہ کر رونے لگا۔

''بس یار حوصلہ کر، ہم یہاں تم لوگوں راحیل کی شادی کا کہنے آئے تھے۔ وہ کملی کسی رشتے کے لیے مانتی ہی نہیں ہے، اس کی عمر نکلی جا رہی ہے اور اگر بیٹیوں کی صحیح عمر میں شادی نہ ہو تو وہ ساری زندگی باپ کی دہلیز پر بیٹھی رہ جاتی ہیں۔

شمشاد نے اداس لہجے میں کہا۔

''ہم تجھے اور فیاض بھائی کو لینے آئے ہیں۔ ہمارے ساتھ چل کر اسے سمجھائیں کہ درزی مشتاق کے بیٹے کے رشتے کے لیے ہاں کر دے۔ سب تیاریاں مکمل ہیں؛ مگر راحیل ہمیشہ کی طرح ضد لگائے بیٹھی ہے کہ وہ شادی شاہ زیب سے ہی کرے گی۔ اس پاگل کو یہ بات سمجھ نہیں آتی کہ اگر شاہ زیب زندہ ہوتا تو اس کا کوئی خط، کوئی فون، کوئی پیغام تو آتا۔ میں نے ہزار مرتبہ سمجھایا ہے کہ وہ ڈوب کر مر گیا ہوگا سمندر میں؛ مگر یہ نہیں مانتی اور آج بھی اس کے عشق میں ڈوبی پڑی ہے۔''

صفیہ پریشان تھی بہت، وہ پریشانی میں یہ بھی بھول گئی کہ اس کی بات بہن کے دل کو چیر رہی ہے۔

''میرا شاہ زیب ڈوب کر نہیں مر سکتا، پورا گاؤں جانتا ہے وہ گاؤں کی بڑی نہر میں کیسے تیرا کی کرتا تھا۔''

رقیہ تڑپ کر بولی۔

''نہر اور سمندر میں زمین آسمان فرق ہوتا ہے رقیہ بہن۔''

یہ کہہ کر شمشاد چارپائی سے اٹھا اور ساتھ ہی فیاض بھی اٹھ گیا۔

''چل رقیہ ہم سمجھا آتے ہیں راحیل بیٹی کو، آخر وہ بھی تو ہماری بیٹی ہی ہے۔''

فیاض نے رقیہ کو کہا اور وہ آنسو پونچھتی ہوئی ان سب کے ساتھ چل پڑی۔

سترہ اگست کا دن شادی کے لیے طے پایا؛ کیونکہ چودہ اگست تک مشتاق درزی بہت مصروف تھا، گاؤں کے لڑکوں کے سبز کرتے سینے تھے اس نے۔

رقیہ گھر آ کر بہت روئی؛ کیونکہ اس نے راحیل کو ہمیشہ اپنی بہو کے روپ میں دیکھنا چاہا تھا۔ وہ آج اپنے ہاتھوں سے اس کے سر پر کسی اور نام کی چنری ڈال کر آئی تھی۔

''مت رو رقیہ! مت رو!، بلکہ تو راحیل کے لیے نیک نصیب کی دعائیں کر۔ اللہ پاک اس بچی کی جھولی میں وہ تمام خوشیاں ڈالے جس کی وہ حقدار ہے، وہ بھی ہماری طرح گزشتہ چار سالوں سے انتظار کی سولی پر لٹکی ہوئی تھی۔ چلو کسی کی تو جان چھوٹی ہماری جان تو شاید جان نکلنے کے بعد ہی چھوٹے۔''

فیاض کی آنکھوں میں نمی تھی کہ اچانک دروازے پر دستک ہوئی۔ فیاض کھانستا ہوا دروازہ کھولنے پہنچا۔ اس نے جیسے ہی دروازے کی کنڈی کھولی تو اسے اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آیا، میلے کچیلے کپڑوں میں اس کا پتر شاہ زیب سامنے کھڑا تھا۔ (جاری ہے)

پاکستان پر مسلط ''پراکسی جنگ''

بدھ کے روز قومی اسمبلی کے اجلاس میں جمعیت العلمائے اسلام کے مولانا فضل الرحمن نے اچانک اٹھ کر ایک مختصر خطاب کیا۔ ان کی تقریر میرے اندازے کے مطابق 8 سے 9 منٹ تک محدود رہی۔ اس کا ایک ایک لفظ مگر ملکی سیاست کے بارے میں مضطرب ہر شخص کے لئے قابل غور ہونا چاہیے۔ اہم ترین پہلو یہ بھی ذہن میں رکھنا ہوگا کہ بدھ کے روز مولانا کی تقریر دو اعلیٰ سطحی ملاقاتوں کے بعد برسر عام آئی ہے۔

تقریباً دو ہفتے قبل صدر مملکت وزیر داخلہ کے ہمراہ جمعیت العلمائے اسلام کے رہنما کے گھر تشریف لے گئے تھے۔ وہاں انہوں نے مولانا کو ایک بندوق بھی تحفتاً پیش کی تھی۔ مولانا کے لئے بندوق کا تحفہ میرے لئے حیران کن تھا۔ عملی رپورٹنگ سے ریٹائر ہونے سے قبل مجھے اپنے بہت ہی مہربان اور بڑے بھائیوں جیسے شفیق سینئر افضل خان مرحوم کی بدولت مولانا صاحب کے ساتھ بے تکلف محفلوں میں گفتگو کے بے شمار مواقع نصیب ہوئے۔ ان کے دوران ایک بار بھی انہوں نے کبھی شکار سے دلچسپی کا ذکر نہیں کیا۔ نہ ہی کبھی بندوقیں وغیرہ زیر بحث آئیں۔

آصف علی زرداری سے بھی ایک زمانے میں بے تکلف اور اکثر تنہائی میں ملاقاتیں رہی ہیں۔ وہ بھی بندوقوں کے بجائے ماحولیات، درختوں اور زراعت کے لئے پانی کی فراہمی کے موضوعات میں زیادہ دلچسپی دکھاتے تھے۔ زرداری صاحب کو مگر اپنے دوستوں اور دشمنوں کے بارے میں ذاتی معلومات جمع کرنے کی عادت ہے۔ غالباً انگریزی کے اس محاورے پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کرتے ہیں جو دوستوں یا دشمنوں کے بارے میں زیادہ سے زیادہ ''انفارمیشن (معلومات)'' جمع کرنے کو بہت اہمیت دیتا ہے۔ صدر زرداری نے قائد جمعیت العلمائے اسلام کو بندوق کا تحفہ بغیر کسی اہم وجہ کے نہیں دیا ہوگا۔ کاش میں اس کے بارے میں باخبر ہوتا اور آپ کو بھی آگاہ رکھ سکتا۔



nusrat.javeed@gmail.com

صدر زرداری کی ملاقات کے بعد وزیر اعظم شہباز شریف بھی مولانا سے ملاقات کو تشریف لے گئے تھے۔ صدر اور وزیر اعظم کی جمعیت العلمائے اسلام کے سربراہ سے یکے بعد دیگرے ملاقاتوں کے بعد صحافیوں کی اکثریت نے اپنے تئیں یہ فیصلہ کر لیا کہ غالباً مولانا سے درخواست کی جا رہی ہے کہ وہ ماضی کے دوستوں سے ناراض ہو کر تحریک انصاف کی سرپرستی سے گریز کریں۔ شہباز حکومت آئین میں ترامیم کے علاوہ دیگر قوانین کو ہوشیاری سے بروئے کار لاتے ہوئے عدالت کے لئے قواعد و ضوابط پر مبنی لگام کو زیادہ مضبوط بنانا چاہ رہی ہے۔ مذکورہ تناظر میں مولانا سے تعاون بھی درکار ہوگا۔

بدھ کے روز ہوئی مولانا کی تقریر کو مگر میرے وسوسوں بھرے دل نے ایک اور انداز سے دیکھا ہے۔ مجھے شبہ ہوا کہ شہباز حکومت اور اس کے اتحادی یہ محسوس کر رہے ہیں کہ اقتدار میں ہوتے ہوئے بھی وہ کامل اختیارات سے محروم ہیں۔ مولانا فضل الرحمن کو صدر اور وزیر اعظم نے براہ راست نہ سہی مگر دیگر پیغامبروں کے ذریعے اپنی محدودات سے آگاہ کر دیا ہے۔ بدھ کے روز ہوئی اپنی تقریر کے دوران مولانا نے ''امرت دھارا'' اور ''فیصل آباد کا گھنٹہ گھر'' کی تراکیب غالباً اسی تناظر میں استعمال کی ہیں۔ یہ تراکیب درحقیقت ''منتخب حکومت'' کی بے اختیاری کا اظہار ہے۔ ''فیصل آباد کا گھنٹہ گھر'' ہی لیکن مولانا کے ''ترجیحی سامع'' نہیں تھے۔ ''فارم 45'' اور ''فارم 47'' کے مابین فرق بھلانے کا مشورہ دیتے ہوئے مولانا فضل الرحمن تحریک انصاف کو بھی ''ہتھ ہولا'' رکھنے کا مشورہ دیتے سنائی دئیے۔ اختر مینگل کے قومی اسمبلی سے دئیے استعفیٰ نے اسلام آباد میں جو ہلچل مچا رکھی ہے اس کی وجہ سے مولانا فضل الرحمن کی تقریر مگر ریگولر اور سوشل میڈیا پر کماحقہ انداز میں زیر بحث نہ آ سکی۔ اسے نظر انداز کرنا مگر میرے لئے ممکن نہیں۔ ڈیرہ اسماعیل خان کے رہائشی ہوتے ہوئے مولانا فضل الرحمن اپنی جماعت اور مکتبہ فکر کے مدرسوں کے نیٹ ورک کی بدولت شمالی وزیرستان سے بنوں اور لکی مروت سے لیکر ڈیرہ اسماعیل خان کو بلوچستان کے ژوب سے ملانے والے علاقے میں پھیلے سیاسی رجحانات کو حاذق حکیموں کی طرح نبض ٹٹول کر جان لیتے ہیں۔ ان کا یہ اعتراف دل دہلا دینے والا ہے کہ مذکورہ علاقوں میں ریاست پاکستان اپنا کنٹرول بہت تیزی سے کھو رہی ہے۔ مذہبی انتہا پسندی کی بنیاد پر ابھرے گروہ (مولانا نے یہ ترکیب استعمال نہیں کی کہ یہ میرے الفاظ ہیں) جمعیت العلمائے اسلام کے سربراہ کے بقول کئی قصبوں اور شہروں میں قائم کمرشل پلازوں سے بھتہ لیتے ہیں۔ سورج ڈھلتے ہی یہ گروہ مرکزی شاہراہوں کے علاوہ قصبات کو ملانے والی سڑکوں پر ''پٹرولنگ'' شروع کر دیتے ہیں۔ اپنی تقریر کے دوران مولانا یہ ثابت کرنے کو بضد رہے کہ ان کے بقول خیبر پختون خواہ کے جنوبی علاقوں سے پنجاب کے میانوالی اور بلوچستان کے ژوب تک پھیلتے علاقوں میں جو ''بدامنی'' پھیلی ہوئی ہے اس کا ذمہ دار افغانستان کے طالبان کو ٹھہرانا مناسب نہیں۔ وہ مصر رہے کہ افغانستان کی سرحد سے شروع ہو کر پاکستان کی سرحد کے اندر کئی کلومیٹر تک چپے چپے پر دو سو کے قریب چیک پوسٹیں ہیں۔ سوال اٹھتا ہے کہ اتنی چیک پوسٹوں کے ہوتے ہوئے بھی ''دہشت گرد'' وسیع و عریض علاقوں تک کیسے پہنچ جاتے ہیں۔

چیمپئنز ون ڈے کپ کے کپتانوں اور اسکواڈز کا اعلان

واضح رہے کہ کپتانوں کا تقرر 5 ٹیموں کے مینٹورز نے کیا ہے جن میں مصباح الحق (وولوز)، ثقلین مشتاق (پینتھرز)، سرفراز احمد (ڈولفنز)، شعیب ملک (اسٹالینز) اور وقار یونس (لائنز) کے مینٹور ہیں

لاہور (شیروز میاں سے) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے چیمپئنز ون ڈے کپ کی 5 ٹیموں کے کپتانوں کے ساتھ ساتھ 12 سے 29 ستمبر تک فیصل آباد میں منعقد ہونے والے ٹورنامنٹ کے لیے عارضی اسکواڈز کا اعلان کر دیا۔ واضح رہے کہ کپتانوں کا تقرر 5 ٹیموں کے مینٹورز نے کیا ہے جن میں مصباح الحق (وولوز)، ثقلین مشتاق (پینتھرز)، سرفراز احمد (ڈولفنز)، شعیب ملک (اسٹالینز) اور وقار یونس (لائنز) کے مینٹور ہیں۔ پاکستان کے ٹیسٹ نائب کپتان سعود شکیل کو ڈولفنز کا کپتان مقرر کیا گیا ہے جبکہ شاہین شاہ آفریدی لائنز کی قیادت کریں گے اور پینتھرز کی قیادت شاداب خان کے سپرد کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ پاکستان شاہینز کے کپتان محمد حارث اسٹالینز کی قیادت کریں گے اور وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان کو وولوز کی قیادت سونپی گئی ہے۔ چیمپئنز ون ڈے کپ میں ملک کے بہترین کرکٹرز شرکت کریں گے اور 50 اوورز کا یہ ٹورنامنٹ سنگل لیگ فارمیٹ میں کھیلا جائے گا۔ ایونٹ کے تمام میچز دو پہر 3 بجے شروع ہوں گے، سوائے 16 ستمبر کو لائنز بمقابلہ پینتھرز کے میچ کے، جو صبح 30:9 بجے شروع ہو گا کیونکہ اس دن ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ میں پاکستان ویمنز اور جنوبی افریقہ ویمنز کے میچ کو براہِ راست نشر کرنے کا موقع مل سکے گا۔ ٹورنامنٹ کا اختتام 4 دنوں میں 3 پلے آف میچوں کے ساتھ ہو گا جس کا اختتام اتوار 29 ستمبر کو فائنل میں ہو گا۔

چیمپئنز ون ڈے کپ کیلئے سکواڈز اور کپتانوں کا اعلان

لاہور (ویب ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے چیمپئنز ون ڈے کپ کی ٹیموں کے کپتانوں اور عارضی سکواڈز کا اعلان کر دیا۔ کپتانوں کا تقرر 5 ٹیموں کے مینٹورز کی جانب سے کیا گیا ہے، مصباح الحق (وولوز)، ثقلین مشتاق (پینتھرز)، سرفراز احمد (ڈولفنز)، شعیب ملک (سٹالینز) اور وقار یونس (لائنز) کے مینٹور ہوں گے۔ ٹیسٹ نائب کپتان سعود شکیل ڈولفنز، شاہین شاہ آفریدی لائنز، شاداب خان پینتھرز کی قیادت کریں گے، سٹالینز کی کمان محمد حارث کے ہاتھوں میں ہوگی جبکہ وولوز کی قیادت کے فرائض محمد رضوان نبھائیں گے۔ چیمپئنز ون ڈے کپ 12 سے 29 ستمبر تک فیصل آباد میں کھیلا جائے گا جس میں ملک کے بہترین کرکٹرز شرکت کریں گے، 50 اوورز کا یہ ٹورنامنٹ سنگل لیگ فارمیٹ میں کھیلا جائے گا، تمام میچز دوپہر 3 بجے شروع ہوں گے، صرف 16 ستمبر کو لائنز اور پینتھرز کا میچ صبح 30:9 بجے شروع ہوگا۔ ایونٹ کا افتتاحی میچ مصباح الحق کی وولوز اور ثقلین مشتاق کی پینتھرز کے درمیان کھیلا جائے گا، ٹورنامنٹ کا اختتام 4 دنوں میں تین پلے آف میچوں کے ساتھ ہوگا، ایونٹ کا فائنل میچ 29 ستمبر بروز اتوار کھیلا جائے گا۔ بورڈ نے پانچوں ٹیموں کے عارضی سکواڈز کا بھی اعلان کر دیا ہے، ان کھلاڑیوں کا انتخاب ٹیم کے مینٹورز نے 150 کھلاڑیوں کے ایک پول سے ڈرافٹ کے عمل کے ذریعے کیا تھا جو پی سی بی نے فٹنس ٹیسٹ کے بعد فراہم کیا تھا۔

کوہلی نے ٹیکس ادائیگی میں تمام کھلاڑیوں کو پیچھے چھوڑ دیا

ویرات کوہلی نے سال 24-2023 میں 66 کروڑ بھارتی روپے ٹیکس دیا



ممبئی (ویب ڈیسک) بھارتی کرکٹرز کی ٹیکس ادائیگی کی رپورٹ سامنے آگئی، ویرات کوہلی نے ٹیکس ادائیگی میں تمام کھلاڑیوں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ رپورٹ کے مطابق ویرات کوہلی نے سال 24-2023 میں 66 جبکہ سابق کپتان ایم ایس دھونی نے 38 کروڑ روپے بھارتی ٹیکس ادا کیا۔ اس کے علاوہ سابق بھارتی کپتان سچن ٹنڈولکر نے 28 کروڑ روپے بھارتی ٹیکس کی مد میں دیئے اور سارو گنگولی نے 23 جبکہ ہارد یک پانڈیا نے 13 کروڑ روپے بھارتی ٹیکس ادا کیا۔

پاکستانی ایتھلیٹ حیدر علی نے پیرا لمپکس میں برانز میڈل جیت لیا

پیرس (سپورٹس ڈیسک) پیرس میں جاری پیرا لمپکس میں شریک پاکستان کے واحد ایتھلیٹ حیدر علی نے ڈسکس تھرو مقابلوں میں برانز میڈل جیت لیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق حیدر علی نے 4.5.52 میٹر کی تھرو کی، اس مقابلے میں ازبکستان کے کھلاڑی یولدیشیو نے 28.57 میٹر کی تھرو کر کے گولڈ میڈل جیتا جب کہ کینیڈا کے کھلاڑی زیلیو نے 24.53 کی تھرو کے ساتھ سلور میڈل جیتا۔ حیدر علی نے ٹوکیو اولمپکس کے ڈسکس تھرو مقابلے میں گولڈ میڈل جیتا تھا۔ پیرا لمپکس میں 4 ہزار 400 ایتھلیٹس کھیلوں کے 23 مختلف مقابلوں میں شریک ہیں۔

ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی؛ ہیڈ کوچ طاہر زمان کل ٹیم کو جوائن کریں گے

لاہور (شیروز میاں سے) ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی کیلئے قومی ٹیم کے ہیڈ کوچ طاہر زمان کل ٹیم کو جوائن کریں گے۔ ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی کا آغاز اتوار سے چین میں ہوگا، روانگی سے پہلے طاہر زمان نے قومی ٹیم کی کوچنگ کو ایک مشکل ٹاسک قرار دے دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شارٹ ٹرم طریقہ کوئی نہیں لیکن لانگ ٹرم پلاننگ کے ساتھ مل کر قومی کھیل کو درست سمت میں گامزن کریں گے۔ نئے ہیڈ کوچ طاہر زمان نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ لڑکوں میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، رائٹ ڈائریکشن کے ساتھ ہمیں نیشنل سطح پر ایک ہائی پرفارمنس سینٹر بنانا ہوگا۔ پاکستان ہاکی کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے حکومتی سرپرستی کے ساتھ پرائیوٹ اسپانسرز کی بھی پہلے سے زیادہ ضرورت ہے۔

پیرس پیرا لمپکس: پاکستان کھلاڑی حیدر علی نے ڈسک تھرو میں برانز میڈل جیت لیا

پہلی تھرو ان کی باون اعشاریہ اٹھائیس میٹر رہی تھی، دوسری، تیسری، چوتھی اور پانچویں کوشش فاؤل قرار

لاہور (سپورٹس ڈیسک) پیرس میں جاری پیرا لمپکس گیمز میں پاکستان کے حیدر علی نے ڈسک تھرو میں برانز میڈل جیت لیا جب کہ ازبکستان کے ایتھلیٹ نے چھپن اعشاریہ صفر تین میٹر کے ساتھ گولڈ میڈل پایا۔ ایکسپریس نیوز کے مطابق پاکستان کے حیدر علی نے آخری کوشش میں باون اعشاریہ چون میٹر دور ڈسک پھینکی تھی، پہلی تھرو ان کی باون اعشاریہ اٹھائیس میٹر رہی تھی، دوسری، تیسری، چوتھی اور پانچویں کوشش فاؤل قرار دی گئی۔ گوجرانوالہ سے تعلق رکھنے والے حیدر علی نے ایف سینتیس کیٹگری کے ڈسکس تھرو ایونٹ میں یہ میڈل اپنے نام کیا ہے۔ حیدر علی نے ٹوکیو گیمز میں ڈسکس تھرو ایونٹ میں باون اعشاریہ چھبیس میٹر کے ساتھ گولڈ میڈل جیتا تھا۔ حیدر علی نے دو ہزار آٹھ بیجنگ گیمز کے لانگ جمپ ایونٹ میں سلور میڈل لیا، دو ہزار سولہ ریو پیرا لمپکس گیمز میں برانز میڈل پایا تھا۔

ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ: پی سی بی کا آئی سی سی سے رابطہ

کراچی (سپورٹس ڈیسک) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کا ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ کی ٹرافی ٹور سے متعلق آئی سی سی سے رابطہ ہوا ہے۔ اس بارے میں ذرائع کا کہنا ہے کہ پی سی بی نے ٹرافی ٹور کے لیے 18 سے 20 ستمبر کی تاریخیں تجویز کی ہیں۔ واضح رہے کہ آئی سی سی ویمن ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کپ 3 اکتوبر سے دبئی اور شارجہ میں کھیلا جائے گا۔ آئی سی سی ویمنز ٹی ٹوئنٹی ورلڈ کے حوالے سے پاکستان ٹیم کی بات کی جائے تو میگا ایونٹ سے قبل پاکستان کرکٹ ٹیم کی کپتان ندا ڈار کو تبدیل کر دیا گیا ہے اور اب فاطمہ ثناء ایونٹ میں قومی ٹیم کی قیادت کریں گی۔

قومی کرکٹر محمد حارث رشتہ ازدواج میں منسلک

پشاور (سپورٹس ڈیسک) قومی کرکٹر محمد حارث رشتہ ازدواج میں منسلک ہو گئے۔ محمد حارث کے نکاح کی تقریب پشاور میں ہوئی، نکاح کی تقریب میں محمد حارث کے قریبی رشتہ داروں نے شرکت کی۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ محمد حارث نے اپنے رشتہ داروں میں نکاح کیا۔ خیال رہے کہ چیمپئنز ون ڈے کپ میں محمد حارث کو سٹالینز کی ٹیم کا کپتان مقرر کیا گیا ہے، سٹار بلے باز بابر اعظم، حارث رؤف، شان مسعود، اعظم خان، زمان خان و دیگر کھلاڑی وکٹ کیپر بلے باز کی قیادت میں ان ایکشن ہوں گے۔

قومی کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ لاہور سے فیصل آباد منتقل

لاہور (سپورٹس ڈیسک) قومی کرکٹرز کے فٹنس ٹیسٹ لاہور سے فیصل آباد منتقل کر دیئے گئے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ چیمپئنز ون ڈے کپ کے لیے کھلاڑیوں کی فیصل آباد میں موجودگی کے باعث یہ فیصلہ کیا گیا۔ ذرائع نے بتایا کہ قومی کھلاڑیوں کے فٹنس ٹیسٹ اب 7 اور 9 ستمبر کو ہوں گے، مینٹورز نے فیصل آباد میں فٹنس ٹیسٹ لینے کی تجویز دی تھی۔ ذرائع کے مطابق چیمپئنز ون ڈے کپ کے لیے کھلاڑیوں کو آج تک رپورٹ کرنا ہے۔

بابر اعظم کی جگہ نئے کپتان کی تقرری کا امکان

لاہور (شیروز میاں سے) پاکستان کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم کے چیمپئنز ون ڈے کپ میں کپتانی نہ کرنے سے ان کے پاکستان وائٹ بال ٹیم کا کپتان برقرار نہ رہنے کا اشارہ ملا ہے۔ اسی حوالے سے ذرائع کا کہنا ہے کہ آسٹریلیا کے دورے کے لیے نیا وائٹ بال کپتان مقرر ہونے کا امکان ہے اور بابر اعظم کی جگہ نئے کپتان کی تقرری کا قوی امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق وائٹ بال کے ہیڈ کوچ گیری کرسٹن اس حوالے سے جولائی میں بورڈ آفیشلز اور کپتان سے بات کر چکے ہیں۔

نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کیلئے رنگنا ہیراتھ نے بطور کوچ ثقلین مشتاق کی جگہ لے لی

لاہور (شیروز میاں سے) نیوزی لینڈ کرکٹ بورڈ نے حال ہی میں ایشین سرزمین میں ٹیسٹ میچز کی سیریز کھیلنی ہے لہٰذا کیوی ٹیم کے لیے ایشین کنڈیشنز کا تجربہ رکھنے والوں کی خدمات حاصل کر لی گئی ہیں۔ نیوزی لینڈ کرکٹ بورڈ نے سری لنکا کے سابق اسپنر رنگنا ہیراتھ کو ایشیاء میں 3 ٹیسٹ میچز کے لیے اسپن بولنگ کوچ مقرر کر دیا۔ نیوزی لینڈ کرکٹ بورڈ کے مطابق رنگنا ہیراتھ نے پاکستان کے ثقلین مشتاق کی جگہ لی ہے کیونکہ ثقلین مشتاق پاکستان کرکٹ بورڈ میں پوزیشن سنبھالنے پر دستبردار ہوئے ہیں۔ اس کے علاوہ بھارت کے سابق بیٹنگ کوچ وکرم راٹھور افغانستان کے خلاف ٹیسٹ میچ کے لیے کوچنگ اسٹاف میں شامل ہوئے ہیں۔

ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی؛ ہیڈ کوچ طاہر زمان کل ٹیم کو جوائن کریں گے

شارٹ ٹرم طریقہ کوئی نہیں لیکن لانگ ٹرم پلاننگ کے ساتھ مل کر قومی کھیل کو درست سمت میں گامزن کریں گے

ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی کیلئے قومی ٹیم کے ہیڈ کوچ طاہر زمان کل ٹیم کو جوائن کریں گے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق ایشین ہاکی چیمپئنز ٹرافی کا آغاز اتوار سے چین میں ہوگا، روانگی سے پہلے طاہر زمان نے قومی ٹیم کی کوچنگ کو ایک مشکل ٹاسک قرار دے دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ شارٹ ٹرم طریقہ کوئی نہیں لیکن لانگ ٹرم پلاننگ کے ساتھ مل کر قومی کھیل کو درست سمت میں گامزن کریں گے۔ نئے ہیڈ کوچ طاہر زمان نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ لڑکوں میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، رائٹ ڈائریکشن کے ساتھ ہمیں نیشنل سطح پر ایک ہائی پرفارمنس سینٹر بنانا ہوگا۔ پاکستان ہاکی کو اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے حکومتی سرپرستی کے ساتھ پرائیوٹ اسپانسرز کی بھی پہلے سے زیادہ ضرورت ہے۔ ہاکی سے محبت کرنے والے پرفارمنس سے ناراض ہیں لیکن یقین ہے کہ اچھی پلاننگ اور توجہ کے ساتھ ہم عروج کا سفر شروع کر سکتے ہیں۔

SHOWBIZ
قوت

فواد خان کی مداح ہوں، اُن کے کئی ڈرامے دیکھے ہیں؛ وانی کپور

جب بھی وقت ملتا ہے تو اپنی والدہ کے ہمراہ اُن کے ڈرامے ضرور دیکھتی ہوں



ممبئی (شوبز ڈیسک) بالی ووڈ اداکارہ وانی کپور بھی عالمی شہرت یافتہ پاکستانی سپر اسٹار فواد خان کی مداح نکلیں۔ وانی کپور نے حال ہی میں بی بی سی ایشین نیٹ ورک کو دیے گئے انٹرویو میں کہا کہ میں نے اسٹریمنگ پلیٹ فارمز پر فواد خان کے متعدد ڈرامے دیکھے ہیں، مجھے اُن کا کام پسند ہے اور جب بھی وقت ملتا ہے تو اپنی والدہ کے ہمراہ اُن کے ڈرامے ضرور دیکھتی ہوں۔ بھارتی اداکارہ نے کہا کہ میری والدہ بھی فواد خان اور اُن کے ڈراموں کی مداح ہیں، اُن کا کام انتہائی شاندار ہے اور ہر ڈرامے میں اُن کا کردار پہلے والے کردار سے مختلف ہوتا ہے۔ انہوں نے فواد خان کی اداکاری کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ فواد خان با آسانی مختلف کرداروں میں ڈھل جاتے ہیں، مجھے اُن کے دو ڈرامے 'ہمسفر' اور 'زندگی گلزار ہے' بہت زیادہ پسند ہیں۔ وانی کپور نے کہا کہ میری طرح بھارتی شائقین بھی فواد خان سے بہت محبت کرتے ہیں۔

سجل نمکین چائے پیش کریں تو خاموشی سے پی لوں گا: فیروز خان

لاہور (شوبز ڈیسک) پاکستانی شوبز انڈسٹری کے نامور اداکار فیروز خان کا کہنا ہے کہ اگر سجل علی نمکین چائے پیش کریں گی تو خاموشی سے پی لوں گا۔ حال ہی میں فیروز خان اور ان کی بہن و اداکارہ حمائمہ ملک نے بھارتی صحافی فریدون شہریار کو آن لائن انٹرویو دیا، جس کے مختصر ویڈیو کلپس سوشل میڈیا پر وائرل ہو رہے ہیں۔ اس انٹرویو کے دوران صحافی نے فیروز خان کے ساتھ ریپڈ فائر راؤنڈ کھلا اور دلچسپ سوالوں کے جوابات پوچھے۔ صحافی نے اداکار سے سوال کیا کہ جب اگلی بار سجل علی آپ کو نمکین چائے پیش کریں گی تو آپ کیا کریں گے؟ اداکار نے جواب دیا کہ میں نے برسوں سے سجل کو نہیں دیکھا لیکن اگر ان کی طرف سے نمکین چائے پیش کی جائے تو وہ خاموشی سے پی لوں گا۔ صحافی نے اداکار سے ایک اور سوال کیا کہ اگر ہانیہ عامر کو جرم میں مدد کرنی پڑے تو کس طرح منع کریں گے؟ اداکار نے کہا کہ ہانیہ میری بہت اچھی دوست ہیں، انہیں منع نہیں کروں گا بلکہ ان کی مدد کروں گا۔ خیال رہے کہ ماضی میں اداکار فیروز خان اور اداکارہ سجل علی کی جوڑی نے آن اسکرین اور آف اسکرین کافی مقبولیت حاصل کی تھی۔ ان دونوں کی ایک دوسرے کو ڈیٹ کرنے کے حوالے سے افواہیں زیرِ گردش رہیں لیکن ان کے معاملات کسی رشتے میں تبدیل ہونے سے قبل ختم ہو گئے۔

سیف علی خان کی جہانگیر کے ساتھ نئی جیپ میں سواری، مداحوں کے دلچسپ تبصرے

نئی دہلی (ویب ڈیسک) بالی ووڈ اداکار سیف علی خان اپنے بیٹے جہانگیر کے ساتھ حال ہی میں نئی جیپ میں سواری کے لیے نکلے تاکہ دونوں باپ بیٹے اکٹھے وقت گزاریں۔ دونوں کی جیپ میں گھومنے پھرنے کی ویڈیو بھی سامنے آگئی، 3 سالہ جہانگیر فرنٹ سیٹ پر بیٹھے اپنے اردگرد دیکھتے رہے جبکہ ان کے والد ڈرائیونگ سیٹ پر موجود تھے۔ یہ ویڈیو پاپارازی وائرل بھایانی نے شیئر کی ہے۔ ویڈیو دیکھ کر پرستاروں نے باپ بیٹے کو سواری سے لطف اندوز ہوتے دیکھ کر اپنے ردعمل کا اظہار کیا۔ ایک مداح نے تبصرہ کیا، ایک بھوپالی، ہمیشہ بھوپالی ہی رہتا ہے۔

رمی سین کا کار کمپنی کے خلاف 50 کروڑ ہرجانے کا مقدمہ

ممبئی (ایجنسی نیوز) بالی ووڈ اداکارہ رمی سین نے گاڑی بنانے والی کمپنی کے خلاف 50 کروڑ روپے ہرجانے کا مقدمہ دائر کر دیا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق اداکارہ نے گاڑی کے مسلسل مسائل اور ناکافی مرمت کی وجہ سے ذہنی اذیت میں مبتلا ہونے کا دعویٰ کیا ہے۔ رمی سین نے 2020 میں 92 لاکھ روپے کی لاگت سے گاڑی خریدی تھی، کووڈ 19 کے دوران گاڑی کم استعمال ہوئی لیکن پابندیاں ہٹنے کے بعد گاڑی کے مختلف مسائل سامنے آئے، جیسے سن روف، ساؤنڈ سسٹم اور ریئر اینڈ کیمرے کے مسائل شامل ہیں۔ 25 اگست 2022 کو ریئر اینڈ کیمرے کی خرابی کی وجہ سے گاڑی کا ستون سے ٹکراؤ ہوا، رمی سین کا دعویٰ ہے کہ ڈیلر نے ان کی شکایات کو سنجیدگی سے نہیں لیا

شوہر کے ساتھ کوئی اور خاتون اچھی نہیں لگتی، حبا بخاری

کراچی (شوبز ڈیسک) اداکارہ حبا بخاری کا کہنا ہے کہ وہ اپنے شوہر کے ساتھ سب سے زیادہ اچھی لگتی ہیں جب کہ انہیں شوہر کے ہمراہ کوئی اور خاتون اچھی نہیں لگتی۔ حبا بخاری کی شوہر اور اپنے بارے میں بات کرنے کی مختصر ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی، جس میں انہوں نے بتایا کہ وہ کس اداکار کے ساتھ کام کرتے ہوئے اچھی لگتی ہیں۔ خاتون نے اداکارہ سے سوال کیا کہ وہ کس مرد اداکار کے ساتھ کام کرتے وقت خود کو آرام دہ محسوس کرتی ہیں؟ اس پر اداکارہ ہنس پڑیں اور کہنے لگیں کہ مرد کے ساتھ پرسکون؟ بعد ازاں خاتون نے اپنے سوال کو درست کیا اور پوچھا کہ انہیں کس اداکار کے ساتھ کام کرنا پسند ہے اور وہ خود کیا سمجھتی ہیں کہ وہ کس کے ساتھ اچھی لگتی ہیں؟

اکشے کمار کی نئی فلم 'سکائے فورس' کو یوم جمہوریہ پر ریلیز کرنے کا فیصلہ

ممبئی (ویب ڈیسک) بھارتی اداکار اکشے کمار کی نئی فلم 'سکائے فورس' کی ریلیز کی تاریخ آئندہ سال 24 جنوری مقرر کر دی گئی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق فلم کو یوم جمہوریہ کے موقع پر ریلیز کیا جائے گا کیونکہ یہ ایک حب الوطنی پر مبنی فلم ہے، پہلے فلم کو 2 اکتوبر کو ریلیز کیا جانا تھا، لیکن ریلیز کی تاریخ کو آگے بڑھا دیا گیا ہے۔ فلم میں اکشے کمار کے ساتھ سارہ علی خان، ویر پہاڑیا اور نمرات کور بھی شامل ہیں جبکہ فلم کی ہدایتکاری سندیپ کیولانی اور ابھیشیک کپور کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ اکشے کمار کے لئے یہ چھٹی فلم ہوگی جو یوم جمہوریہ پر ریلیز ہوگی۔

شاہ رخ خان پہلی بار بھارت کے امیر ترین افراد کی لسٹ میں شامل

مالی کامیابی کے علاوہ شاہ رخ خان کو سوشل میڈیا پر سب سے زیادہ فالو کیا جاتا ہے

ممبئی (ویب ڈیسک) بالی ووڈ کے سپر سٹار شاہ رخ خان نے 2024 کی ہورون انڈیا کے امیر ترین افراد کی فہرست میں جگہ بنا لی۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 58 سال کی عمر میں اداکار کی مجموعی دولت کا تخمینہ تقریباً 7300 کروڑ روپے لگایا گیا ہے۔ شاہ رخ خان کی اس فہرست میں شمولیت کا سبب ان کی مختلف شعبوں میں کامیاب سرمایہ کاری ہے جن میں کولکتہ نائٹ رائیڈرز کرکٹ ٹیم اور پروڈکشن کمپنی ریڈ چلیز انٹرٹینمنٹ شامل ہیں۔ مالی کامیابی کے علاوہ شاہ رخ خان کو سوشل میڈیا پر بھی سب سے زیادہ فالو کیا جانے والا شخص ہونے کا اعزاز حاصل ہے جہاں ان کے ٹوئٹر پر 1.44 ملین فالوورز ہیں، یہ تعداد اس فہرست میں شامل تمام ارب پتیوں اور مشہور شخصیات سے زیادہ ہے۔ شاہ رخ خان کا یہ سفر آسان نہیں تھا، ان کی ساتھی اداکارہ اور کولکتہ نائٹ رائیڈرز کی شریک مالک جوہی چاولہ کے مطابق ایک وقت ایسا بھی آیا تھا جب مالی مشکلات کے باعث انہیں اپنی گاڑی بیچنی پڑی تھی کیونکہ ای ایم آئیز ادا نہیں ہو رہی تھیں۔ پیشہ ورانہ محاذ پر شاہ رخ خان اپنی آنے والی فلم 'ٹائیگر بمقابلہ پٹھان' کی تیاری کر رہے ہیں۔

ملالہ یوسفزئی کی بطور پروڈیوسر ہالی ووڈ دستاویزی فلم کا پہلا ٹریلر جاری

لاہور (فارن ڈیسک) نوبل انعام یافتہ ملالہ یوسفزئی نے ہالی ووڈ فلم 'لاسٹ آف دی سی ویمن' سے بطور پروڈیوسر ڈیبیو کر لیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق ہدایت کار سو کم اور اے 24 کی دستاویزی فلم کا پہلا ٹریلر ریلیز کر دیا گیا۔ فلم میں ایک غوطہ خور کورین خاتون کی کہانی کو بیان کیا گیا ہے، جو خوراک کی تلاش میں آکسیجن کے بغیر سمندر کی تہہ تک چلی جاتی ہے اور تمام خطرات کے باوجود بھی اپنا کام جاری رکھتی ہے۔ ملالہ یوسفزئی اس دستاویزی فلم کو اپنے پروڈکشن بینر ایکسٹرا کریکولر پروڈکشن کے تحت بطور پروڈیوسر تیار کر رہی ہیں جبکہ سو کم، ایریکا کین ایئر، نیکول اسٹوٹ، ایملی آسبرون اور ہیری گو بھی ان کے ساتھ پروڈیوسر ہیں۔ میریسا توریس ایرکسن اس دستاویزی فلم کی ایگزیکٹیو پروڈیوسر ہیں۔

باتھ روم جانے سے پہلے بھی لوگ سوشل میڈیا پر سیلفی لگاتے ہیں، امر خان

لاہور (ویب ڈیسک) معروف اداکارہ امر خان نے کہا ہے کہ اگرچہ آج کل کے دور میں سوشل میڈیا پیسے کمانے اور مداح بنانے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے لیکن بہت سارے لوگ باتھ روم جانے سے پہلے بھی سوشل میڈیا پر سیلفی لگاتے ہیں۔ امر خان حال ہی میں گپ شپ میں شریک ہوئیں، جہاں انہوں نے مختلف معاملات پر کھل کر بات کی۔ انہوں نے بتایا کہ جب وہ ایک جیسے کردار ادا کرنے کے بعد تھک جاتی ہیں، تب وہ لکھنے کا کام کرتی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ اچھی طالب علم رہی ہیں اور بچپن میں انہیں بولی ووڈ بادشاہ شاہ رخ خان بہت پسند تھے۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ اگر انہیں بولی وڈ میں کام کرنے کا موقع ملے گا تو وہ راج کمار راؤ کے ساتھ کام کرنا پسند کریں گی لیکن اگلے سال وہ کسی اور کے ساتھ بھی کام کرنا پسند کریں گی۔ امر خان نے پروگرام میں بات کرتے ہوئے بتایا کہ اگر انہیں اپنی شخصیت کو ایک لفظ میں بیان کرنا پڑے تو وہ لفظ "شعلہ" کا انتخاب کریں گی لیکن حقیقی زندگی میں وہ انتہائی معصوم ہیں۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ وہ کرداروں میں جتنی معصوم نظر آتی ہیں، حقیقی زندگی میں وہ اس سے بھی زیادہ معصوم ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں امر خان نے کہا کہ ماضی کے مقابلے میں اب اداکاروں کے پاس بہت زیادہ مواقع ہیں اور اس وقت سوشل میڈیا پیسے کمانے اور مداح بنانے کا سب سے بڑا ذریعہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ سوشل میڈیا کے زیادہ استعمال اور اس کی کمائی کی وجہ سے اداکار پھر کام کرنا بھی کم کر دیتے ہیں جب کہ انہیں اشتہارات بھی ملنے لگتے ہیں۔

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور

صنعت وتجارت نیوز



معیشت نامہ

چیمبر آف کامرس کے الیکشن کیلئے میاں اسلم پرویز گروپ کا گلف کلب مارکی میں شاندار شو آف پاور، عظیم سماجی شخصیت راجہ مجاہد افسر ڈنڈوت کی خصوصی شرکت

چکوال (ایم ایوب سلطانی) راجہ مجاہد افسر نے تاجر برادری کیلئے بے پناہ خدمات پر گروپ لیڈر سہیل آفتاب کو گولڈ میڈل پہنایا اور پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔راولپنڈی چیمبر آف کامرس کے الیکشن کیلئے میاں اسلم پرویز گروپ کا 11 ستمبر کو ہونے والے الیکشن کے حوالے سے گذشتہ شب بھرپور شو آف پاور، گلف کلب مارکی راولپنڈی میں میاں گروپ نے سات سو سے زائد ممبران کے اعزاز میں پر تکلف عشائیہ دیکر مخالفین پر نفسیاتی برتری حاصل کرلی ہے، پر تکلف عشائیے میں عظیم سماجی شخصیت چیئرمین قائمہ کمیٹی معدنیات راولپنڈی چیمبر آف کامرس راجہ مجاہد افسر ڈنڈوت نے بھی خصوصی طور پر شرکت کی اور گروپ لیڈر سہیل آفتاب کو تاجر برادری کیلئے ان کی گراں قدر خدمات پر گولڈ میڈل پہنایا اور پھولوں کا گلدستہ بھی پیش کیا۔اس موقع پر موجودہ صدر چیمبر آف کامرس ثاقب رفیق بھی موجود تھے، راجہ مجاہد افسر کا اس موقع پر یہ کہنا تھا کہ تاجر برادری کیلئے میاں اسلم پرویز گروپ کی بے پناہ خدمات ہیں اور میری نیک تمنائیں گروپ کے ساتھ ہیں، 11 ستمبر کو ہونیوالے الیکشن میں میاں اسلم پرویز گروپ میدان فتح کرے گا۔

پیپلز سوشل ویلفیئر سوسائٹی اور ای لائبریری کے زیر اہتمام 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے تقریب کا انعقاد

سرگودھا (ڈسٹرکٹ رپورٹر سے) پیپلز سوشل ویلفیئر سوسائٹی اور ای لائبریری کے زیر اہتمام 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان پر اپنی پاک افواج اور اس کے شہیدوں کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں سیاسی اور سماجی شخصیات کے علاوہ یونیورسٹی اف سرگودھا کی طلباء اور طالبات کی بڑی تعداد نے شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صدر پیپلز سوشل سوسائٹی اور چیئرمین ڈسٹرکٹ کوارڈینیشن کونسل اف این جی اوز سرگودھا عبدالمنان چودری کا کہنا تھا کہ چھ ستمبر ہمارا قومی دن ہے .جس دن ہمارے بزدل دشمن نے رات کے اندھیرے میں پاکستان پر حملہ کیا اور وہ یہ سوچ کر آئے کہ صبح کا ناشتہ لاہور جم خانہ میں کرنا ہے لیکن پاکستانی قوم اور اس کی افواج نے اپنے جذبہ ایمانی سے بھارت کو ایسا منہ توڑ جواب دیا کہ جس کے زخم وہ اج بھی چاٹ رہا ہے ۔انہوں نے مزید کہا کہ ہمیں اج بھی اسی جذبے کی ضرورت ہے تا کہ ہم پاکستان کو دنیا کی ایک ترقی یافتہ اور مضبوط مملکت بنا سکیں۔

مکار دشمن نے رات کے اندھیرے میں وار کر کے بزدلی کا ثبوت دیا، فوزیہ ثمینہ

افواج پاکستان کی دیدہ دلیری اور مستعدی نے دفاع پاکستان کو ناقابل تسخیر بنادیا، صدر تنظیم اساتذہ پاکستان خواتین ونگ

فیصل آباد (مسعود احمد بھٹہ) تنظیم اساتذہ پاکستان خواتین ونگ کی مرکزی صدر ساجدہ ظفر، جنرل سیکرٹری پاکیزہ رؤف، صوبائی صدر جنوبی پنجاب شمشاد اختر، ضلعی صدر فیصل آباد فوزیہ ثمینہ نے یوم دفاع پاکستان کے موقع پر اپنے مشترکہ پیغام میں مسلح افواج کی قربانیوں اور وطن کی دفاع میں ان کی بے پناہ خدمات اور بے لوث جذبے کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ یوم دفاع پاکستان ہمیں یاد دلاتا ہے کہ وطن کا دفاع افواج پاکستان اور غیور عوام کے لیے پہلی ترجیح ہے-ہمیں اپنے وطن کی سالمیت اور خود مختاری کو برقرار رکھنے کے لئے اپنی فوج کی عظیم قربانیوں کو یاد رکھنا ہے-انہوں نے مزید کہا کہ مکار دشمن نے رات کے اندھیرے میں حملہ کر کے اپنے بزدلی کا ثبوت دیا مگر افواج پاکستان کی دیدہ دلیری اور مستعدی نے دفاع پاکستان کو نا قابل تسخیر بنا دیا- اج وطن عزیز اندرونی و بیرونی سازشوں میں گھرا محسوس ہوتا ہے- پھر سے وطن کے دفاع کو مضبوط بنانے کے لیے ہمیں بحیثیت قوم 1965 والے اتحاد ، عزم اور جذبے کی ضرورت ہے- وطن کی جغرافیائی سرحدوں کے ساتھ ساتھ وطن عزیز کی نظریاتی سرحدوں کو بھی مضبوط بنانا ہے- جس میں اولین ذمہ داری اساتذہ کرام کی ہے-اج کا دن ہمیں وطن کے دفاع کو مضبوط اور نا قابل تسخیر بنانے کے لیے دعوت عمل دیتا ہے- پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کی حفاظت کے لیے نونہالان وطن کے ذہنوں کی نظریہ پاکستان سے آبیاری کرنا ہوگی- انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے جان پر کھیل کر وطن عزیز کے دفاع کو نا قابل تسخیر بنایا - دفاع وطن کے لیے ان مجاہدین کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔

علامہ اقبال پوسٹ گریجوایٹ گرلز کالج میں سیمینار کا انعقاد

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) یوم دفاع پاکستان 6 ستمبر 1965 کی جنگ میں جرات و بہادری کی داستانیں رقم کرنے والے قوم کے ان عظیم سپوتوں کو یاد کرنے کا دن ہے جنہوں نے اپنے اجسام پر بم باندھ کر بھارتی جارحیت کو روکنے کیلئے ٹینکوں کے سامنے لیٹ کر اپنی جانیں قربان کر کے بھارت کو وہ دندان شکن جواب دیا جس نے دنیا ہائے ممالک کو ورطہ حیرت میں ڈال دیا۔وہ بری جنگ ہو یا فضائیہ افواج پاکستان نے مادر وطن و قوم کی حفاظت کرتے ہوئے وہ کارہائے نمایاں انجام دیئے کہ ازلی دشمن بھارت کو بھاگنے پر مجبور کر دیا۔ان باتوں کا اظہار گورنمنٹ علامہ اقبال پوسٹ گریجوایٹ گرلز کالج سیالکوٹ میں منعقدہ شہدائے وطن سیمینار کے دوران پرنسپل کالج ھذا مسز زیبا ظہور و دیگر اساتذہ نے دوران خطاب کیا ۔پروفیسر ندرت نے کہا کہ امت مسلمہ کی واحد تسلیم شدہ ایٹمی طاقت پاکستان ایک حقیقت کا نام اور دنیا بھر میں اپنے محل وقوع کے اعتبار سے ایک نایاب ملک ہے ۔انشاءاللہ وطن عزیز قائم دائم رہے گا۔

ایم اے روف کی وفات پر ستی

پریس کلب نارنگ کا تعزیتی اجلاس

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) یونیورسٹی آف لاہور کے بانی ایم اے روف کی وفات پر ستی پریس کلب نارنگ کا تعزیتی اجلاس زیر صدارت صدر اعظم علی باجوہ منعقد ہوا تعزیتی اجلاس میں مرحوم ایم اے رؤف کی وفات گہرے غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا کہ تعلیم کے شعبہ اور انسانیت کی فلاح کے لئے مرحوم کی خدمات کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا یقینا وہ ایک انسان دوست شخصیت تھے اللہ پاک مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں جگہ اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائیں اجلاس میں چیئرمین شاہد یوسف جنرل سیکرٹری محمد صاحب مینو میاں معظم نواز شکیل احمد مغل ظہیر ارشد مغل میاں محمد منشاء ولید احمد سرویا عثمان مان مرزا عبدالباسط ایڈووکیٹ وقاص علی عامر ذوالفقار گھمن نے شرکت کی۔

شورکوٹ: چھ ستمبر یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے ریلی کا اہتمام

ڈی ایس پی مہر محمد حیات سرگانہ کے زیر اہتمام اسسٹنٹ کمشنر آفس سے ریلی نکالی گئی

شورکوٹ (نمائندہ قوت حاجی گلزار احمد جٹ سے) شورکوٹ ضلع جھنگ میں بھی دوسرے شہروں کی طرح چھ ستمبر یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے ریلی کا اہتمام کیا گیا اسسٹنٹ کمشنر شورکوٹ اسفند یار اور ڈی ایس پی شورکوٹ مہر محمد حیات سرگانہ کے زیر اہتمام اسسٹنٹ کمشنر کے آفس سے ریلی نکالی گئی اور تحصیل چوک میں ریلی کا اختتام ہوا جس میں سول سوسائٹی، وکلاء پولیس، ریسکیو 1122 کا عملہ میونسپل کمیٹی کا عملہ تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال کا عملہ اور گورنمنٹ ہائی کے اساتذہ اور طلبہ نے بھرپور شرکت ۔اسسٹنٹ کمشنر اسفند یار نے کہا کہ جزبہ چھ ستمبر 1965 ہمارے دلوں میں آج بھی زندہ ہے

ننکانہ صاحب میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ضلع کونسل ہال میں یوم دفاع کی مرکزی تقریب کا انعقاد

ننکانہ صاحب: ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ کیپٹن حسنین نواز شہید کی والدہ اور والد سے ملاقات کر رہے ہیں۔

ننکانہ صاب: محمد احمد عمران یوم ددفاع کے موقع پر تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ننکانہ صاحب: (رانا اسامہ) ننکانہ صاحب میں ضلعی انتظامیہ کے زیر اہتمام ضلع کونسل ہال میں یوم دفاع کی مرکزی تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو، ممبران پنجاب اسمبلی مہر کاشف رنگ الہی پڈھیار، آغا علی حیدر خان، سی ای او محکمہ تعلیم، دیگر ضلعی محکموں کے افسران، اساتذہ، طلباء، سرجیت سنگھ کنول، کرسچن کمیونٹی سمیت علماء کرام کی بڑی تعداد تقریب میں موجود تھی۔طلباء نے تقاریر اور ملی نغموں کے ذریعے وطن سے محبت اور شہداء کو سلام پیش کیا، سکولوں کے بچوں نے تقاریر اور ملی نغموں سے 1965 کے معرکہ میں افواج پاکستان کی بہادری اور جاں نثاری کی عکاسی کی۔ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راو نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 6 ستمبر کا دن ہمارے بہادر جوانوں کی عزم وہمت کی داستانوں سے رقم ہے، پاک فوج کے جوانوں اور افسروں نے جس طرح ارض وطن کی حفاظت کے لئے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا وہ قابل ستائش اور ہمارے لئے مشعل راہ ہے۔انہوں نے کہا کہ پاک فوج جذبہ ایمانی سے سرشار ہو کر اپنی سرحدوں کا دفاع کرتی ہے، آج کا دن منانے کا مقصد افواج پاکستان اور شہدا کی عظیم قربانیوں کو خراج تحسین پیش کرنا ہے۔ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ 6 ستمبر کا دن وطن کی خاطر اپنی جانوں کا صدقہ دینے کا دن ہے۔انہوں نے کہا کہ سیاسی جماعتوں کو ملک میں امن و امان کے لیے مل کر بیٹھ کر مسائل حل کرنا ہونگے تاکہ ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکے۔ممبر صوبائی اسمبلی مہر کاشف رنگ الہی پڈھیار نے تقریب کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ چائنہ واحد ملک ہے جو ہمارا خیر خواہ ہے، ہم چاروں طرف سے دشمنوں سے گھرے ہوئے ہیں، یہ پاک فوج ہی ہے جس کی وجہ سے ہم آزاد سانس لے رہے ہیں۔

مصطفی آباد میں 55 شہدا کو افواج پاکستان کے دستوں کی سلامی

ایم پی اے چوہدری الیاس نے معززین علاقہ کے ہمراہ یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مصطفی آباد میں دفن 55 شہدا کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے تقریبات، افواج پاکستان کے دستے نے میجر اظہار کی قیادت میں سلامی پیش کی، ایم پی اے چوہدری الیاس و دیگر معززین علاقہ کے ہمراہ یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھائی، ملکی سلامتی و خوشحالی کے لئے دعائیں کی گئی، بچوں کے تقریری مقابلوں کا بھی انعقاد کیا گیا تقریب کے مہمان خصوصی ایم پی اے چوہدری محمد الیاس گجر، گرینڈ ایلائنس کے عہدیداران منظور شاہین روپال، مہر محمد سرور، ادریس نمبردار، محمد جمیل، ریٹائرڈ آرمی آفیسرز و دیگر کے ہمراہ یادگار شہدا پر پھولوں کی چادر چڑھا رہے ہیں، خادم شہدا مصطفی آباد حاجی غلام مصطفی رحمانی کی طرف سے آنے والے مہمانوں کو شیلڈز پیش کی گئی۔

بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری: یوم دفاع کے موقع پر دعائیہ تقریب اور کیک کٹنگ

صدر چیمبر چوہدری ذوالفقار علی مان، سینئر نائب صدر حنیف احمد، نائب صدر عدیل خالد، ودیگر ممبران کی شرکت

بہاولپور: پروفیسر ڈاکٹر محمد عاطف ڈائریکٹر اورک اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور اور بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے دورے کے موقع پر چوہدری ذوالفقار علی مان صدر بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری سے تبادلہ خیال کر رہے ہیں۔

بہاولپور (بیورو رپورٹ) بہاولپور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری میں 6 ستمبر یوم دفاع کے موقع پر ایک دعائیہ تقریب اور کیک کٹنگ کا اہتمام کیا گیا جس میں صدر چیمبر چوہدری ذوالفقار علی مان، سینئر نائب صدر حنیف احمد، نائب صدر عدیل خالد، اراکین ایگزیکٹو کمیٹی، سابق صدر ملک محمد اعجاز ناظم اور دیگر ممبران شریک ہوئے۔اس موقع پر صدر چیمبر نے اپنے بیان میں کہا کہ ہم ستمبر 1965 کی جنگ کے شہداء اور غازیوں کو سلام پیش کرتے ہیں اور ان کی قربانیوں کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں ۔صدر چیمبر نے کہا کہ آج کے دن وطن کی حفاظت کرتے ہوئے فوجی جوانوں نے شہادتوں کی وہ رقم داستان کی جو ہمیشہ یاد رکھی جائے گی ۔انہوں نے کہا کہ پاکستان ہماری جائے پناہ و امان ہے اور اسکی حفاظت کرنے والے افواج پاکستان ہمارے ہیرو ہیں جن پر ہمیں فخر اور غرور ہے ۔صدر چیمبر نے کہا کہ افواج پاکستان کی بدولت ہم چین کی نیند سوتے ہیں۔

شہداء یوم دفاع پاکستان کو سلام عقیدت پیش کرتے ہیں، چوہدری سلطان محمود

ستمبر 1965ء میں پاکستان نے بھارت کو تاریخ کی ذلت آمیز شکست دی

سمندری (اعظم رضا راول سے) شہداء یوم دفاع پاکستان کو سلام عقیدت پیش کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ ستمبر 1965 سیالکوٹ کو بھارتی ٹینکوں کا قبرستان بنا کر پاکستان نے بھارت کو تاریخ کی ذلت آمیز شکست دی۔ یوم دفاع فوج اور عوام کی یکجہتی اور وطن کی حفاظت کیلئے قربانی کا درس دیتا ہے بلاشبہ کسی بھی ریاست کا دفاع عوام اور فوج کے آپسی بہترین اعتماد اور یکجہتی کے بغیر ممکن نہیں ہوتا۔عوام اور فوج کی یکجہتی اور اس کے اثرات کو 6 ستمبر 1965 کی جنگ اور 1971 سانحہ مشرقی پاکستان سے سمجھا جاسکتا ہے۔ان خیالات کا اظہار معروف سماجی و سیاسی شخصیت چوہدری سلطان محمود نے اپنے بیان میں کیا مزید کہنا تھا کہ پاکستان کے خلاف سازشیں ناکام بنانے کیلئے 1965 والے جذبے کو پیدا کرنے کی ضرورت ہے قیام پاکستان کے مقاصد کی تکمیل سے مملکت خداداد میں امن قائم اور اتحاد، یکجہتی کا ماحول پیدا ہوگا پاکستان کی موجودہ سیاسی، معاشی اور عوامی حالت پاکستان کیلئے خطرناک صورتحال ہے جو وطن کے دفاع کو کمزور تر کر رہی ہے۔

عوام کو صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، صائمہ علی

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ڈپٹی کمشنر صائمہ علی نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب عوام کو صحت مند اور صاف ستھرا ماحول فراہم کرنے کے لئے تمام وسائل بروئے کار لا رہے ہیں، شہریوں کے ساتھ دیہات کی صفائی بھی اولین ترجیح ہے، گھروں، گلی محلوں اور شہر کو صاف ستھرا رکھنا ہم سب کی ذمہ داری ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے دفتر میں ستھرا پنجاب پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا جس میں اسسٹنٹ کمشنر ساہیوال رانا اورنگزیب، اسسٹنٹ کمشنر چیچہ وطنی احسن وحید گوندل سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ڈپٹی کمشنر صائمہ علی نے کہا کہ ستھرا

پاکستان کی بقا ہی ہماری بقا ہے، شیخ فیاض احمد

ہجرت کے سفر میں جتنی شہادتیں ہوئی وہ تاریخی تھیں، رہنما مرکزی مسلم لیگ چنیوٹ

دفاع پاکستان مارچ
6 ستمبر 1965
پاکستان مرکزی مسلم لیگ چنیوٹ

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پاکستان کی بقا ہی ہماری بقا ہے۔کسی کو پاکستان کی طرف میلی آنکھ سے نہ دیکھنے دیں گے ان خیالات کا اظہار شیخ فیاض احمد صدر پاکستان مرکزی مسلم لیگ وسطی پنجاب اور علی عمران شاہین ترجمان تحریک حرمت رسول پاکستان، جنرل سیکرٹری مرکزی مسلم لیگ ضلع چنیوٹ حافظ عبدالروف نے مرکز مدینہ چنیوٹ میں پریس کانفرنس کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان کی ملک کے لیے دی گئی قربانیوں کے نتیجے میں ہی آج ہم پوری دنیا میں سرفخر سے بلند کیے ہوئے ہیں۔ پاکستان لاکھوں قربانیوں کے بعد وجود میں آیا ان قربانیوں کو ہم کبھی نہیں بھلا سکتے۔ہجرت کے سفر میں جتنی شہادتیں ہوئی وہ تاریخی تھیں۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم ملکی دفاع وسالمیت کے لیے اپنے تمام دفاع کے اداروں کے ساتھ کھڑے ہیں۔امت مسلمہ کے حوالہ سے بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہم آج بھی اسی طرح فلسطین و کشمیر کے ساتھ کھڑے ہیں جیسے پہلے کھڑے تھے۔پاکستان کی سرحدوں کی حفاظت کے لیے پوری قوم ایک ساتھ کھڑی ہے۔ملک کے اندرونی حالات پر بات کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سب قومیتیں ایک ساتھ ہیں پنجابی ہوں یا سندھی، بلوچی ہوں یا پختون سب بھائی بھائی ہیں۔یہ ملک کی اندر ہونے والے واقعات میں ایسی بیرونی طاقتیں ملوث ہیں جو ملک پاکستان کی نظریاتی سرحدوں کے مخالف ہیں۔

افسوس آج انصاف کا جنازہ نکال دیا گیا، شہباز احمد



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) انصاف پسندی کے دعوے کرنے والوں نے آج کرپشن کرنے والوں پر دست شفقت رکھ دیا ملک پاکستان کو کنگال کرنے والوں کو باعزت بری کر دیا گیا ملک کو معاشی طور پر ڈیفالٹ کرنے والوں کو آئندہ کے لئے بھی کھلا راستہ دے دیا گیا مگر یاد رکھ لیں قوم معاف نہیں کرے گی افسوس آج انصاف کا جنازہ نکال دیا گیا پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شہباز احمد کڑھائی والے کی گفتگو ان کا کہنا تھا کرپشن کے ڈوبے نام نہاد عوامی خدمتگاروں کو نہا دھو کر پھر لوٹنے کے لئے کھلا راستہ دے دیا گیا قوم کے کھربوں روپے ہڑپ کرنے والے جنھوں نے دیگر ممالک میں جائیدادیں بنائی ان سے حساب اب کون لے گا۔

CRIME
& COURT
جرم وسزا

موٹر سائیکل کا ڈرائیونگ لائسنس اب بغیر کسی دشواری کے حاصل کریں، ریاض احمد

ہمارے قریبی سینٹر لائسنس برانچ وخدمت مرکز میں تشریف لائیں اور پہلے وزٹ پر موٹر سائیکل کا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کریں

عارفوالا: ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر ریاض احمد پنجاب بھر کی طرح ضلع پاکپتن کی عوام کیلئے موٹر سائیکل ڈرائیونگ لائسنس بغیر ٹرائی بنانے کے متعلق میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے۔

عارفوالا (نامہ نگار نصر اللہ سے) ایڈیشنل ائی جی ٹریفک پنجاب مرزا فاران بیگ کی جانب سے عوام کی سہولت کیلئے ایک اور احسن اقدام ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر پاکپتن طارق ولایت کی ہدایت پر ڈسٹرکٹ ٹریفک آفیسر ریاض احمد نے ضلع بھر میں میڈیا کی وساطت سے شہریوں کو آگاہی دینے کیلئے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ موٹر سائیکل کا ڈرائیونگ لائسنس اب بغیر کسی دشواری کے حاصل کریں، اب لرنر کے بعد 42 دن کا انتظار بھی ختم آج ہی ہمارے قریبی سینٹر لائسنس برانچ وخدمت مرکز میں تشریف لائیں اور پہلے وزٹ پر موٹر سائیکل کا ڈرائیونگ لائسنس حاصل کریں موٹر سائیکل چلانے والے 18 سال کے سٹوڈنٹس و دیگر شہری حضرات کے لیے خوشخبری ایڈیشنل آئی جی پنجاب ٹریفک مرزا فاران بیگ کے احکامات پر ضلع پاکپتن میں بھی عملدرآمد شروع کر دیا گیا ہے DSP ٹریفک ریاض احمد ایڈیشنل آئی جی پنجاب ٹریفک کے احکامات پر ضلع پاکپتن میں بغیر ٹرائی موٹر سائیکل کا ڈرائیونگ لائسنس بنانے کا عمل شروع کر دیا گیا ہے ڈی ایس پی ٹریفک ریاض احمد بغیر لائسنس موٹر سائیکل چلانے والے سٹوڈنٹس اور شہریوں سمیت دیہاتیوں سے گزارش کی ہے کہ وہ اپنا موٹر سائیکل لائسنس بلا جھجک آ کر بنوائیں اور سوشل میڈیا استعمال کرنے والے صارفین سے گزارش کی ہے کہ اس آگاہی مہم میں ہمارا ساتھ دیں اور بغیر ٹرائی موٹر سائیکل لائسنس بنوانے کا پیغام شہر اور دیہی علاقوں میں پہنچائیں جبکہ پنجاب بھر کی طرح ضلع پاکپتن کی عوام نے ایڈیشنل آئی جی ٹریفک پولیس پنجاب کی طرف سے موٹر سائیکل لائسنس کے متعلق دی جانے والی سہولت کو بہت سراہا ہے۔

پولیس کیساتھ مزاحمت بدتمیزی اور اہلکار کی شرٹ پھاڑنے پر پانچ ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) پولیس کیساتھ مزاحمت بدتمیزی اور اہلکار کی شرٹ پھاڑنے پر پانچ ملزمان کیخلاف مقدمہ درج پولیس رپورٹ کے مطابق تھانہ صدر پولیس اہلکار راجہ گھمان میں گشت پر جا رہے تھے کہ انہوں نے دو ملزمان کو مشکوک جان کر روکا تو انہوں نے پولیس اہلکاروں کیساتھ مزاحمت کرتے ہوئے بدتمیزی کرنا شروع کر دیا شور کی آواز سن کر ملزمان کی دوسرے ساتھی بھی آ گئے جن کی شناخت جہانگیر، ہارون، ارتضی، ارشد اور ایک کس نامعلوم سے ہوئی ہے انہوں نے پولیس اہلکاروں کیساتھ ہاتھا پائی شروع کردی اور کانسٹیبل کی شرٹ بھی پھاڑ دی اور ملزمان اندھیرے کا فائدہ اٹھاتے ہوئے موقع سے فرار ہو گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش گرفتار کر لیا

نام زمانہ منشیات فروش ارسلان سے 5 کلو 400 گرام چرس برآمد کر لی گئی

اوکاڑہ: پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا گیا۔

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش سے بھاری مقدار میں چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ سٹی رینالہ خورد پولیس نے چھاپہ مار کر بدنام زمانہ منشیات فروش ارسلان سے 5 کلو 400 گرام چرس برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا ملزم رینالہ خورد کے مختلف علاقوں میں منشیات فروخت کرتا تھا پولیس تھانہ سٹی رینالہ خورد نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

مصطفی آباد پولیس کی بڑی کامیابی،

15 سو گرام ہیروئن برآمد

مصطفی آباد/للیانی (نمائندہ خصوصی) مصطفی آباد پولیس کی بڑی کامیابی، 15 سو گرام ہیروئن برآمد، ملزمان کے قبضہ سے ڈرون کیمرہ، بلانمبری گاڑی برآمد مقدمہ درج، ڈی پی او قصور محمد عیسی خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری، تفصیلات کے مطابق ڈی پی او قصور محمد عیسی خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں منشیات فروشوں کے خلاف کریک ڈاؤن کے دوران ایس ایچ او تھانہ مصطفی آباد حسن عمران سیدکی زیرنگرانی محمد وقار خاں اے ایس آئی نے خفیہ اطلاع پر نواحی گاؤں کھلوہی کلاں میں چھاپہ مار کر ڈرون کیمرے کے ذریعے منشیات سمگلنگ کرنے والے دو منشیات فروشوں کو گرفتار کر لیا۔

ماں نے گناہ چھپانے کیلئے نومود بچے کو مار کر نعش کوڑا کے ڈھیر پر پھینک دی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ماں نے گناہ چھپانے کیلئے نومود بچے کو مار کر نعش کوڑا کے ڈھیر پر پھینک دی پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ چونگی نمبر آٹھ پر کوڑا کرکٹ کے ڈھیر پر نومود بچے کی نعش پڑی ہوئی ہے کسی ماں نے اپنا گناہ چھپانے کیلئے نومولود بچے کو مار کر کوڑا کرکٹ کے ڈھیر پر پھینک دیا ہے پولیس نے نامعلوم ماں کیخلاف مقدمہ درج کر لیا ہے

تین مسلح ڈاکوؤں نے نقدی' موبائل فونز اور موٹر سائیکل چھین لی

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) تین مسلح ڈاکوؤں نے نقدی' موبائل فونز اور موٹر سائیکل چھین لی تھانہ صدر کے علاقہ بریار کا بابر اپنی موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ اس کو تین مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی چودہ ہزار روپے' موبائل فونز اور موٹر سائیکل چھین کر فرار ہو گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

سینئر صحافی دلاور چوہدری کے گھر پر فائرنگ باعث تشویش، شاہد یوسف

صحافیوں پر آئے روز تشدد قاتلانہ حملوں سے حق سچ کی آواز دبانے کی مذموم کوشش ہے

نارنگ منڈی (میاں معظم سے) سینئر صحافی دلاور چوہدری کے گھر پر فائرنگ باعث تشویش پولیس حکام ملزمان کو قانون کے کٹہرے میں لائیں ملک پاکستان پر صحافیوں پر آئے روز تشدد قاتلانہ حملوں سے حق سچ کی آواز دبانے کی مذموم کوشش کی جارہی ہے مگر ہم سچ سامنے لاتے رہیں گے چیئرمین سٹی پریس شاہد یوسف کی سٹی پریس کلب نارنگ کے مذمتی اجلاس میں گفتگو ان کا کہنا تھا ملک پاکستان میں حق سچ کی آواز بلند کرنے والے ایماندار صحافیوں پر اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرنے مذموم کوشش کی جارہی ہے ایسی سوچ کے حامل عناصر کو کبھی کامیابی نہیں ہوگی ہم جس مقدس شعبہ سے منسلک ہیں کوئی ہمیں حق کی راہ سے نہیں روک سکتا ہم پرزور مطالبہ کرتے ہیں کہ سینئر صحافی دلاور چوہدری کے گھر پر فائرنگ کرنے والے ملزمان کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے اجلاس میں صدر سٹی پریس کلب اعظم علی باجوہ جنرل سیکرٹری محمد صاحب مینو میاں معظم نواز شکیل احمد مغل میاں محمد منشاء ظہیر ارشد مغل عامر ذوالفقار گھمن عثمان مان وقاص علی مرزا عبدالباسط ایڈووکیٹ ولید احمد سرویا نے شرکت کی۔

غیر قانونی اسلحہ لے کر گھومنے والا ملزم پولیس نے دھر لیا

غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کوئی رعائیت نہیں برتی جائے گی، تھانہ صدر بھلوال

بھلوال (تحصیل رپورٹر) غیر قانونی اسلحہ لے کر گھومنے والا ملزم تھانہ بھلوال صدر پولیس کی گرفت میں غیر قانونی اسلحہ لے کر گھومنے والا ملزم رمیز رنگے ہاتھوں گرفتار، گرفتار ملزم کے قبضہ سے کلاشنکوف، 06 میگزین اور 100 سے زائد کارتوس برآمد گرفتار ملزم کے خلاف غیر قانونی اسلحہ رکھنے کی دفعات کے تحت مقدمہ درج غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کوئی رعائیت نہیں برتی جائے گی ڈی پی او غیر قانونی اسلحہ رکھنا یا اسکی نمائش کرنا قانوناً جرم ہے۔

فیصل آباد: جامع مسجد اہلسنت حیدر گارڈن میں کھلی کچہری

ایس پی جڑانوالہ نے فرداً فرداً سائلین کے مسائل سنے

ضلع فیصل آباد (میاں محمد ساجد) سی پی او فیصل آباد کامران عادل کی ہدایت پر ایس پی جڑانوالہ نے جامع مسجد اہلسنت حیدر گارڈن میں کھلی کچہری کی تفصیلات کے مطابق سی پی او فیصل آباد کامران عادل کی ہدایت پر ایس پی جڑانوالہ ڈویژن عابد ظفر نے جامع مسجد اہلسنت حیدر گارڈن علاقہ تھانہ صدر جڑانوالہ علاقہ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ایس پی جڑانوالہ نے فرداً فرداً سائلین کے مسائل سنے ۔اور ان کے فوری حل کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔مزید ایس پی جڑانوالہ نے کہا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب اور آئی جی پنجاب کی پالیسی کے مطابق لوگوں کو ان کی دہلیز پر انصاف فراہم کیا جا رہا ہے ۔انسداد جرائم اور امن وامان کو برقرار رکھنے کے لیے شہریوں کے ساتھ براہ راست رابطہ استوار کرنا ہے ۔اس موقع پر ایس پی جڑانوالہ نے مسجد میں موجود لوگوں کو اپنا ذاتی فون نمبر بھی نوٹ کروایا تاکہ کسی کو کوئی بھی مسئلہ ہو تو فون کر کے بتا سکتا ہے۔

گھر سے اغوا ہونیوالی جواں سالہ لڑکی ملزمان کو 5 لاکھ روپے تاوان دیکر بازیاب

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) گھر سے اغوا ہونیوالی جواں سالہ لڑکی ملزمان کو 5 لاکھ روپے تاوان دیکر بازیاب پولیس رپورٹ کے مطابق چھانگا روڈ ڈسکہ کی خاتون شہناز بی بی اپنی بیٹی کے ہمراہ گھر میں موجود تھی کہ اسی دوران ملزم ارسلان اور ایک نامعلوم گھر میں گھس آئے اور اس کی بیٹی کو زبردستی اغوا کر کے محمد ادریس کے گھر لے گئے خاتون وہاں پر پہنچی تو ملزمان نے اس کو روک لیا اور لڑکی بازیاب کرنے کا پانچ لاکھ روپے تاوان مانگا جو خاتون نے ملزمان کا تاوان کی رقم پانچ لاکھ روپے ادا کر دی اور اپنی بیٹی کو ملزمان کے چنگل سے بازیاب کروالیا اس سے قبل بھی ملزم ارسلان نے اس کی بیٹی کیساتھ زبردستی نکاح کر لیا تھا اور خاتون سے چھ لاکھ روپے وصول کیے تھے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے نماز جمعہ ”جامعہ مسجد مہریہ“ میں ادا کی اور نماز کے بعد مسجد میں کھلی کچہری کا انعقاد

شہریوں کے اجتماعی وانفرادی مسائل دریافت کئے اور متعلقہ افسران کو فوری دادرسی کے احکامات جاری کئے

بہاولپور: ڈی پی او اسد سرفراز خان کا نماز جمعہ کی ادائیگی کے بعد مسجد میں کھلی کچہری کا انعقاد، جبکہ ضلع بھر میں ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران بی نماز جمعہ کے بعد کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں۔

بہاولپور (بیورو رپورٹ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے نماز جمعہ ”جامعہ مسجد مہریہ“ میں ادا کی اور نماز کے بعد مسجد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ضلع بھر میں ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران نے نماز جمعہ کے بعد کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دیتے ہوئے پولیس اور عوام کے درمیان خلیج کے خاتمے کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ عوام کی سہولیات کے لئے اٹھائے گئے اقدامات بارے بریف کیا۔ بہاولپور پولیس عوام الناس کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے، ڈی پی او اسد سرفراز خان تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او بہاولپور کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت اور شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کے حوالے سے ڈی پی او بہاولپور نے جامعہ مسجد مہریہ نزد بندرہ پلی علاقہ تھانہ صدر بہاولپور میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے اجتماعی و انفرادی مسائل دریافت کئے اور متعلقہ افسران کو فوری دادرسی کے احکامات جاری کئے۔اسی طرح ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے علاقہ کی مساجد میں جمعۃ المبارک کے روز کھلی کچہری منعقد کرتے ہوئے شہریوں کے مسائل تفصیل سے سنے اور میرٹ پر انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ڈی پی او نے کھلی کچہری کے حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ مساجد میں کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل اسی طرح جاری رہے گا تاکہ شہریوں کے مسائل کو ان کی دہلیز پر سنا اور حل کیا جاسکے۔عوام کی سہولیات کے لئے اٹھائے گئے۔

جی ٹی روڈ گکھڑ پر نامعلوم کار سواروں کی اندھا دھند فائرنگ ایک شخص جاں بحق دوسرا زخمی

گکھڑ منڈی (محمد ارشد سے) جی ٹی روڈ گکھڑ پر نامعلوم کار سواروں کی اندھا دھند فائرنگ ایک شخص جاں بحق دوسرا زخمی واقعات کے مطابق میر عالم عرف مندری پٹھان ولد ولی محمد سکنہ محلہ انصاریاں گکھڑ منڈی اپنے دوستوں کے ہمراہ جی ٹی روڈ نزد دت کلاں روڈ بیٹھا ہوا تھا کہ نامعلوم کار سواروں نے اندھا دھند فائرنگ کر دی جسکے نتیجے میں مندری خان اور اسکا دوست زخمی ہو گئے جسے طبی امداد کیلئے سول ہسپتال گوجرانوالہ ریفر کر دیا گیا جہاں پر وہ زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں کی بازی ہار گیا جبکہ دوسرا شخص بازو پر فائر لگنے سے معمولی زخمی ہو گیا وقوعہ کی اطلاع ملتے ہی تھانہ گکھڑ میں پولیس جائے وقوعہ پہنچ گئی۔

سرکاری سکول میں بچیوں سے مبینہ زیادتی: ملزم خاتون ٹیچر کا شوہر نکلا، ملزم گرفتار 5 مقدمات درج، میڈیکل رپورٹ میں زیادتی ثابت

گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) سلیم کالونی کے سرکاری سکول میں بچیوں سے مبینہ زیادتی کا انکشاف ہوا ہے، ساجدہ نامی خاتون نے محکمہ لٹریسی کے تحت سکول بنا رکھا تھا، تفصیلات کے مطابق ملزم عمران نے سکول کے اندر ایک کمرے میں کینٹین بنا رکھی تھی، ملزم عمران کو گرفتار کر کے پانچ الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے ہیں، پولیس رپورٹ کے مطابق متاثرہ طالبات کی عمریں گیارہ سے پندرہ سال کے درمیان ہیں، ملزم کئی سالوں سے سکول میں مبینہ طور پر بچیوں کو زیادتی کا نشانہ بنا رہا تھا، ملزم نے ویڈیوز بھی بنا رکھی ہیں، ملزم بچیوں کو دھمکی دیتا کہ کسی کو بتایا تو ویڈیوز وائرل کر دوں گا، متاثرہ بچیاں ڈر کے مارے خاموش رہیں، گذشتہ روز ایک بچی نے گھر والوں کو بتایا کہ اسے کئی مرتبہ زیادتی کا نشانہ بنایا گیا ہے، متاثرہ بچی نے مزید بتایا ہے کہ سکول میں اس کی دوسری دوستوں کے ساتھ بھی ایسا ہوا ہے، متاثرہ بچی کے انکشافات پر والدین نے آپس میں رابطہ کیا اور پھر پولیس کو آگاہ کر دیا، مقدمات درج کروانے والی پانچ بچیوں کے میڈیکل کروا لیے گئے ہیں، پولیس ترجمان کے مطابق ابتدائی میڈیکل رپورٹ میں زیادتی ثابت ہوئی ہے، تاہم ملزم نے تفتیش کے دوران جرم کا اعتراف بھی کر لیا ہے، ابتدائی طور پر پانچ طالبات سامنے آئی ہیں خدشہ ہے متاثرہ بچیوں کی تعداد زیادہ ہے۔

ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کا مرکزی جامع مسجد چک نمبر 92/12 ایل علاقہ تھانہ شاہکوٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد

کچہری کے دوران ڈی پی او ساہیوال نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے

ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کا مرکزی جامع مسجد چک نمبر 92/12 ایل علاقہ تھانہ شاہکوٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد تفصیلات کے مطابق وزیر اعلی پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد نے مرکزی جامع مسجد چک نمبر 92/12 ایل علاقہ تھانہ شاہکوٹ میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا کھلی کچہری کے دوران ڈی پی او ساہیوال نے شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اس موقع پر ڈی پی او ساہیوال فیصل شہزاد کا کہنا تھا کہ مساجد میں کھلی کچہری کا مقصد عوام الناس کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنا ہے ۔اس موقع پر ایس ڈی پی او صدر سرکل اے ایس پی معاذ الرحمان اور ایس ایچ او تھانہ شاہکوٹ آصف نواز بھی ہمراہ تھے

''قوت'' کلاسیفائیڈ

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ۔ اشتہارات صاف اور بڑے صفحہ پر ایک طرف لکھے ہونے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

شعبہ اشتہارات 042-3636003

بقیہ جات 1

انہوں نے کہا کہ وفاقی حکومت کی اپیل قابل سماعت نہیں ہے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان نے نیب ترامیم سے متعلق کیس کا تحریری فیصلہ جاری کردیا۔ چیف جسٹس قاضی فائز عیسیٰ کے تحریر کیے گئے متفقہ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ نیب قانون سابق آرمی چیف پرویز مشرف نے زبردستی اقتدار میں آنے کے 34 دن بعد بنایا۔ عدالتی فیصلے میں کہا گیا کہ پرویز مشرف نے آئینی جمہوری آرڈر کو باہر پھینکا اور اپنے لیے قانون سازی کی، پرویز مشرف نے اعلیٰ عدلیہ کے ان ججز کو ہٹایا جنہوں نے غیر آئینی اقدام کی توسیع نہیں کی۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ مشرف دور میں بنائے گئے قانون کے دیباچہ میں لکھا گیا کہ نیب قانون کا مقصد کرپشن کا سدباب ہے، جن سیاستدانوں یا سیاسی جماعتوں نے پرویز مشرف کو جوائن کیا انہیں بری کردیا گیا، نیب قانون کا اصل مقصد سیاستدانوں سے سیاسی انتقام یا سیاسی انجینئرنگ تھا۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں مزید کہا کہ سپریم کورٹ کو قانون سازی کو جلد ختم کرنے کے بجائے اس کو بحال رکھنے کی کوشش کرنی چاہیے، اگر کسی قانون کی دو تشریحات ہوں تو قانون کے حق میں آنے والی تشریح کو تسلیم کیا جائے گا۔ سپریم کورٹ نے قرار دیا کہ درخواست اور سپریم کورٹ کا فیصلہ آئین کے مطابق نہیں، موجودہ مقدمے میں بھی ترامیم غیر آئینی ہونے کے حوالے سے ہم قائل نہیں ہو سکے، ان ترامیم میں سے بہت سی ترامیم کے معمار عمران نیازی خود تھے، بانی پی ٹی آئی نے نیک نیتی سے درخواست دائر نہیں کی۔ جسٹس اطہر من اللہ کے ایڈیشنل نوٹ میں مزید کہا گیا ہے کہ پرائیویٹ فریقین کی انٹرا کورٹ اپیلیں سماعت کے لیے منظور کی جاتی ہیں۔ وفاقی حکومت کا استحقاق نہیں تھا کہ انٹرا کورٹ اپیل دائر کرے۔ اپیل صرف متاثرہ فریق ہی دائر کرسکتا ہے۔ سپریم کورٹ نے متفقہ فیصلہ جاری کرتے ہوئے نیب ترامیم کیس میں حکومت کی اپیلیں منظور کرلیں اور نیب ترامیم درست قرار دے دیں۔ عدالت نے سابقہ پی ڈی ایم حکومت میں کی گئی نیب ترامیم کو بحال کردیا۔ عدالتی فیصلے میں سابق چیف جسٹس عمر عطا بندیال اور مستعفی جج اعجاز احسن کا اکثریتی فیصلہ کالعدم قرار دیدیا گیا۔

بقیہ جات 2

کے پریس ونگ سے جاری بیان کے مطابق صدر مملکت نے ان خیالات کا اظہار جمعہ کو کراچی میں پی این ایس بابر اور حنین کی پاک بحریہ کے بیڑے میں شمولیت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں ترکیہ کے ڈپٹی منسٹر آف نیشنل ڈیفنس بلال بردالی، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا، چیف آف دی نیول سٹاف ایڈمرل نوید اشرف، کنسٹرکشن یارڈز کے اعلیٰ نمائندوں، مسلح افواج کے اعلیٰ حکام اور سیاسی قیادت نے شرکت کی۔ پی این ایس بابر ایک کثیر المقاصد جہاز ہے جو 23 ستمبر 2023 کو استنبول نیول شپ یارڈ میں بنایا اور شروع کیا گیا۔ پی این ایس حنین ایک آف شور گشت کرنے والا جہاز ہے جو 25 جولائی 2024 کو رومانیہ کے ڈیمین شپ یارڈ میں بنایا اور کمیشن کیا گیا۔ صدر مملکت نے پی این ایس بابر اور حنین کی پاکستان نیوی کے بیڑے میں شمولیت کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ دونوں جہاز پاک بحریہ کی بڑھتی آپریشنل ذمہ داریاں پورا کرنے میں مدد دیں گے۔

بقیہ جات 3

عددی لحاظ سے برتر ہونے کے باوجود بھی کوئی ملک یا قوم آپ کو شکست نہیں دے سکتی۔ یوم دفاع کے موقع پر اپنے پیغام میں احسن اقبال نے کہا کہ 6 ستمبر پاکستان کی تاریخ کا اہم ترین دن ہے، اس دن پاک فضائیہ نے بھارتی فضائیہ سے عددی لحاظ سے کم ہونے کے باوجود ملکی دفاع پر آنچ نہ آنے دی۔ مسلح افواج کے پرعزم جوانوں نے ثابت کیا کہ پاکستان کا دفاع نہ صرف زمینی محاذ پر بلکہ ملک کی فضائی حدود پر بھی ناقابل تسخیر ہے۔ 6 ستمبر کا سبق ہے کہ اگر جذبے صادق ہوں اور کچھ کرنے کا عزم ہو تو بظاہر وسائل سے مالامال اور رقبے اور عددی لحاظ سے برتر ہونے کے باوجود بھی کوئی ملک یا قوم آپ کو شکست نہیں دے سکتی۔

بقیہ جات 4

کارروائی مخصوص نشستوں میں کمیشن کی درخواست پر فیصلے تک مؤخر کی استدعا بھی مسترد کردی گئی۔ الیکشن کمیشن نے پی ٹی آئی کو ایف آئی اے کی جانب سے پارٹی آفس سے لے جائے گئے دستاویزات کی واپسی کے لیے عدالت سے رجوع کرنے کی ہدایت بھی کردی۔ فیصلے میں کہا گیا ہے کہ الیکشن ایکٹ 2017 کی شق 208 کے مطابق انٹرا پارٹی انتخابات کے قانونی تقاضوں کا جائزہ لینا کمیشن کی ذمہ داری ہے، شق 209-3 کے تحت سرٹیفکیٹ کے اجرا کے حقائق دیکھنا بھی کمیشن کی ذمہ داری ہے۔

بقیہ جات 5

کیپٹن احمد بدر شہید ہمارا فخر ہے، قوم ان کی قربانی کبھی نہیں بھولے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جاتیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ شہید کے والد نے ایک عظیم اور باہمت باپ ہونے کا ثبوت دیا، اپنے بیٹے کی شہادت پر جس جذبے کا اظہار کیا، پوری قوم کو اس پر فخر ہے۔ ملک کے لئے ایسا جذبہ پہلے کبھی نہیں دیکھا گیا۔

بقیہ جات 6

کی کہ آئیں بیٹھیں، ہم ڈائیلاگ پر یقین رکھتے ہیں، ملکی مسائل کا حل نکالنا ہے تو رویوں کو تبدیل کرنا ہوگا، ٹاپ سٹی معاملات کے وقت ہماری حکومت تھی، یہ کام جنرل ریٹائرڈ فیض ہی کر رہے تھے۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناء اللہ نے کہا کہ سپیکر کے چیمبر میں اپوزیشن ارکان آتے جاتے ہیں، سپیکر کے چیمبر کا ہمیشہ نیوٹرل رول ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مسئلے پر اپوزیشن کا ابھی تک موقف واضح نہیں۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ نواز شریف نے واضح الفاظ میں کہا کہ ملکی مسائل پر سب کو بیٹھنا چاہیے، پی ٹی آئی میں فیصلے صرف بانی پی ٹی آئی کرتے ہیں۔

بقیہ جات 7

بجانب قرار دے دیا۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں بات چیت کرتے ہوئے عامر ڈوگر نے یہ بھی اعتراف کرلیا کہ فیض حمید کا پی ٹی آئی حکومت میں ایک بڑا کردار رہا ہے۔ عامر ڈوگر نے خدشہ ظاہر کیا کہ ہماری اطلاعات کے مطابق بانی پی ٹی آئی کا ملٹری ٹرائل کیا جائے گا۔ اس سے پہلے رؤف حسن نے اعتراف کیا تھا کہ فیض حمید ان سمیت پارٹی کے کئی ارکان سے رابطوں میں تھے۔ رؤف حسن کا کہنا تھا کہ ان کے ساتھ فیض حمید کا تعلق علیک سلیک کی حد تک تھا، لیکن پارٹی کے دیگر ارکان کا ان کے ساتھ کس نوعیت کا تعلق تھا، وہ نہیں جانتے۔

بقیہ جات 8

کہا کہ میرے لئے بہت اعزاز اور فخر کی بات ہے۔ یوم دفاع پر آج مجھے شہداء کی یادگار پر آنے اور خراج عقیدت پیش کرنے کا موقع ملا۔ شہداء کی فیملیز سے ملاقات کرنے کا موقع ملا اور اس باوقار تقریب میں شامل ہونے کا موقع ملا۔ قوم کو پیغام دینا چاہتی ہوں کہ بیرونی دفاع میں افواج پاکستان ایک بہت اچھا کام کررہی ہیں۔ افواج پاکستان جاگتی ہیں تو ہم سکون سے سوتے ہیں، ہمارے بارڈرز، فرنٹیرز اور سرحدوں کی حفاظت کرتے ہیں۔ ملک کا اندرونی دفاع ہم سب کی اجتماعی ذمہ داری ہے۔ شہداء ہمارے لئے جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہیں۔

بقیہ جات 9

منظور کرلیا، شہری اشبا کامران نے لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کی بطور چیئرمین نادرا تقرری کو چیلنج کیا تھا۔ جسٹس عاصم حفیظ نے چیئرمین نادرا کی تقرری کے خلاف درخواست پر فیصلہ سنایا۔ نگران وفاقی حکومت نے 02 اکتوبر 2023 کو اس وقت جنرل ہیڈکوارٹرز (جی ایچ کیو) میں تعینات آئی جی کمیونیکیشن اینڈ آئی ٹی لیفٹیننٹ جنرل محمد منیر افسر کو نیشنل ڈیٹا بیس اینڈ رجسٹریشن اتھارٹی (نادرا) کا تاحکم ثانی چیئرمین مقرر کیا تھا۔ نگران وزیراعظم انوار الحق کاکڑ کی زیرصدارت نگران کابینہ کے اجلاس کے بعد سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر جاری اعلامیے میں کہا گیا تھا کہ وفاقی کابینہ نے چیئرمین نادرا کے لیے وزارت داخلہ کی سمری پر تین مجوزہ ناموں میں سے لفٹیننٹ جنرل منیر افسر کی تقرری کی منظوری دے دی۔

بقیہ جات 10

گئے اعتراضات پر سماعت کی، درخواست گزار کی جانب سے ایڈووکیٹ اظہر صدیق عدالت میں پیش ہوئے۔ رجسٹرار آفس نے پرنسپل سیٹ پر درخواست دائر کرنے کا اعتراض عائد کیا تھا، رجسٹرار آفس کی جانب سے کہا گیا تھا کہ اس نوعیت کی درخواست راولپنڈی بنچ میں دائر ہوسکتی ہے۔ وکیل درخواست گزار نے کہا کہ میری درخواست میں اڈیالہ جیل کے سپرنٹنڈنٹ نہیں بلکہ آئی جی جیل خانہ جات فریق ہیں۔ بعدازاں عدالت عالیہ نے بانی پی ٹی آئی عمران خان اور بشریٰ بی بی کو جیل میں سہولیات دینے کی درخواست پر رجسٹرار آفس کا اعتراض بحال رکھتے ہوئے درخواست گزار کو متعلقہ بنچ سے رجوع کرنے کی ہدایت کردی۔

بقیہ جات 11

دفاع کیلئے اپنی جانیں نچھاور کرنے والے بہادر جوانوں کو سلام پیش کرتا ہوں، آج کا دن قوم کو ایک بار پھر اس جذبہ استقامت اور حب الوطنی کی یاد دلاتا ہے جو ہمیں یکجا کرتا ہے، ہماری مسلح افواج نے ہمیشہ چیلنجز کا ڈٹ کر مقابلہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری افواج نے سرحدوں کی حفاظت کی اور ہماری خودمختاری کو برقرار رکھا ہے، ہمارے شہداء اور غازیوں کی قربانیاں قوم کے دلوں میں نقش ہیں، وطن کے لیے ہماری افواج کی غیر متزلزل وابستگی ہر پاکستانی کے لیے قابل فخر ہے، پاکستان کی سلامتی و استحکام کا انحصار نہ صرف افواج کی طاقت پر ہے بلکہ عوام کی یکجہتی پر بھی ہے۔ بلاول بھٹو کا کہنا تھا کہ عوام اور افواج کے درمیان یکجہتی ہی ہمیں ناقابل تسخیر بناتی ہے، قوم مل جل کر پاکستان کی خوشحالی اور دفاع کے لیے کام جاری رکھے۔

بقیہ جات 12

عزیز کی بقا مضمر ہے۔ انہوں نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کو بہادر افواج نے دشمن کو سبق سکھاتے ہوئے جرات اور بہادری کی جو داستانیں رقم کیں انہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ ہمارے جوانوں نے کم سے کم وسائل کے ساتھ اپنے سے بڑے دشمن کو زیر کر دکھایا۔ وطن عزیز کو آج بھی دہشتگردی اور دشمن کی ناپاک چالوں کا سامنا ہے اور ان مشکل حالات میں ایک بار پھر ہر پاکستانی پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کے عہد کی تجدید کرتا ہے۔ صدر استحکام پاکستان پارٹی عبدالعلیم خان نے کہا کہ 6 ستمبر کا دن ہم سب کے لہو کو گرماتا اور مادر وطن کے لئے قربانیوں کے عزم کو تازہ کرتا ہے اور یوم دفاع پر ہم سب افواج پاکستان کو سلام پیش کرتے ہیں۔

بقیہ جات 13

باقاعدہ طور پر شامل کرلیے گئے۔ یوم دفاع پر پاک بحریہ میں دو نئے جنگی بحری جہازوں کی باقاعدہ شمولیت کی تقریب کا انعقاد کیا گیا ہے، پی این ایس بابر اور پی این ایس حنین پاک بحریہ کے فلیٹ میں شامل کرلیے گئے۔ صدر آصف علی زرداری بطور مہمان خصوصی تقریب میں پہنچے جہاں انہیں گارڈ آف آنر پیش کیا گیا، چیئرمین جوائنٹ چیفس آف سٹاف کمیٹی جنرل ساحر شمشاد مرزا بھی تقریب میں شریک ہوئے۔ یوم دفاع پر شاندار تقریب کا انعقاد باعث فخر ہے: نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نیول چیف ایڈمرل نوید اشرف نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ تمام معزز مہمانوں کو میرا اسلام، یوم دفاع پر شاندار تقریب کا انعقاد باعث فخر ہے، 2018 میں ترکیہ کے ساتھ ملجم کلاس شپس بنانے کا معاہدہ کیا گیا، دونوں جہاز سٹیٹ آف دی آرٹ ہیں اور جدید ہتھیاروں سے لیس ہیں۔

بقیہ جات 14

اجتماعی قومی جذبہ اور عزم کو ہمیشہ قائم رکھنے کا درس دیتا ہے، 6 ستمبر 1965 کو ہماری افواج نے دشمن کے قدم اکھاڑ دیئے اور مادر وطن کے دفاع کے لئے سیسہ پلائی دیوار بن گئے۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ قیام پاکستان سے لے کر آج تک ہماری بہادر افواج نے ملک اور قوم کے لیے لازوال قربانیاں دی ہیں، پاک فوج نے ملک کو ہمیشہ دشمن کی میلی نگاہوں سے محفوظ بنایا ہے، ہمیشہ اپنے ملک کی دفاع ترقی سالمیت اور استحکام کے لیے اجتماعی طور پر بحیثیت محب وطن پاکستانی اپنا کردار ادا کریں گے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ صوبے میں امن وامان کے قیام اور تخریب کار عناصر کے خلاف عوام ہمیشہ اپنی بہادر افواج اور دیگر سکیورٹی اداروں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر ان کے مضبوط بازو بنے ہیں، بلوچستان میں دہشت گردی اور انتشار پھیلانے والوں کے ساتھ کوئی رعایت برتی نہیں جائے گی۔

بقیہ جات 15

پیش کیا گیا، عمران خان اور بشریٰ بی بی کے وکیل بیرسٹر سلمان صفدر عدالت میں پیش ہوئے۔ دوران سماعت نیب حکام نے بتایا کہ سپریم کورٹ سے نیب ترامیم کیس پر فیصلہ آچکا ہے، سپریم کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں عدالت نے دیکھنا ہے کہ کیس میں اس عدالت کا دائرہ اختیار بنتا ہے یا نہیں۔ بعد ازاں عدالت نے عمران خان اور بشریٰ بی بی کی ضمانت بعد گرفتاری کی درخواستوں پر سماعت پیر تک کے لیے ملتوی کردی۔

بقیہ جات 16

درخواستیں مسترد ہوگئی ہیں، الیکشن کمیشن نے واضح پیغام دیا ہے کہ قانونی تقاضے سب کے لیے یکساں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فیصلے سے ثابت ہوتا ہے کہ الیکشن ایکٹ 2017 کے تحت انٹرا پارٹی انتخابات کے معاملات میں کمیشن کا کردار اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام سیاسی جماعتوں کو آئینی دائرے میں رہتے ہوئے فیصلوں کا احترام کرنا ہوگا۔

بقیہ جات 17

پیش کرتے ہیں، مادر وطن کے تحفظ، سلامتی اور دفاع کیلئے شہدا کی عظیم قربانیاں ناقابل فراموش ہیں، جنگ ستمبر کے ہیروز کو سلام پیش کرتے ہیں جنہوں نے دشمن کے عزائم خاک میں ملا دیئے۔ انہوں نے کہا کہ آج کے دن کا پیغام ہے پاکستانی قوم کا اتحاد دشمن کا ہر ناپاک منصوبہ ناکام بنا سکتا ہے۔ اپوزیشن لیڈر قومی اسمبلی نے کہا کہ آج کے دن قوم بری فوج، بحریہ اور فضائیہ کو سلام پیش کرتی ہے، پوری قوم کو اپنے شہدا، غازیوں اور مسلح افواج پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم عمران خان نے ہمیشہ کہا ہے کہ ملک بھی ہمارا، فوج بھی ہماری ہے۔ انہوں نے کہا کہ آئین کی بالادستی اور قانون کی حکمرانی ملکی ترقی کے لیے ناگزیر ہے۔

بقیہ جات 18

وفاقی وزیر تجارت نے کہا کہ شہدا نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے ملک کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا۔ انہوں نے کہا کہ قوم حوالدار محمد منیر عباسی شہید اور دیگر شہدا کی جرات کو سلام پیش کرتی ہے کہ جنہوں نے اپنی قیمتی جانوں کا نذرانہ پیش کیا۔ جام کمال خان نے شہید حوالدار محمد منیر عباسی کے بچے کو اس کی تعلیم کے مطابق سرکاری نوکری دلوانے کی ہدایات جاری کیں۔ انہوں نے کہا کہ حولدار محمد منیر عباسی شہید کے بچے کو حکومت نے گھر الاٹ کیا ہے اور جس سرکاری کوارٹر میں یہ پہلے سے قیام پزیر تھے وہیں ان کو رہنے کی اجازت بھی دی گئی تاکہ یہ اپنے کوارٹر کے نزدیک آرمی پبلک سکول میں تعلیم کو جاری رکھ سکیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ میرا شہید کے گھر آنے کا واحد مقصد شہید کی شہادت کو خراج عقیدت پیش کرنا اور آپ کے ساتھ اظہار یکجہتی کرنا ہے۔

بقیہ جات 19

ہمارا دین اور آئین بھی واضح طور پر کہتا ہے کہ ریاست کے خلاف ہتھیار اٹھانے والا دہشت گرد ہے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی اور وفاقی وزیر مذہبی امور چوہدری سالک حسین سے چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کی زیر قیادت تمام مکاتب فکر کے علماء کرام اور دیگر مذاہب عالم کے رہنماؤں کی ملاقات ہوئی۔ علماء کرام اور دیگر مذاہب عالم کے رہنماؤں سے کلیدی خطاب کرتے ہوئے وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ دہشت گردی کے خاتمے کے لیے علماء کرام اور دیگر مذاہب عالم کے رہنماؤں سے مشاورت کا آغاز کیا گیا ہے، میں اور وفاقی وزیر مذہبی امور سالک حسین اس قومی مشن کو آگے لے کر چلیں گے، سب سے پہلے ہم سب پاکستانی ہیں اور سب سے پہلے پاکستان ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ ہمیں جس آگ میں دھکیلا جا رہا ہے ہم نے اس سے نکلنا ہے، علماء کرام اور دیگر رہنماؤں کی مدد سے ہی ہم اس آگ سے نکل سکتے ہیں۔

بقیہ جات 20

ہے، دشمنوں کے مذموم ارادوں کو خاک میں ملانے والی افواج پاکستان کی قربانیوں سے تاریخ بھری پڑی ہے۔ 6 ستمبر کے حوالے سے اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ ہماری بہادری افواج نے اپنے سے کہیں بڑی اور بہتر اسلحے سے لیس بھارت کو 65 کی جنگ میں سبق سکھایا۔ وطن کی طرف اٹھنے والی ہر آنکھ کو اس کے مطابق جواب دیا گیا۔ مملکت خداداد شہداء کے لہو سے سینچا گیا گلستاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ زمانہ امن ہو یا جنگ افواج پاکستان کی قربانیوں اور ملک کی بے لوث خدمت کا کوئی تقابل نہیں۔ جس طرح 65 کی جنگ میں افواج نے قوم کے ساتھ مل کر وطن کا دفاع کیا ویسے ہی آج کے اندرونی و بیرونی چیلنجز سے بھی یکجا ہو کر نمٹا جا رہا ہے۔

بقیہ جات 21

کی سماعت کرتے ہوئے ریمارکس دیے ہیں کہ اگر معاملہ سپریم کورٹ میں زیر سماعت ہے تو ہم یہ کیس نہیں سن سکتے۔ چیف جسٹس لاہور ہائیکورٹ جسٹس مس عالیہ نیلم کی سربراہی میں تین رکنی بنچ نے درخواست پر سماعت کی۔ فاضل عدالت نے حکم دیا کہ سپریم کورٹ میں دائر درخواست اور حکم نامے کی کاپی کو ریکارڈ کا حصہ بنائیں۔ یہ دستاویزات آنے پر ہم دیکھیں گے کہ یہ فل بنچ کیس سن سکتا ہے یا نہیں۔ درخواست گزار کی جانب سے اظہر صدیق ایڈووکیٹ عدالت میں پیش ہوئے۔ درخواست میں آئی ایس آئی کو کال ریکارڈنگ کی اجازت دینے کے نوٹیفکیشن کو چیلنج کیا گیا۔

بقیہ جات 22

کی بقاء کے لئے پاک فوج کی بے مثال قربانیوں کی یادگار ہے۔ پاکستان کی تاریخ میں 06 ستمبر انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ جو ہمیں قومی وحدت، عزم اور مضبوط دفاع کی یاد دلاتا ہے۔ آج ہم ان ہیروز کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے 06 ستمبر 1965 کو ہماری سرحدوں پر حملہ آور دشمن کے خلاف بے خوف ہو کر لڑتے ہوئے شکست فاش دی اور خون سے وطن کے دفاع کو ناقابل تسخیر بنایا۔ سپیکر ملک محمد احمد خان نے کہا کہ افواج پاکستان اندرونی و بیرونی خطرات سے نمٹنے کے لیے تمام صلاحیتیں رکھتی ہے۔ قوم آج بھی دشمنوں کو شکست دینے کے لئے پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ اللہ تعالیٰ ہماری مسلح افواج کو کامیابیاں عطاء فرمائے اور پاکستان کو ہمیشہ سلامت رکھے۔

بقیہ جات 23

ہے مرکزی نائب صدر پاکستان مسلم لیگ ن سابق گورنر و وفاقی وزیر امور کشمیر گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر کا کہنا ہے کہ دفاع وطن ہمیں جان سے بھی مقدم ہے، زندہ قومیں ہر تہوار قومی جوش و جذبے اور ملی ہم آہنگی سے مناتی ہیں جنگ ستمبر کے دوران پاک فوج کے جوانوں نے اپنی جان پر کھیل کر سرحدوں کی حفاظت کے لیے جو کارہائے نمایاں سرانجام دیے اس کی مثال دنیا کی تاریخ میں نہیں ملتی انہوں نے کہا سرحدوں کی حفاظت پر ایک رات پہرہ دینا کئی عبادتوں سے افضل ہے سرحدوں کی حفاظت پر مامور جوان اور افسر ہمارے ماتھے کا جھومر اور دلوں کی دھڑکن ہیں، شہدائے وطن کو دل کی اتھاہ گہرائیوں سے سلام پیش کرتے ہیں۔

بقیہ جات 24

میں ایک مشیر اور چار معاونین خصوصی بنائے جانے کی سفارش کی گئی تھی۔ سابق ایڈووکیٹ جنرل کے پی شمائل بٹ نے بتایا کہ آئین کے تحت گورنر 15 روز میں سمری پر دستخط یا اعتراض لگا سکتے ہیں، گورنر سمری واپس نہیں بھیجتے تو 15 روز بعد سمری منظور سمجھی جائے گی، خیبر پختون خوا کابینہ میں ردوبدل اور اضافہ وزیر اعلیٰ کی صوابدید ہے۔ دوسری جانب گورنر ہاؤس کے پی کے ترجمان کے مطابق گورنر مصروفیات کے باعث سمری پر دستخط نہیں کر رہے ہیں، سمری پر دستخط سے دیگر امور زیادہ اہم ہیں، وقت ملنے پر سمری پر دستخط کے معاملے کو دیکھا جائے گا۔ گورنر ہاؤس کے ترجمان نے بتایا کہ گورنر بین الاقوامی وفود اور سیاسی جماعتوں سے اہم ملاقاتیں کررہے ہیں، ملاقاتوں کا مقصد صوبہ کا امیج بہتر بنانا ہے۔

بقیہ جات 25

میں محترمہ فاطمہ جناح کا نوٹ شارٹ لسٹ کیا گیا ہے، ایک ہزار کے نوٹ پر لیاقت علی اور ان کے کے کا نشان ہے اور پچھلی طرف ہاتھوں کی زنجیر موجود ہے۔ شارٹ لسٹ کیے گئے کرنسی نوٹوں کے ڈیزائنز میں 10، 20، 100، 500 اور 5 ہزار کے نوٹوں پر قائد اعظم کی تصویر آویزاں ہے۔ شارٹ لسٹ کیے گئے ڈیزائنز کو بین الاقوامی ڈیزائنروں کے پاس بھیجا جارہا ہے جو ڈیزائنوں کو دیکھ کر فائنل کریں گے۔

بقیہ جات 26

الاول 1446 ہجری) کے موقع پر ملک بھر میں عام تعطیل ہوگی۔ واضح رہے کہ 2 روز قبل ربیع الاول کا چاند دیکھنے کے لیے چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد کی زیر صدارت مرکزی رویت ہلال کمیٹی کا اجلاس اسلام آباد میں ہوا تھا۔ اجلاس میں رویت ہلال زونل کمیٹی اسلام آباد، سپارکو، محکمہ موسمیات اور وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کے نمائندوں نے شرکت کی تھی۔ علاوہ ازیں، زونل رویت ہلال کمیٹیوں کے اجلاس مقررہ مقامات پر جاری رہے، اجلاس میں ماہ ربیع الاول کے چاند کی رویت سے متعلق فیصلہ کیا گیا۔ بعد ازاں، چیئرمین مرکزی رویت ہلال کمیٹی مولانا عبدالخبیر آزاد نے پریس کانفرنس کے دوران اعلان کیا تھا کہ 12 ربیع الاول 17 ستمبر بروز منگل کو ہوگی۔

بقیہ جات 27

سائٹ ' ایکس' پر انہوں نے کہا کہ میرے دونوں بھائیوں پروفیسر مظہر مشوانی اور پروفیسر ظہور مشوانی کو رات 2 بجے ریلیز کردیا گیا، ان معصوم شہریوں کو 6 جون سے 6 ستمبر تک یعنی 92 دن اغواء رکھا گیا۔ پی ٹی آئی کے رہنما اظہر مشوانی نے سوشل میڈیا پیغام میں کہا کہ اللہ پاک تمام جبری گمشدہ افراد کو جلد از جلد ان کے اہل خانہ سے بحفاظت واپس ملوائیں، تمام پاکستانیوں خصوصاً ہمارے وکلا، رپورٹرز، سوشل میڈیا ایکٹیوسٹس اور انصافینز کی محنت اور دعاؤں کے ہم شکرگزار ہیں۔

بقیہ جات 28

ہوئے کہا کہ یہ فارم 47 کے لوگ ہیں، یہ عوام کے حقیقی نمائندے نہیں، یہ ایسے قوانین بنائیں گے جن سے چوروں اور آئین شکنوں کو تحفظ ملے، یہ جعلی پارلیمنٹ بنائی گئی، یہ لوگ عوام کے حق میں کیا قانون سازی کریں گے۔ شبلی فراز کا کہنا تھا کہ اس ٹولے نے غریبوں کا خون چوس لیا ہے، ہم اس کو جعلی پارلیمنٹ سمجھتے ہیں، الیکشن میں پاکستان کی سب سے بڑی جماعت پی ٹی ا×ئی کو دیوار سے لگایا گیا، پی ٹی ا×ئی سے انتخابی نشان چھین لیا گیا، لوگوں نے پھر بھی پی ٹی آئی کو ووٹ دیا، سب نے دیکھا الیکشن کے نتائج تبدیل کیے گئے۔ رہنما تحریک انصاف نے کہا کہ سب نے دیکھا کس طرح سے فارم 47 آیا، انتخابات میں تحریک انصاف کی خواتین اور سینئر قیادت کو ہراساں کیا گیا

بقیہ جات 29

نامے آج ملزمہ کی درخواست ضمانت کی سماعت میں پیش کیے جائیں گے۔ ورثاء کی جانب سے ملزمہ کی درخواست ضمانت پر نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ جمع کرایا جائے گا۔ نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ جاں بحق ہونے والے عمران عارف کی اہلیہ کی جانب سے جمع کرایا جائے گا۔ حادثے میں جاں بحق ہونے والے عمران عارف کے بیٹے اسامہ عارف اور بیٹی کی جانب سے بھی نو آبجیکشن سرٹیفکیٹ جمع کرائے جائیں گے۔ طے پائے گئے حلف نامے میں متاثرہ خاندان کا کہنا ہے کہ ہمارے درمیان معاملات طے پا گئے ہیں ہم نے ملزمہ کو معاف کر دیا ہے۔ حلف نامے میں جاں بحق ہونے والوں کے ورثاء نے کہا ہے کہ ہم نے اللہ کے نام پر معاف کیا ہے جو بڑا مہربان اور نہایت رحم والا ہے۔ ورثاء نے حلف نامے میں کہا ہے کہ ملزمہ کو ضمانت دینے پر ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے، جو حادثہ ہوا تھا وہ جان بوجھ کر نہیں کیا گیا۔

بقیہ جات 30

اور امن عامہ ایکٹ 2024 منظور کرلیا۔ جمعہ کو قومی اسمبلی کا اجلاس اسپیکر ایاز صادق کی زیر صدارت شروع ہوا، اجلاس میں وفاقی وزرا کی غیر حاضری پر اسپیکر برہم ہوگئے اور اجلاس ملتوی کرتے ہوئے چیمبر میں چلے گئے۔ بعد ازاں وفاقی وزیر اعظم نذیر تارڑ کی آمد کے بعد اجلاس کا باقاعدہ ہوا۔ اجلاس کے دوران بیرسٹر دانیال چوہدری نے اسلام آباد میں جلسے جلوسوں کو ریگولیٹ کرنے کا بل پیش کردیا، اپوزیشن نے بل کی مخالفت کرتے ہوئے اسے آمرانہ اقدام قرار دے دیا۔ اس پر وزیر قانون اعظم نذیر نے کہا کہ اسلام آباد میں کچھ لوگ جمع ہوجاتے ہیں پورا شہر بند ہوجاتا ہے، ہم نے وفاقی دارالحکومت کو پنجرہ بنا دیا ہے۔ بعد ازاں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ یہ لوگوں کے جمع ہونے کے حق کو ختم کر رہے ہیں، آپ اس بل کو کمیٹی میں بھیج دیں، عامر ڈوگر نے کہا کہ گزشتہ چھ مہینوں میں تمام قانون سازی پی ٹی آئی کے خلاف ہوئی، اتنی جلدی میں قانون سازی ہوئی جس سے مقاصد واضح ہوتے ہیں، یہ ایک ڈریکونین قانون ہے، ہم اس قانون سازی میں اپنی ترامیم دینا چاہتے ہیں، دریافت کیا کہ پرائیویٹ ممبر بل پر اتنی جلدی کیوں ہے آپ کو؟ بعد ازاں ایوان نے اسلام آباد میں جلسے جلوسوں کو ریگولیٹ کرنے کا بل منظور کرلیا۔

بقیہ جات 31

جس کے بعد اسلام آباد سے تقریباً 16 سال بعد پولیو کیس سامنے آیا ہے۔ قومی ادارہ صحت کا بتانا ہے کہ جڑواں شہروں اسلام آباد اور راولپنڈی کے جون کے ماحولیاتی نمونوں میں پولیو وائرس کی موجودگی پائی گئی ہے۔ دوسری جانب وزیراعظم کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عائشہ رضا فاروق کا کہنا ہے کہ بدقسمتی سے ایک اور پاکستانی بچہ پولیو سے متاثر ہوا، حکومت نے پولیو کے پھیلاؤ کو روکنے کے لیے جامع روڈ میپ بنایا ہے۔ ملک میں پولیو کیسز کے حوالے سے کوآرڈینیٹر نیشنل ایمرجنسی آپریشنز سینٹر انوار الحق نے کہا کہ ہم ہر بچے تک پولیو ویکسین پہنچانے کی کوششیں تیز کررہے ہیں۔

بقیہ جات 32

کے درمیان خطے میں ٹیکنالوجی کے فروغ کے اقدامات کے حوالے سے بات چیت کی گئی۔ بلاول بھٹو زرداری نے جنوبی ایشیا میں کنکٹیوٹی اور ٹیکنالوجی کے حوالے سے گوگل کارپوریشن کے اقدامات کو سراہا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ عالمی ٹیکنالوجی کے ادارے اگر مزید مواقع فراہم کریں تو پاکستانی نوجوانوں کی صلاحیتوں سے پوری دنیا مستفید ہوسکتی ہے۔ اسکاٹ بیومونٹ نے بتایا کہ گوگل پر عزم ہے کہ وہ خطے میں زیادہ سے زیادہ نوجوانوں کو مواقع فراہم کرے۔

بقیہ جات 33

وفاقی وزیر نے کہا کہ 6 ستمبر 1965 کے دن ہماری بہادر افواج نے دلیری اور جانبازی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دشمن کے عزائم کو خاک میں ملا دیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ملک کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک و قوم کو متعدد چیلنجز درپیش ہیں، ہم تمام چیلنجوں سے نبرد آزما ہو کے قوم کی خوشحالی اور استحکام کیلئے اقدامات کر رہے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ پاکستانی عوام اور حکومت ہمیشہ کی طرح پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ جات 34

دیانتدار قیادت وقت کی اہم ضرورت بن چکی ہے۔ 77 سال سے تمام سیاسی پارٹیوں اور لیڈروں نے ذاتی مفادات کی خاطر ملک و قوم کو ناقابل تلافی نقصان ہی پہنچایا، مہنگائی، بیروزگاری کے تحفے دیئے، اقتدار کی ہوس میں پاکستان کو دولخت کیا اور ملک و قوم کیساتھ قومی اداروں کو بھی بیرونی قرضوں میں ڈبو دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان ایٹمی طاقت ہونے کے باوجود مہنگی بجلی، لوڈشیڈنگ، معاشی بدحالی، بدامنی اور مہنگائی و بے روزگاری کی دلدل میں مسلسل آگے بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج پوری قوم کو 6 ستمبر 1965 کے جذبے کے تحت موجودہ کرپٹ اور ظالمانہ نظام کے خلاف کھڑا ہونے کی ضرورت ہے اور اپنے حق کیلئے جدوجہد کرنے کی ضرورت ہے۔ جماعت اسلامی کی حق دو عوام کو تحریک کے تحت ممبر شپ مہم کے ذریعے شہر لاہور کے ہر گھر اور فرد تک امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمن کا پیغام پہنچائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے 6 ستمبر یوم دفاع کے موقع پر مختلف تقریبات اور ممبر شپ مہم کے کیمپوں میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ جات 35

علی چیمہ، ایڈیشنل چیف سیکرٹری پنجاب، چیئرمین پی اینڈ ڈی، ہاؤسنگ، لوکل گورنمنٹ، قانون، خزانہ کے سیکرٹری صاحبان، سی ای او اربن یونٹ اور کمشنر لاہور پی ڈبلیو ایس ایس ڈبلیو ایم اے ×ٹ کمیٹی میں بطور ممبر شامل ہوں گے۔ یہ کمیٹی عوام کو معیاری میونسپل خدمات کی فراہمی کیلئے اتھارٹی کے قیام کے حوالے سے تجاویز تیار کرے گی۔ وزیر بلدیات کی زیرصدارت پی ڈبلیو ایس ایس ایس ڈبلیو ایم اے ×ٹ کمیٹی کا پہلا اجلاس سول سیکرٹریٹ میں ہوا۔ پارلیمانی سیکرٹری برائے لوکل گورنمنٹ خرم خان ورک سمیت تمام ارکان شریک ہوئے۔ سیکرٹری کمیٹی سید زاہد عزیز نے دنیا کے دیگر ممالک میں رائج ماڈلز پر بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر بلدیات ذیشان رفیق نے کہا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف چاہتی ہیں عوام کے لئے زیادہ سے زیادہ آسانیاں پیدا ہوں۔ نچلی سطح تک معیاری میونسپل خدمات کی فراہمی کا موثر نظام ہونا چاہیے جس کے لئے ضروری ہے کہ شہری خدمات کے واضح تعین کیلئے محکموں کی ڈپلی کیشن ختم کرنا ہوگی۔ ذیشان رفیق نے اس امید کا اظہار کیا کہ ایک اتھارٹی قائم ہونے سے کئی پیچیدگیوں کا خاتمہ ہو سکے گا۔ اس موقع پر وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ آبادی میں اضافے کے ساتھ محکموں کی استعداد کار بڑھانا ہوگی۔ کمیٹی میں تمام متعلقہ محکموں کی نمائندگی سے ہر پہلو پر غور ممکن ہوگا۔ وزیر قانون، مواصلات و تعمیرات ملک صہیب احمد بھرتھ نے کہا کہ نئی اتھارٹی کے قیام کے لئے قانون سازی سے قبل تمام پہلوؤں کا جائزہ لیا جائے گا۔ کمیٹی ٹھوس تجاویز تیار کرکے وزیر اعلیٰ کو بھجوائے گی۔

بقیہ جات 36

کہ دہشتگرد بلوچستان میں ترقی کا عمل پروان نہیں چڑھنے دے رہے، اگر بلوچستان ترقی کرگیا تو صوبے کی محرومیوں کے بیانیے کی بنیاد پر چلنے والی ان کی دکان بند ہوجائے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں ترقی کی ہر کوشش میں دہشتگردی سے رکاوٹ ڈالی جاتی ہے۔

بقیہ جات 37

بیٹے نواز اسماعیل کو ازبکستان میں میڈیکل کی تعلیم کیلئے 10 لاکھ روپے کا سکالرشپ دیا گیا، شہید کانسٹیبل محمد قربان کی بیٹی نادیہ فرمان کو برطانوی یونیورسٹی سے انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ کی ڈگری کیلئے 20 لاکھ روپے کا سکالرشپ ملا، کانسٹیبل محمد امجد کے بیٹے سعید امجد کو برطانیہ سے پراجیکٹ مینجمنٹ کی ڈگری کیلئے 20 لاکھ روپے کا سکالرشپ دیا گیا، شہید ہیڈ کانسٹیبل محمد رزاق کی بیٹی عائشہ رزاق کو برطانیہ سے ایم ایس سی اپلائیڈ پبلک ہیلتھ کی ڈگری کیلئے 20 لاکھ روپے کا سکالرشپ دیا گیا، کانسٹیبل فیاض احمد کے بیٹے عمران امیر کو چین سے کلینیکل میڈیسن میں گریجویٹ پروگرام کیلئے سکالرشپ دیا گیا۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے فارن سکالرشپس حاصل کرنے والے طلبا و طالبات کو مبارک بادی اور بھرپور محنت سے تعلیم مکمل کرنے کی ہدایت کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ویلفیئر برانچ کو فارن سکالرشپس کا دائرہ کار مزید وسیع کرنے کا حکم دیا، آئی جی پنجاب نے کہا کہ مستقبل میں پہلے سے زیادہ بچوں کو اعلیٰ تعلیم کیلئے فارن سکالرشپ دیا جائے گا۔ ایڈیشنل آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس ریاض نذیر گاڑا، آر پی او فیصل آباد ڈاکٹر محمد عابد خان، سی پی او فیصل آباد کامران عادل، ڈی آئی جی ویلفیئر غازی محمد صلاح الدین اور اے آئی جی ویلفیئر عمارہ شیرازی سمیت دیگر افسران نے تقریب میں شرکت کی۔

بقیہ جات 38

پھول رکھے اور یونیورسٹی سیکورٹی گارڈز نے گارڈ آف آنر بھی پیش کیا طالبات نے شمعیں روشن کی اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ نے شہدا کے لئے دعا بھی کی بعدازاں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر کلثوم پراچہ نے کہا کہ دشمن پاکستان کی سالمیت پر دشمن نے رات کے اندھیرے میں سنگین حملہ کیا تھا جس کا پاک وطن کے خاکی پوش مجاہدوں اور عام شہریوں نے یکجان اور متحد ہو کر ایسے مقابلہ کیا کہ چشم فلک حیران رہ گئی تعداد اور ہتھیاروں کی برتری کے زعم میں مبتلا دشمن کو ارض پاک کے چپے چپے پر ایسی مزاحمت کا سامنا کرنا پڑا کہ اس کے آگے بڑھتے قدم اکھڑ گئے اور ارض پاک کو ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنے والوں کو اپنی ہی سرزمین کو پاک مجاہدوں کی جوابی کارروائی کے دوران بے جگری سے آگے بڑھتے جتھوں سے بچانا محال ہو گیا وطن عزیز کے لئے قربانیاں دینے والے شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی، آج ہم جن آزاد فضاؤں میں سانسیں لے رہے ہیں، وہ انہی کی وجہ سے ہے رجسٹرار ڈاکٹر میمونہ خان نے کہا کہ طالبات ہمارے ملک کا اثاثہ ہیں، مستقبل میں وہ ملک کا محافظ بن کر دفاع کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گی انہوں نے کہا کہ افواج پاکستان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا ہے ہمارے دل انکے ساتھ دھڑکتے ہیں پوری قوم افواج پاکستان کے ساتھ ہے اس موقع پر طالبات نے ملی نغمے گائے، تقریب کی میزبانی شعبہ اردو کی چیئر پرسن ڈاکٹر عذرا لیاقت نے کی۔ تقریب میں تمام شعبہ جات کی چیئر پرسنز اور اساتذہ موجود تھیں۔

بقیہ جات 39

بھارتی اور بڑے دشمن کو زیر کر دکھایا اور جرات اور بہادری کی عظیم داستانیں رقم کیں، آج ہم سب کو اپنے جوانوں کے شانہ بشانہ کھڑے ہونے کے عہد کی تجدید کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطن عزیز کو آج بھی دہشتگردی کا سامنا ہے، آج کا دن ہم سب کے لہو کو گرماتا اور مادر وطن کے لئے قربانیوں کو تازہ کرتا ہے، یوم دفاع پر بری، بحری اور فضائیہ کو ساری قوم سلام عقیدت پیش کرتی ہے۔ رانا مشہود احمد خاں نے کہا کہ ہم سب افواج پاکستان کے جوانوں کی قربانیوں کے احسان مند ہیں۔ آج کے دن اندرونی اور بیرونی سازشوں سے ملک کے دفاع کے عزم کا دن ہے، یوم دفاع پاکستان کو ناقابل تسخیر بنانے کے عزم کا دن ہے۔ افواج پاکستان زندہ باد۔ پاکستان پائندہ باد۔

بقیہ جات 40

ڈیرے پر چھاپے مارے، پولیس نے ڈیرے اور گھر کو حصار میں لیے رکھا تاہم چودھری اصغر گجر گھر پر موجود نہ تھے۔ دوسری جانب پولیس کی بھاری نفری نے ٹکٹ ہولڈر یاسر گیلانی کے گھر پر بھی چھاپہ مارا، لیکن یاسر گیلانی بھی گھر پر موجود نہیں تھے اس لیے ان کی گرفتاری بھی عمل میں نہ لائی جاسکی۔

بقیہ جات 41

دی گئی ان میں وزیر اعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کیلئے 9 ارب 70 کروڑ روپے، تل، سویا بین اور کینولا کے فروغ کے سلسلہ میں برآمدات میں اضافہ کیلئے 88 کروڑ 63 لاکھ 83 ہزار روپے، وزیراعلیٰ پنجاب گرین کریڈٹ منصوبہ کیلئے 1 ارب روپے، جنگلات، وائلڈ لائف اور فشریز ڈیپارٹمنٹ میں ڈیجیٹل کمیونیکیشن سیل کے قیام کیلئے 1 ارب 20 کروڑ روپے، پنجاب میں جنگلی حیات کے تحفظ کے سلسلہ میں محکمہ جنگلی حیات کی مضبوطی اور استعداد کار میں اضافہ کیلئے 1 ارب روپے اور پراجیکٹ مینجمنٹ یونٹ کے قیام (ترمیمی) کیلئے 70 کروڑ 60 لاکھ روپے شامل ہیں۔ اجلاس میں صوبائی سیکرٹری پی اینڈ ڈی بورڈ ڈاکٹر آصف طفیل سمیت چیف اکانومسٹ محمد مسعود انور، متعلقہ سیکرٹریز، محکمہ جات کے اعلیٰ افسران اور پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کے ممبران نے شرکت کی۔

بقیہ جات 42

خوشی منانی چاہیے، 190 ملین پاؤنڈ کیس بھی ختم ہونے کے قریب ہے۔ انہوں نے بتایا کہ نیب آرڈیننس کے خلاف اس لیے گئے کہ یہ کیسز ہم نے نہیں بنائے تھے، شہباز شریف کے تمام کیسز پرانے تھے، صرف مقصود چپڑاسی کا شوگر اسکینڈل کیس ہمارے دور میں بنا، عوامی نمائندے قانون پاس کر کے اپنے کرپشن کیس ختم کر رہے ہیں، عوامی نمائندوں کا کام قوم کے پیسے کا تحفظ ہے۔ عمران خان نے کہا کہ نیب ترامیم کے ذریعے وائٹ کالر کرائم پکڑنا ناممکن بنا دیا گیا ہے، اس قانون سے چوری کے راستے کھول دیے گئے ہیں۔

بقیہ جات 43

مختص کردیا، ایوان میں سابق سیکرٹری صحت کے خلاف 70 ارکان کے دستخطوں سے تحریک استحقاق پیش کردی گئی، اجلاس میں چھ ستمبر کے حوالے سے قرارداد بھی متفقہ طور پر منظور کرلی گئی۔ پنجاب اسمبلی کا اجلاس گزشتہ روز بھی مقرر وقت کی بجائے دو گھنٹے کی تاخیر سے اسپیکر ملک محمد احمد خان کی زیرصدارت شروع ہوا۔ زیرو آور کے دوران پیپلز پارٹی کے رکن اسمبلی ممتاز چانگ نے ایوان کو کچے کے علاقہ کی بدترین صورتحال سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ میرے اوپر متعدد مواقعوں پر دوران حملے کی کوشش کی گئی، کچے کے علاقہ میں لوگوں کی جان و مال محفوظ نہیں۔ دہشت گردی بلوچستان میں ہو یا ملک میں کہیں بھی ہو اس پر کھل کر بات کرنی چاہیے، ہمیں اپنی فوج اور پولیس پر مکمل اعتماد ہے وہ دہشتگردی کیلئے لڑ رہے ہیں، پی ٹی آئی دور میں کچے کے ڈاکو مضبوط ہوئے، ان کے خلاف کیوں آپریشن نہ کیا گیا، کچے کے ڈاکو یوٹیوب چینل چلا رہے ہیں، کچے میں آپریشن ہوتے ہیں گیارہ گیارہ ارب روپے خرچ کرتے ہیں لیکن کارکردگی زیرو ہے، کچے کے علاقہ میں پولیس بھی ملوث ہے انہوں نے زمینیں ٹھیکے پر لے رکھی ہیں، اگر وزیرستان کے دہشتگردوں سے بات ہوسکتی ہے تو کچے کے ڈاکوؤں سے بھی بات کرنی چاہیے، کچے میں بات کر کے ترقیاتی کام کروانے چاہئیں تاکہ وہ ہتھیار چھوڑ کر کام کریں، کچے میں کرپٹ ایس ایچ اوز لگے ہوئے ہیں وہ تو ملوں کے مالکان بنے ہوئے ہیں۔

بقیہ جات 44

پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی، پھولوں کی چادر رکھی۔ ایئر وائس مارشل شہریار خان نے کہا ہے کہ مزار قائد پر گارڈز کی ذمے داریاں سنبھالنا ایئر فورس کے لیے اعزاز ہے۔ ایئر وائس مارشل شہریار خان نے کہا کہ دشمن کو پیغام ہے ہماری امن پسندی کو ہماری کمزوری نہ سمجھا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پاک فضائیہ کے دستوں نے دشمن کو ایک انچ بھی آگے نہ بڑھنے دیا، پاک فضائیہ 1965ء کے دوران قوم کی امیدوں پر پوری اتری، آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ پاکستان کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے۔ ایئر وائس مارشل شہریار خان نے کہا ہے کہ پاک فضائیہ کے اہلکاروں کو جدید ٹریننگ دی جا رہی ہے، پاکستان کا امن ہماری اولین ترجیح ہے۔ ایئر وائس مارشل شہریار خان نے مزید کہا کہ مظلوم کشمیری اور فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کرتے ہیں، پوری قوم شہداء کی بہادری کو قابل احترام سمجھتی ہے، شہداء کے شکرگزار ہیں۔

بقیہ جات 45

پنجاب پولیس کا کرائم فائٹر اور جانباز آفیسر ہے، انسپکٹر شاہد اقبال نے سنگین جرائم کے 37 مقدمات کے اشتہاری مجرم الفت عباس کو کیفر کردار تک پہنچایا، اشتہاری مجرم کے ساتھیوں نے رواں برس انسپکٹر شاہد اقبال پر حملہ کیا اور اس کی ٹانگ کو 17 گولیوں کا نشانہ بنایا تھا، محکمہ پولیس انسپکٹر شاہد اقبال کے علاج معالجے میں ہر ممکن مدد و تعاون فراہم کر رہا ہے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ انسپکٹر شاہد اقبال کا بہترین علاج معالجہ اور جلد از جلد بحالی کیلئے تمام اقدامات جاری ہیں، پاکستان آرمی کے تعاون سے انسپکٹر شاہد اقبال کو مصنوعی ٹانگ لگائی جا رہی ہے، انسپکٹر شاہد اقبال بہت جلد دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑے ہو کر فرائض سرانجام دیں گے۔ آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے کہا کہ انسپکٹر شاہد اقبال جیسے بہادر افسران و اہلکار پنجاب پولیس کے اصل ہیروز ہیں، انسپکٹر شاہد اقبال نے فرض کی راہ میں 17 گولیاں کھائیں، انکا عزم و حوصلہ پوری فورس کیلئے قابل تقلید ہے۔

بقیہ جات 46

مسائل سے متعلق اسلام آباد ہائی کورٹ کے احکامات پر عملداری کا جائزہ لے کر عدالت کو آگاہ کرے گا۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے جسٹس سردار اعجاز اسحق خان نے پی ٹی آئی وکلا کو اڈیالہ جیل داخلے سے روکنے کے خلاف درخواست پر سماعت کی، عدالتی حکم پر سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل راولپنڈی عبدالغفور انجم عدالت میں پیش ہوئے، ایڈیشنل پراسیکیوٹر جنرل نیب جہانزیب بھروانہ، ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل نیب نعیم سنگھیڑا اور ایک 190 پاؤنڈز ریفرنس کے تفتیشی افسر میاں عمر ندیم بھی عدالت میں پیش ہوئے۔ سماعت کے آغاز پر اڈیالہ جیل سپرنٹنڈنٹ عبدالغفور انجم روسٹرم پر آئے اور موقف اپنایا کہ تمام معزز وکلا کو بغیر رکاوٹ باعزت طریقے سے جیل داخلے کی اجازت دی جاتی ہے۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ وکلا کی شکایت ہے کہ گاڑیاں جیل سے دور کھڑی کروائی جاتی ہیں، پانی تک پینے کو موجود نہیں، اس پر سپرنٹنڈنٹ اڈیالہ جیل نے بتایا کہ جن وکلا کا وکالت نامہ ہے ان کو چائے بھی پیش کی جاتی ہے۔ جسٹس سردار اعجاز اسحق خان نے ریمارکس دیے کہ یہ تو دو متضاد باتیں سامنے آگئی ہیں، کیا عمران خان کوئی دہشت گرد ہیں کہ اتنی سیکیورٹی میں ٹرائل کرنا ہے؟ ملزم کو وکلا سے ملاقات کی اجازت لازم ہے، یہ اجازت نہ دینا براہ راست توہین عدالت ہے، قیدی اپنے وکیل سے کیا گفتگو کرتا ہے، یہ سننے کے لیے اہلکار کھڑا نہیں کیا جا سکتا۔ اس موقع پر پراسیکیوٹر نیب نے عدالت کو بتایا کہ وکیل فیصل چوہدری نے گزشتہ روز اپنا وکالت نامہ ٹرائل کورٹ میں جمع کروایا ہے، نیب لازم فریق تھا لیکن نیب کو اس کیس میں فریق نہیں بنایا گیا۔ عدالت نے ریمارکس دیے کہ یہ درخواست گزار اور جیل حکام کے بیچ کا معاملہ ہے، نیب کا کوئی تعلق نہیں، سب کو پتا ہے کہ ہو کیا رہا ہے، اس میں جیل انتظامیہ کا کوئی کردار نہیں۔

بقیہ جات 47

سے متعلقہ جرائم کے حوالے سے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عمل پیرا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قتل سمیت سنگین جرائم کے زیر تفتیش مقدمات جلد یکسو کئے جائیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے پینڈنگ روڈ سرٹیفکیٹس اور بجلی چوری کے چالان مقدمات بروقت عدالتوں میں جمع کروانے کے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ لیسکو کی کمرشل بجلی چوروں کے خلاف مہم میں معاونت کر کے بجلی چوروں کو سزا دلوائی جائے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سی سی پی او لاہور نے کہا کہ بیرون ملک مفرور اشتہاری مجرمان کی گرفتاری کیلئے انٹر پول سے کلوز کوآرڈینیشن رکھا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایف آئی اے اور انٹرپول کے تعاون سے اشتہاری مجرمان کو گرفتار کر کے عدالت سے قرار واقعی سزائیں دلوائی جائیں۔ بلال صدیق کمیانہ نے پولیس سافٹ ویئرز سمارٹ آئی اور ہوٹل آئی سمیت جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے مطلوب مجرمان کی گرفتاری یقینی بنانے اور رابری، سنیچنگ اور پراپرٹی کرائم میں ملوث گینگز کی گرفتاری کیلئے کارروائیاں تیز کرنے کی ہدایات کرتے ہوئے کہا کہ موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں پر قابو پانے کے لئے ٹھوس اقدامات پر عمل درآمد یقینی بنائیں۔ سی سی پی او لاہور نے ایک بار پھر بچوں، خواتین اور معاشرے کے کمزور طبقات کے تحفظ کے عزم کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ تمام شہریوں کو تحفظ فراہم کرنا لاہور پولیس کی اولین ترجیح ہے۔ ڈی آئی جی (انوسٹی گیشن) ذیشان اصغر، ڈی آئی جی (آپریشنز) محمد فیصل کامران، ایس ایس پی (ایڈمن) عاطف نذیر، ایس ایس پی (انوسٹی گیشن) انوش مسعود چوہدری، ایس ایس پی (آپریشنز) تصور اقبال، سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کے ایس پیز، اے ایس پیز، سرکل افسران، ایس ایچ اوز اور انچارجز (انوسٹی گیشن) نے اجلاس میں شرکت کی۔

بعدالت جناب عروبہ رائے نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر سرکل کالا خطائی تحصیل مرید کے ضلع شیخوپورہ

بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے۔ بروئے شجرہ نسب تصدیق وراثتی انتقال نمبر 57 موضع کوٹلی بھولاں ریاض بی بی دختر تھو متوفیہ بحق ناظر حسین (بعد از فوت) بھائی متوفیہ جمیلہ بی بی۔ ثریا بی بی۔ منور بی بی دختران متوفیہ خاور علی۔ ساغر علی۔ عامر علی نواسگان اقصی شہزادی۔ صنم بی بی نواسی گانش متوفیہ زندہ حیات ہیں۔ ان کا وراثتی انتقال درج ہو چکا ہے اگر ان کے علاوہ کوئی شرعی وارث ہے تو اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔ اور وراثت انتقال مذکورہ تصدیق کردیا جائے گا۔

بقیہ جات 48

انہوں نے کہا کہ ڈیرہ اسماعیل خان، ڈیرہ غازی خان چار رویہ سڑک کے ٹینڈرز لگ چکے ہیں، چشمہ لیفٹ کینال منصوبہ کا رواں سال افتتاح کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ صوبہ اور علاقہ کی ترقی کے لیئے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

بقیہ جات 49

ڈاکٹر فرحان عیسی، بریگیڈیئر (ر) طارق قدیر لاکھیار اور اور بٹ کے سی او او ایس ایم سجاد نے قونصل جنرل ترکیہ مسٹر جمال سانگو کو ہیلتھ اینڈ ویلنس ایکسپو کی یادگاری شیلڈ پیش کی۔ قبل ازیں ایکسپو کے دوسرے روز خواتین کی بڑی تعداد ایکسپو میں امڈ آئی۔ کراچی میں صحت کے حوالے سے ہونے والی دو روزہ ہیلتھ اینڈ ویلنس ایکسپو طبی ماہرین کے پیغام کے ساتھ اختتام پذیر ہوگئی۔ خواتین نے ہیلتھ ایکسرسائز میں خصوصی دلچسپی لی جبکہ ایکسپو میں ہسپتالوں، لیب اور طب سے متعلق دیگر اداروں نے صحت برقرار رکھنے کے لیے اپنے اپنے اسٹالوں پر آنے والی خواتین اور دیگر شرکا کو پیغام صحت دیا، ایکسپو میں سینکڑوں شرکا جن میں خواتین بھی شامل ہیں بلڈ اور آنکھوں کے فری ٹیسٹ کیے جبکہ مختلف بیماریوں کے حوالوں سے کون کونسی اور عام حالات میں کیا کیا تھراپی کی جاسکتی ہے سیمینار میں شرکا کو آگاہی دی ہیلتھ ویلنس ایکسپو میں سیمینار کے سات سیشن ہوئے، سیمینار میں ترکیہ کونسل جنرل مسٹر سنگو، ڈاکٹر جنید علی شاہ، ڈاکٹر فرحان عیسی، نصرت فہیم، ڈاکٹر عمارہ، ڈاکٹر حنا انیس، ڈاکٹر شاہد رضا، ڈاکٹر شاہد نور، معیز احمد خان، صباحت علی خان، عادل نعیم نے صحت کے حوالے سے لیکچرز دیے جبکہ ڈاکٹر فرحان عیسی، اور بٹ کے سی او او ایس ایم سجاد اور ڈاکٹر قیصر سجاد نے ڈاکٹرز، طبی اسٹاف اور ایکسپو منتظمین میں شیلڈ اور اسناد تقسیم کیں ہیلتھ اینڈ ویلنس ایکسپو میں نمایاں کردار ادا کرنے پر طبی ماہرین نے کراچی میں صحت و سلامتی کے حوالے سے دو روزہ ایکسپو کو وقت کی ضرورت قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایکسپو کی کامیابی کا سہرا اور بٹ کے سی او او ایس ایم سجاد کو جاتا ہے جبکہ ڈاکٹر جنید علی شاہ اور ڈاکٹر فرحان عیسی ایکسپو کی جان قرار پائے دریں اثنا ایکسپو میں میری فارمیسی، سندھ ہیلتھ کیئر کمیشن، پالسک نیوٹروٹس ویلنس کلینک، سابہ امپیکس، سنا ہیلتھ ایجوکیشن اینڈ ویلفیئر ٹرسٹ، بقائی کمپاؤنڈنگ فارمیسی، ریسکیو 1122، ریسکیو ٹیلی ہیلتھ 1123، ہاشانی آئی ہسپتال، ساؤتھ سٹی ہسپتال سمیت دیگر طبی اداروں کے اسٹالز لگائے گئے تھے اسٹالز کے منتظمین نے شرکا میں تحائف بھی تقسیم کئے۔ علاوہ ازیں مہمان خصوصی قونصل جنرل ترکیہ مسٹر سنگو نے ہیلتھ اینڈ ویلنس ایکسپو میں مختلف طبی اداروں اور اسپتالز کے نمائندوں کو شیلڈ دیں۔

بقیہ جات 50

خطاب کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے اپنے اکنامک پلان کو نیشنل اکنامک رینا سنس قرار دیتے ہوئے معاشی خوشحالی کے وعدے بھی کیے۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کا بنایا ہوا افیشنسی کمیشن وفاقی حکومت کا آڈٹ کرنے کے بعد بھاری اصلاحات تجویز کرے گا اور اپنے قیام کے بعد 6 ماہ کے اندر فراڈ اور مالی بے قاعدگیوں کو ختم کرے گا۔ واضح رہے کہ امریکا میں پہلے سے ہی ایک غیر جانبدار گورنمنٹ اکاؤنٹیبلٹی آفس موجود ہے جو بطور فیڈرل واچ ڈاگ ایجنسی وفاقی سطح پر اخراجات اور کارکردگی پر نظر رکھتا ہے۔ یہ بھی یاد رہے کہ ڈونلڈ ٹرمپ کی جانب سے اعلان کردہ کمیشن کے بارے میں مزید تفصیلات نہیں بتائی گئیں کہ وہ کس طرح قائم کیا جائے اور کیسے آپریٹ کرے گا۔

بقیہ جات 51

اپنے حامیوں سے کاملا ہیرس کی حمایت کا کہہ رہے ہیں ہم بھی ان کی حمایت کریں گے۔ پیوٹن نے کہا کہ کاملا ایسے مسکراتی ہیں جیسے ان کے ساتھ سب کچھ ٹھیک ہو، ٹرمپ نے اب تک سارے امریکی صدور سے زیادہ روس پر پابندیاں لگائیں۔ روسی صدر نے کہا کہ اگر کاملا ہیرس آئیں تو ہوسکتا ہے وہ ٹرمپ کی طرح نہ کریں، ولادیمیر پیوٹن نے پھر کہا کہ امریکی عوام اپنے صدر کا انتخاب کریں گے اور ہم امریکی عوام کی مرضی کا احترام کریں گے۔ دوسری جانب صدر پیوٹن کے تبصرے پر ترجمان وائٹ ہاؤس جان کربی کا کہنا تھا کہ روسی صدر کو ہمارے انتخابات کے بارے میں بات کرنا چھوڑ دینا چاہیے۔ جان کربی نے مزید کہا کہ روسی صدر کو کسی بھی طرح کسی کی بھی حمایت نہیں کرنی چاہیے۔

بقیہ جات 52

ناگوار بو محسوس کی جانے لگی۔ ڈبلیو ڈبلیو ایف (پاکستان) کے تکنیکی مشیر محمد معظم خان کے مطابق محسوس کی جانے والی بدبو آبی پودوں کی وجہ سے آرہی ہے۔ آبی پودے فائٹو پلانکٹن کی وجہ سے یہ بدبو محسوس ہوتی ہے۔ ہر سال بڑی تعداد میں یہ پودے زیر آب اگتے ہیں، انکے مرنے یا سڑنے کی وجہ سے بدبو محسوس کی جاتی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ یہ سلسلہ ہر سال مون سون کے خاتمے کے فوری بعد ہوتا ہے۔ مون سون کے بعد شہر میں ہواؤں کی سمت بھی کچھ تبدیل ہوتی ہے۔ جس کی وجہ سے یہ مخصوص بو ہوا کے دوش پر شہر کے مختلف علاقوں میں محسوس کی جاتی ہے۔ جس میں بعد ازاں بتدریج کمی ہوتی ہے۔ ماہرین کا خیال ہے کہ فائٹو پلانکٹن سطح آب پر پھیلے آبی پودوں کی طرح زمین کے پھیپھڑوں کا کام کرتا ہے۔ زمین پر موجود آکسیجن کی زیادہ مقدار سمندروں کی گہرائیوں میں پائے جانے والے یہ خردبینی پودے مہیا کرتے ہیں جنہیں عرف عام میں فائٹو پلانکٹن کہا جاتا ہے، جو سمندر کے کھارے پانی کے ذخائر کے علاوہ دریاؤں اور آب گاہوں میں بھی پائے جاتے ہیں۔ یہ حجم کے اعتبار سیاتنے چھوٹے ہوتے ہیں کہ انسانی مشاہدے کے دوران آسانی سے دکھائی نہیں دیتے، البتہ ایک ہی مقام پر اگر ان آبی پودوں کی کثیر تعداد موجود ہو تو پھر اس جگہ پر سبزے کی موجودگی کا احساس ہوتا ہے۔ یہ خوردبینی پودے سورج کی روشنی اور پانی کی موجودگی میں اپنی خوراک خود تیار کرتے ہیں اور اس عمل کے دوران آکسیجن گیس خارج کرتے ہیں۔ کرہ ارض میں پائی جانے والی آکسیجن کی کل مقدار کا دو تہائی ان سے حاصل ہوتا ہے۔ آکسیجن کی پیداوار کا اہم ترین ذریعہ ہونے کی حیثیت سے یہ خردبینی جاندار عالمی غذائی چین کا بے حد اہم اور کلیدی حصہ ہیں۔

بعدالت جناب عروبہ رائے نائب تحصیلدار/ ریونیو آفیسر سرکل کالا خطائی تحصیل مرید کے ضلع شیخوپورہ

بذریعہ اشتہار ہذا مطلع کیا جاتا ہے۔ بروئے شجرہ نسب تصدیق وراثتی انتقال نمبر 311 موضع جنوعہ محمد یعقوب ولد عنایت علی متوفی بحق مختاراں بیگم بیوہ بحق شہزاد علی۔ فیض احمد۔ محمد احسان۔ عمران علی۔ محمد نعمان۔ محمد عثمان۔ محمد عرفان پسران شمینہ بی بی۔ عائشہ دختران متوفیہ زندہ حیات ہیں۔ ان کا وراثتی انتقال درج ہو چکا ہے اگر ان کے علاوہ کوئی شرعی وارث ہے تو اندر سات یوم عدالت ہذا میں رابطہ کرے بعد میں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہیں ہوگا۔ اور وراثت انتقال مذکورہ تصدیق کردیا جائے گا۔

بقیہ جات 53

استعمال ہوتا ہے، کمپنی کی موجودہ پالیسیوں کی خلاف ورزی نہیں کرتا ہے۔ کمپنی کے پینل کی جانب سے اس سے متعلق گزشتہ روز مختلف سوشل میڈیا پوسٹس کے جائزے کے بعد فیصلہ کیا گیا ہے۔ عرب میڈیا کے مطابق میٹا نے اس سے متعلق بتایا کہ مذکورہ نعرہ اس جملے پر ایک وسیع بحث کے درمیان آیا ہے، جسے فلسطینیوں کے ساتھ اظہار یکجہتی اور غزہ پر اسرائیل کی تقریباً 11 ماہ کی جنگ کے خلاف مظاہرین نے نمایاں طور پر استعمال کیا ہے۔ اس نعرے سے مراد دریائے اردن اور بحیرہ روم کے درمیان کا جغرافیائی علاقہ ہے جسے اسرائیل، مقبوضہ مغربی کنارے اور غزہ کی پٹی کو گھیرے ہوئے ہے۔ میٹا کے پینل نے کہا کہ میٹا کے مواد کو برقرار رکھنے کے فیصلوں کو برقرار رکھنے میں، بورڈ کی اکثریت نوٹ کرتی ہے کہ اس جملے کے متعدد معنی ہیں اور لوگ اسے مختلف طریقوں سے اور مختلف مقاصد کے ساتھ استعمال کرتے ہیں۔ کمپنی نے مزید کہا کہ ''خاص طور پر مواد کے تین ٹکڑوں میں فلسطینیوں کے ساتھ یکجہتی کے سیاق و سباق کے اشارے ہیں، جس میں تشدد کا کوئی ذکر بھی موجود نہیں ہے۔

بقیہ جات 54

فاتحہ خوانی کی اور ملکی سلامتی و خوشحالی کے لیے دعا بھی کی۔ اس موقع پر کور کمانڈر لاہور لیفٹیننٹ جنرل سید عامر رضا نے مہمانوں کی کتاب میں تاثرات بھی درج کیے۔

بقیہ جات 55

پی ٹی عارف عزیز نے یہ بھی بتایا ہے کہ اس سے قبل بھی ملزم 10 سے زائد مقدمات میں گرفتار ہو کر جیل بھی جا چکا ہے۔

بقیہ جات 56

ہیں، پاک فوج کے جوانوں نے 1965 کی جنگ میں جرأت و بہادری کے انمٹ نقوش چھوڑے، آج بھی ملک کو مکار و عیار دشمن کا کئی محاذوں پر سامنا ہے، دشمن سرحدوں کی پامالی کرنے سے پہلے 28 مئی 1998 کا دن ذہن نشین کرچکا ہے، دشمن کی سازشوں سے نبرد آزما ہونے کیلئے نوجوان نسل کا پروپیگنڈہ مہم سے آگاہ کرنا ضروری ہے، سوشل و ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر کیے جانیوالے گمراہ کن ایجنڈے کو سمجھنا وقت کی ضرورت ہے، وزیراعظم شہباز شریف کی کوششوں سے ملک کی کھوئی ساکھ دوبارہ بحال کی جائے گی، پوری قوم افواج پاکستان کی لازوال قربانیوں پر فخر کرتی ہے۔ بلال یاسین کا مزید کہنا تھا کہ وطن عزیز کو ہر محاذ پر ناقابل شکست بنانے کیلئے پوری قوم میں اتحاد کے جذبے کو ابھارنا ضروری ہے۔

بقیہ جات 57

تیمور احمد نے پی ایس کیو سی اے کی انفورسمنٹ ٹیم اور مقامی پولیس کے ہمراہ لاہور کے مختلف مینوفیکچرنگ سائٹس پر چھاپے مارے، جس کے نتیجے میں چھ غیر قانونی مینوفیکچرنگ یونٹس بند کروادیئے گئے اور مالکان کے خلاف قانونی کارروائی بھی شروع کر دی گئی۔ اسی دوران، گوجرانوالہ میں، ڈپٹی ڈائریکٹر اسد کرمانی کی قیادت میں ٹیموں نے اسی طرح کے چھاپے مارے، جس میں دو اسٹیل مینوفیکچرنگ یونٹس کو بند کروادیا گیا جو صنعت کے معیارات پر پورا نہیں اترتے تھے۔ کارروائی سے پہلے ان یونٹس کو تعمیل کے لئے متعدد نوٹس جاری کیے گئے تھے لیکن وہ رجسٹریشن میں ناکام رہے۔ موقع پر بڑی مقدار میں اسٹیل مصنوعات بھی ضبط کرلی گئیں۔

بقیہ جات 58

چاہتے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ طاقت سے قیدیوں کی رہائی کیلئے مزید قتل عام کی پالیسی ناکام ثابت ہوئی۔ خلیل الحیانے کہا کہ حماس کسی ایسے معاہدے پر راضی نہیں ہوگا جو جارحیت کو نہ روکے۔ ایسے معاہدے پر راضی نہیں ہوں گے جو غزہ میں اسرائیلی موجودگی کو جواز دے۔ انھوں نے کہا کہ مذاکرات کی میز پر ثابت قدم رہنیکا عہد کرتے ہیں۔ خلیل الحیانے کہا حماس امریکی صدر بائیڈن کی جنگ بندی کی تجویز کی توثیق کرتی ہے۔ اسرائیلی وزیراعظم جنگ بندی معاہدے سے بچنا چاہتے ہیں۔

بقیہ جات 59

سڑکوں کی توڑ پھوڑ کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے جبکہ مقبوضہ مغربی کنارے سے 4 ہزار فلسطینیوں کو جبری بے دخل کردیا گیا ہے۔ دوسری جانب اقوام متحدہ کا کہنا تھا کہ اسرائیلی فوج مغربی کنارے میں بھی جنگی حکمت عملی پر عمل پیرا ہے۔ اقوام متحدہ کے ترجمان اسٹیفن ڈوجارک کا کہنا تھا کہ وسطی اور جنوبی غزہ میں 10 لاکھ سے زائد افراد تک اگست کے بعد راشن یا کھانے پینے کی اشیا نہیں پہنچ سکیں ہیں، غزہ میں انسانی بحران اب بھی تباہ کن ہے۔ غزہ کے وزارت صحت کا کہنا تھا کہ اسرائیلی فوج کی جانب سے ایمرجنسی پولیو ویکسینیشن کمپین سے جڑی میڈیکل ٹیموں کو جنوبی غزہ میں داخلے کی اجازت نہیں دی جا رہی ہے۔ ادھر امریکی یرغمالیوں کے اہلخانہ نے صدر بائیڈن سے اسرائیل کے بغیر براہ راست حماس سے معاہدہ کرنے کا مطالبہ کیا ہے جبکہ امریکی شہر پورٹ لینڈ کی سٹی کونسل میں امریکی کمپنیوں کی اسرائیل میں سرمایہ کاری کے خلاف قرارداد اتفاق رائے سے منظور کرلی گئی۔

بقیہ جات 60

شہید بینظیر آباد کے قریب ایک ٹالپور پھاٹک نواب شاہ سبزی منڈی کے قریب اس وقت پیش آیا جب شالیمار ایکسپریس ریلوے پھاٹک سے گزرنے والے بجری کے ٹرک سے ٹکرا گئی۔ ٹرین اور ٹرک دونوں کو نقصان پہنچا تاہم خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ حادثے میں ایک شخص زخمی ہوا۔ تصادم کے باعث اب ٹریک کو عارضی طور پر بند کر دیا گیا ہے اور ملبے کو ہٹانے کے لیے امدادی کارروائیاں شروع کردی گئیں۔ ریلوے حکام کے مطابق حادثے کی وجہ جاننے کے لیے تحقیقات جاری ہیں۔

بعدالت جناب ADLR صاحب دیپالپور/ تحصیلدار صاحب دیپالپور

عنوان: انتقال وراثت رحیم بخش (متوفی) ولد سدا ساکن حسین گڑھ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ ہر گاہ عنوان بالا میں انتقال وراثت اراضی واقع موضع حسین گڑھ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ دفتر ہذا میں درج کیا گیا ہے۔ رحیم بخش (متوفی) بقضائے الٰہی سے وفات پاچکا ہے۔ جس کے تمام وارثان بازگشت یہ بیانی ہوئے ہیں۔ کریم بی بی (بیوہ)، غلام قنبر جعفری، نوکر حسین، نبی بخش ناظم، ناصر عباس، علی شیر، فدا حسین، بابر علی، عزیز بی بی، فیض بی بی، ناصرہ بی بی پسران و دختران متوفی رحیم بخش ساکنان موضع حسین گڑھ تحصیل دیپالپور ضلع اوکاڑہ شجرہ نسب میں درج شدہ ہیں۔ لہٰذا ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ درج بالا انتقال وراثت رحیم بخش (متوفی) کے بابت کسی شخص یا ادارے کو کوئی اعتراض ہو تو وہ زیر دستخطی کے اندر 7 یوم بمعہ ثبوت دفتر ہذا رابطہ کرے ورنہ حسب ضابطہ منظور و تصدیق کر دیا جائے گا اور بعد ازاں کوئی عذر اعتراض قابل قبول نہ ہوگا۔

شہداء کی قربانیاں ملک و قوم کا فخر اور ماتھے کا جھومر ہیں

ضیاء الدین انصاری

پوری قوم کو 6 ستمبر 1965 کے جذبے کے تحت موجودہ کرپٹ اور ظالمانہ نظام کے خلاف کھڑا ہونے کی ضرورت ہے۔

جماعت اسلامی کی حق دو عوام کو تحریک کے تحت ممبر شپ مہم کے ذریعے شہر لاہور کے ہر گھر اور فرد تک پیغام پہنچائیں گے

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا ہے کہ پاک سرزمین کی حفاظت کیلئے شہداء کی لازوال قربانیاں ملک وقوم کا فخر اور ماتھے کا جومر ہیں۔ 6 ستمبر تجدید عہد وفاء اور دفاع پاکستان کا دن ہے۔ 1965 کی پاک بھارت جنگ میں ہمارے جوانوں نے جرت، بہادری اور شجاعت کی جو لازوال داستانیں رقم کیں انہیں ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ پوری دنیا میں پاکستان کا ناقابل تسخیر دفاع بنانے کیلئے قرآن وسنت کے نظام کے نفاذ کیساتھ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر34

پنجاب حکومت کا ایک پلیٹ فارم سے تمام میونسپل خدمات کیلئے اتھارٹی بنانے پر غور

وزیراعلی مریم نواز شریف نے وزیر بلدیات ذیشان رفیق کی سربراہی میں 11 رکنی کمیٹی قائم کردی

وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ خواجہ سلمان رفیق، وزیر مواصلات صہیب احمد بھرتھ اور متعلقہ سینئر افسر ممبر ہوں گے

لاہور (خبر نگار) پنجاب حکومت نے ایک پلیٹ فارم سے تمام میونسپل خدمات کی فراہمی کیلئے اتھارٹی بنانے پر غور شروع کر دیا ہے۔ وزیر اعلی مریم نواز شریف نے مجوزہ پنجاب واٹر سپلائی، سیوریج، سینی ٹیشن، سالڈ ویسٹ مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈبلیو ایس ایس ایس ڈبلیو ایم اے) بنانے کیلئے 11 رکنی اعلی اختیاراتی کمیٹی قائم کی ہے جس کے سربراہ وزیر بلدیات ذیشان رفیق ہوں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ خواجہ سلمان رفیق، وزیر مواصلات ملک صہیب احمد بھرتھ، وائس چانسلر لاہور یونیورسٹی آف مینجمنٹ سائنسز (لمز) پروفیسر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر35

لاہور، امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاالدین انصاری ایڈووکیٹ ممبر شپ مہم کے حوالے سے نیشنل لیبر فیڈریشن کے عہدیداران کے اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

کفایت شعاری منصوبوں پر عملدرآمد، گاڑیاں اور مشینری کی خریداری پر پابندی

حکومتی اخراجات پر ملک سے باہر علاج کے ساتھ ساتھ غیر ضروری بیرونی دوروں پر پابندی ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے کفایت شعاری کے فیصلوں پر عمل درآمد کرتے ہوئے گزشتہ 3 سال سے خالی تمام آسامیاں ختم کر کے نئی آسامیوں کی تخلیق پر پابندی عائد کرنے کے ساتھ ساتھ اخراجات کم کرنے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا۔ وفاقی حکومت نے کفایت شعاری منصوبوں پر عملدرآمد کا فیصلہ کر لیا اور وزارت خزانہ نے وفاقی حکومت کے اخراجات کم کرنے کا نوٹیفکیشن بھی جاری کر دیا۔ نوٹیفکیشن کے مطابق ہر قسم کی گاڑیوں کی خریداری پر پابندی ہوگی۔

مصدق ملک کی میجر عثمان اللہ شہید کے گھر آمد، شہید کو خراج عقیدت پیش کیا

میجر عثمان اللہ شہید کے لواحقین سے ملاقات کی اور شہید کو خراج عقیدت پیش کیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر پٹرولیم ڈاکٹر مصدق ملک جمعہ کو میجر عثمان اللہ شہید کے گھر گئے، میجر عثمان اللہ شہید کے لواحقین سے ملاقات کی اور شہید کو خراج عقیدت پیش کیا۔ میجر عثمان اللہ 6 اگست 2015 کو مانسہرہ میں ریسکیو مشن کے دوران ہیلی کاپٹر حادثہ میں شہید ہو گئے تھے۔ میجر عثمان اللہ کی بہادری وخدمات کے اعتراف میں انھیں تمغہ بسالت سے نوازا گیا۔ اس موقع پر ڈاکٹر مصدق ملک نے کہا کہ ملک شہیدوں کی قربانیوں سے چل رہا ہے، آنکھوں میں آنسو ہوں اور سر فخر سے بلند، یہ آسان بات نہیں۔ شہید کے بیٹوں سے گفتگو کرتے ہوئے مصدق ملک نے کہا کہ آپ کے والد کی عظیم قربانی پر ہم سب کو ناز ہے، شہیدوں کا لہو قوم پر قرض ہے۔

وزیر توانائی اویس لغاری کی شہید لانس نائیک حسنین علی شاہ کے اہلخانہ سے ملاقات، پسماندگان سے تعزیت کا اظہار

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی (پاور ڈویژن) سردار اویس احمد خان لغاری نے شہید لانس نائیک حسنین علی شاہ کے اہلخانہ سے ملاقات کی اور شہید کے درجات کی بلندی کیلئے دعا اور پسماندگان سے تعزیت وفاتحہ خوانی کی۔ وفاقی وزیر توانائی نے کہا کہ شہید لانس نائیک حسنین علی شاہ نے عوام اور پاک سرزمین کے تحفظ کے لئے جان کا نذرانہ پیش کیا ہے۔ پاکستان لانس نائیک حسنین علی شاہ کے خون کا مقروض ہے، شہداء کی قربانیاں کبھی رائیگاں نہیں جائیں گی۔

سابق وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان خالد خورشید کی راہداری ضمانت کا تحریری حکم نامہ جاری

پشاور (این این آئی) پشاور ہائی کورٹ نے سابق وزیر اعلیٰ گلگت بلتستان خالد خورشید کی راہداری ضمانت کا تحریری حکم نامہ جاری کر دیا۔ عدالت کے تحریری حکم نامے میں لکھا کہ خالد خورشید گلگت بلتستان کے سابق رکن اسمبلی اور وزیر اعلیٰ رہ چکے ہیں، درخواست گزار کے خلاف متعدد ایف آئی آر درج ہیں، درج ایف آئی آر سے متعلق درخواست گزار کو کوئی معلومات نہیں دی گئیں۔ عدالت کے تحریری حکم نامے میں لکھا گیا ہے کہ درخواست گزار کو 5 اکتوبر تک تمام درج مقدمات میں گرفتار نہ کیا جائے۔

9 مئی کو فیض حمید، عمران خان ایک دوسرے سے استعمال ہوگئے، بیرسٹر عقیل ملک

عمران خان پر 9 مئی واقعات کی دفعات لگیں گی، مشیر وزارت قانون

اسلام آباد (این این آئی) مشیر وزارت قانون وانصاف بیرسٹر عقیل ملک نے کہا ہے کہ میرا خیال کہ 9 مئی کو فیض حمید اور عمران خان ایک دوسرے سے استعمال ہوگئے، دونوں کا سیاسی مقصد اقتدار میں رہنا تھا، عمران خان پر 9 مئی واقعات کی دفعات لگیں گی۔ نجی ٹی وی کے پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے بیرسٹر عقیل ملک نے کہا کہ آرمی ایکٹ کو دیکھا جائے اور اگر عمران خان کے اپنے دور حکومت میں 24 سے 31 لوگوں کا ملٹری ایکٹ کے تحت ٹرائل ہو سکتا ہے۔

ویمن یونیورسٹی ملتان میں ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئرز کے زیر اہتمام یوم دفاع کی تقریب کا اہتمام

شہدائے دفاع پاکستان کی یادگار پر گارڈز آف آنر پیش کیا گیا

ملتان (خبر نگار) ویمن یونیورسٹی ملتان میں ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئرز کے زیر اہتمام یوم دفاع کے سلسلے میں پروقار تقریب کا اہتمام، شہدائے دفاع پاکستان کی یادگار پر گارڈ آف آنر پیش کیا گیا سٹاف نے شمع روشن کیں اور پھول رکھے ترجمان کے مطابق ویمن یونیورسٹی میں یوم دفاع پاکستان بھرپور ملی جوش وجذبے سے منایا گیا ویمن یونیورسٹی نے اس دن کی نسبت سے یادگار شہدا بھی تعمیر کی ہے جس پر وائس چانسلر، فیکلٹی ممبران اور سٹاف نے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر38

خواتین ویمن یونیورسٹی ملتان میں ڈائریکٹر سٹوڈنٹس افیئرز کے زیر اہتمام یوم دفاع کی تقریب کے موقع پر یادگار شہدا پر پھول چڑھا رہی ہیں

جسٹس فیصل زمان کا فائر وال کی تنصیب کے خلاف درخواست پر سماعت سے معذرت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فیصل زمان نے فائر وال کی تنصیب اور ویب مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ کے خلاف درخواست پر سماعت سے معذرت کر لی۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس فیصل زمان نے فائر وال کی تنصیب اور ویب مینجمنٹ سسٹم کے نفاذ کے خلاف درخواست کی فائل چیف جسٹس لاہور ہائیکوٹ کو واپس بھجوا دی۔ واضح رہے کہ فائر وال کی تنصیب کے خلاف جوڈیشل ایکٹوزم پینل کی جانب سے لاہور ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی گئی تھی جس میں موقف اپنایا گیا تھا کہ فائر وال کی تنصیب شہریوں کے بنیادی حقوق کی خلاف ورزی ہے۔

8 ستمبر کے جلسے کو ناکام بنانے کیلئے رہنماؤں، کارکنوں کی گرفتاری کیلئے چھاپوں کا سلسلہ شروع کر دیا گیا' پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نے الزام عائد کیا ہے کہ 8 ستمبر کے جلسے کو ناکام بنانے کے لئے پی ٹی آئی کے رہنماؤں اور کارکنوں کی گرفتاری کے لئے چھاپوں کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے۔ پی ٹی آئی کے مطابق متحرک رہنماؤں اور کارکنوں کی فہرست تیار کر کے پولیس کے حوالے کی گئی ہے۔ پولیس نے سابق صدر لاہور چوہدری اصغر گجر اور یاسر گیلانی کے گھروں اور

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر40

SERVICES & GENERAL
ADMINISTRATION
DEPARTMENT

وزیر بلدیات ذیشان رفیق پنجاب میونسپل سروسز اتھارٹی بنانے سے متعلق کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاک افواج ساری قوم کا فخر ہیں، رانا مشہود احمد خان

یوم دفاع پر بری، بحری اور فضائیہ کو ساری قوم سلام پیش کرتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم یوتھ پروگرام کے چیئرمین رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ پاک افواج ساری قوم کا فخر ہیں، 6 ستمبر 1965 کو افواج پاکستان نے دشمن کو منہ توڑ سبق سکھایا اور جرات و بہادری کی عظیم داستانیں رقم کیں، یوم دفاع پر بری، بحری اور فضائیہ کو ساری قوم سلام عقیدت پیش کرتی ہے۔ یوم دفاع و شہداء 6 ستمبر کے موقع پر اپنے پیغام میں رانا مشہود احمد نے کہا کہ افواج پاکستان نے کم سے کم وسائل کے ساتھ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر39

مختلف سیکٹرز کی ترقیاتی سکیموں کیلئے 14 ارب سے زائد فنڈز کی منظوری

وزیر اعلی پنجاب گرین ٹریکٹر پروگرام کیلئے 9 ارب 70 کروڑ روپے منظور

لاہور (این این آئی) پنجاب پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ نے مالی سال 2024-25 کے صوبائی ڈویلپمنٹ ورکنگ پارٹی کے پچیسیوں اجلاس میں مختلف سیکٹرز کی 6 ترقیاتی سکیموں کے لیے مجموعی طور پر 14 ارب 49 کروڑ 23 لاکھ 83 ہزار روپے کے فنڈز کی منظوری دی۔ اجلاس کی صدارت چیئرمین پی اینڈ ڈی بیرسٹر نبیل احمد اعوان نے کی۔ صوبائی ورکنگ پارٹی کے اجلاس میں ترقیاتی بورڈ کی جانب سے جن سکیموں کی منظوری

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر41

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے غازی انسپکٹر شاہد اقبال کی ملاقات

ڈاکٹر عثمان انور نے انسپکٹر شاہد اقبال کی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔

غازی انسپکٹر شاہد اقبال کو پاکستان آرمی کے تعاون سے مصنوعی ٹانگ لگائی جارہی ہے۔ ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (خبر نگار، کرائم رپورٹر) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور سے سنٹرل پولیس آفس میں پنجاب پولیس کے غازی انسپکٹر شاہد اقبال نے ملاقات کی، آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے فرض کی راہ میں جان کی بازی لگانے والے انسپکٹر شاہد اقبال کی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ سرگودھا کا انسپکٹر شاہد اقبال

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر45

یوم دفاع: مزارِ قائد پر تبدیلی گارڈز کی پُروقار تقریب

پاکستان ایئر فورس اصغر خان اکیڈمی کے چاق و چوبند دستے، کیڈٹس نے گارڈ کے فرائض سنبھال لیے

مہمانِ خصوصی ایئر وائس مارشل شہریار نے مزارِ قائد پر حاضری دی، فاتحہ خوانی کی، پھولوں کی چادر رکھی

کراچی (این این آئی) 6 ستمبر کو یوم دفاع کے موقع پر کراچی میں بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے مزار پر گارڈز کی تبدیلی کی پُروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ پاکستان ایئر فورس اصغر خان اکیڈمی کے چاق و چوبند دستے، کیڈٹس نے گارڈ کے فرائض سنبھال لیے۔ اس موقع پر تقریب کے مہمان خصوصی ایئر وائس مارشل شہریار نے مزار قائد

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر44

پنجاب اسمبلی کے ایوان میں بھی کچے کے ڈاکوؤں کی گونج

کچے میں بدامنی پر حکومت اور اپوزیشن یک زبان ہو گئے

سابق سیکرٹری صحت کے خلاف 70 ارکان کے دستخطوں سے تحریک استحقاق پیش

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی میں کچے کے علاقہ کی بدامنی کے حوالے سے حکومت اور اپوزیشن یک زبان ہو گئے، ایوان میں پیپلز پارٹی سے تعلق رکھنے والے رکن پنجاب اسمبلی ممتاز چانگ نے کچے کے ڈاکوؤں سے اپنے جان کو لاحق خطرات اور املاک کی لوٹ مار سے ایوان کو آگاہ کیا، اسپیکر نے کچے کے متعلق گفتگو کرنے کے لئے سوموار کا دن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر43

سپریم کورٹ کے نیب ترامیم کے فیصلے سے توشہ خانہ ٹو کیس ختم ہو گیا، عمران خان

آئی ایس پی آر کا بیان آیا ہے وہ غیر جانبدار اور غیر سیاسی ہیں

اگر اب سے غیر سیاسی ہو چکے ہیں تو ملک کے لیے اچھی بات ہے، گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) سابق وزیر اعظم و بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان نے سپریم کورٹ کے نیب ترامیم بحالی کے فیصلے سے متعلق کہا ہے کہ سپریم کورٹ کے نیب ترامیم کے فیصلے سے توشہ خانہ ٹو کیس ختم ہو گیا۔ اڈیالہ جیل میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ حکومت کو این آر او مبارک ہو، مجھے تو اس فیصلے پر

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر42

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور غازی انسپکٹر شاہد اقبال سے ملاقات کے دوران گفتگو کر رہے ہیں

عمران خان کے جیل ٹرائل میں صورتحال کا جائزہ لینے کیلئے 3 وکلا پر مشتمل کمیشن قائم

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائی کورٹ نے بانی پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کے جیل ٹرائل میں صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے 3 وکلا پر مشتمل کمیشن قائم کر دیا، کمیشن جیل ٹرائل کے دوران عمران خان کے وکلا کو درپیش

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر46

خواتین اور بچوں سے متعلقہ جرائم کے حوالے سے زیرو ٹالرنس ہے' سی سی پی او لاہور

لاہور پولیس بچوں، خواتین اور معاشرے کے کمزور طبقات کے تحفظ کیلئے پرعزم ہے' بلال صدیق کمیانہ

سی سی پی او لاہور کی زیر صدارت سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کی کارکردگی سے متعلق اہم اجلاس

لاہور (کرائم رپورٹر) سربراہ لاہور پولیس بلال صدیق کمیانہ کی زیر صدارت کیپٹل سٹی پولیس ہیڈ کوارٹرز میں سول لائنز اور سٹی ڈویژنز کی کارکردگی سے متعلق اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں لاء اینڈ آرڈر اور پبلک سروس ڈیلیوری سمیت مختلف پیشہ ورانہ امور زیر غور رہے۔ سی سی پی او لاہور نے وزیر اعلیٰ پنجاب کے ویژن کے مطابق خواتین اور بچوں سے متعلقہ جرائم کی روک تھام یقینی بنانے کی ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ خواتین اور بچوں

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر47

ڈیرہ اسماعیل خان سے تبدیل کئے گئے واپڈا ملازمین کی واپسی کا وعدہ مکمل کر لیا گیا، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان سے تبدیل کیے گئے واپڈا ملازمین کی واپسی کا وعدہ مکمل کر لیا گیا۔ اپنے بیان میں ڈیرہ اسماعیل خان انٹرنیشنل ایئر پورٹ پر جلد کام شروع ہو جائے گا۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر48

آئی جی پنجاب و دیگر افسران شہدا پولیس اور ملازمین کے بچوں کو فارن سکالرشپس کے چیک تقسیم کر رہے ہیں

9 مئی میں جس کا بھی کردار ہوا وہ فیض حمید کے ساتھ حصہ دار ہوگا

وزیر دفاع

کوئی بھی جرم ہو منصوبہ ساز، سہولت کار اور مستفید ہونے والوں سمیت کارروائی تو سب کے خلاف ہی ہوتی ہے

اگر بلوچستان ترقی کر گیا تو صوبے کی محرومیوں کے بیانیے کی بنیاد پر چلنے والی اُن کی دکان بند ہو جائے گی، خواجہ آصف

اسلام آباد (این این آئی) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ 9 مئی میں جس کا بھی کردار ہوا وہ فیض حمید کے ساتھ حصہ دار ہوگا۔ ایک انٹرویو میں 9 مئی کے حوالے سے ڈی جی آئی ایس پی آر کے بیان پر وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا کہ کوئی بھی جرم ہو منصوبہ ساز، سہولت کار اور مستفید ہونے والوں سمیت کارروائی تو سب کے خلاف ہی ہوتی ہے۔ وزیر دفاع نے کہا کہ 9 مئی واقعات میں بھی منصوبہ سازوں کو افرادی قوت تو پاکستان تحریک انصاف نے ہی دی اور بانی پی ٹی آئی کی اجازت کے بغیر ایسا ممکن ہی کہاں تھا؟ خواجہ آصف نے کہا

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر36

لاہور، پاک فوج کے جوان باٹا پور یادگار شہدا پر پھول چڑھانے کے لئے آ رہے ہیں

پولیس شہداء کے بچوں کی بیرون ممالک اعلیٰ تعلیم مشن کامیابی کی جانب گامزن

پنجاب پولیس کا فارن ایجوکیشنل سکالرشپ پروگرام، 05 طلبا وطالبات کو سکالرشپس کی رقوم کی ادائیگی

آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے فارن سکالرشپس حاصل کرنے والے طلبا وطالبات کو مبارکباد دی

لاہور (خبر نگار) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی زیر نگرانی پولیس شہدا اور کانسٹیبلز کے ہونہار بچوں کی بیرون ممالک اعلی تعلیم کا مشن کامیابی کی جانب گامزن ہے، پنجاب پولیس کے فارن ایجوکیشنل سکالرشپ پروگرام میں 05 بچوں کو سکالرشپس کی رقوم کی ادائیگی کر دی گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور نے 04 شہداء پولیس اور ایک کانسٹیبل کے بچوں کو فارن سکالرشپس کے چیک دیئے ہیں، یہ بچے برطانیہ، چین اور ازبکستان کے تعلیمی اداروں سے اعلی تعلیم مکمل کر رہے ہیں۔ کانسٹیبل محمد نواز شہید کے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر37

پاکستان اور ترکی مل کر صحت کے شعبے کو مضبوط بنائیں گے، قونصل جنرل ترکیہ

ہیلتھ اینڈ ویلنس ایکسپو کا پیغام صحت کے ساتھ اختتام، قونصل جنرل ترکیہ مسٹر جمال سانگو کو یادگاری شیلڈ پیش کی گئی

کراچی (این این آئی) کراچی میں صحت کے حوالے سے ہونے والی دو روزہ ہیلتھ اینڈ ویلنس ایکسپو طبی ماہرین کے پیغام کے ساتھ اختتام پزیر ہو گئی۔ مقامی ہوٹل میں منعقدہ ایکسپو کی اختتامی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے قونصل جنرل ترکیہ مسٹر جمال سانگو نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات مضبوط اور برادرانہ ہیں۔ دونوں ممالک ملکر صحت کے شعبے کو مزید مضبوط کرینگے۔ اس موقع پر سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر جنید علی شاہ،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر49

لاہور، صوبائی دارالحکومت میں ہونے والی بارش کے دوران ٹریفک رواں دواں ہے

ٹرمپ نے مسک کی سربراہی میں ایفیشنسی کمیشن بنانے کا اعلان کر دیا

ایفیشنسی کمیشن وفاقی حکومت کا آڈٹ کرنے کے بعد بھاری اصلاحات تجویز کرے گا، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) سابق امریکی صدر اور ریپبلکن پارٹی کے صدارتی امیدوار ڈونلڈ ٹرمپ نے الیکشن جیتنے کی صورت میں ارب پتی امریکی کاروباری شخصیت ایلون مسک کو گورنمنٹ ایفیشنسی کمیشن کا سربراہ لگانے کا اعلان کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق نیویارک اکنامک کلب میں انتخابی مہم کے دوران

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر50

امریکی صدارتی انتخابات، روس نے کاملا ہیرس کی حمایت کر دی

روسی صدر کو ہمارے انتخابات کے بارے میں بات کرنا چھوڑ دینا چاہئے، وائٹ ہاؤس

واشنگٹن/ماسکو (این این آئی) روسی صدر ولادیمیر پیوٹن نے امریکی صدارتی انتخابات پر طنزیہ تبصرہ کرتے ہوئے جیت کے لیے ہر وقت ہنستی مسکراتی کاملا ہیرس کی حمایت کر دی، امریکا نے روسی صدر کو صدارتی انتخابات پر تبصرہ کرنے سے باز رہنے کا مشورہ دیا ہے، غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق ایک تقریب میں روسی صدر کا کہنا تھا کہ جو بائیڈن

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر51

8 ستمبر کو اسلام آباد میں تاریخی جلسہ ہوگا، عمران کی کال پر عمران بھرپور شرکت کرینگے' حماد اظہر

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف پنجاب کے قائمقام صدر و جنرل سیکرٹری حماد اظہر نے کہا ہے کہ 8 ستمبر کو اسلام آباد میں تاریخی جلسہ ہوگا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بانی چیئرمین عمران خان کی کال پر عوام بھرپور طریقے سے جلسے میں شرکت کرے گی۔ یہ جلسہ بانی پی ٹی آئی سمیت دیگر اسیران کی رہائی کیلئے منعقد ہوگا۔

سینیٹر اعظم نذیر تارڑ کی میجر ہمایوں جہانزیب شہید کے گھر آمد، شہید کے اہل خانہ سے ملاقات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قانون، انصاف وانسانی حقوق سینیٹر اعظم نذیر تارڑ جمعہ کو یہاں میجر ہمایوں جہانزیب شہید کے گھر گئے اور شہید کے اہل خانہ سے ملاقات کی۔ میجر ہمایوں جہانزیب 6 اگست 2015 کو ایک مشن کے دوران مانسہرہ کے قریب ہیلی کاپٹر کریش میں شہید ہو گئے تھے۔

جے یو آئی (ف) نے جلسوں سے متعلق بل کو بنیادی انسانی حقوق کا قتل عام قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) جے یو آئی (ف) نے جلسوں سے متعلق بل کو بنیادی انسانی حقوق کا قتل عام قرار دیدیا۔ اپنے بیان میں رکن قومی اسمبلی عالیہ کامران نے کہا کہ ایوان کو بلڈوز کر کے بل منظور کرایا گیا، ہمیں ایوان میں موقف دینے کی اجازت نہیں دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ یہ بل بنیادی انسانی حقوق کا قتل عام ہے، حکومت میں لوگوں کو سمجھ نہیں آتی کہ جو قانون سازی کر رہے ہیں کل وہ ان کے گلے پڑ سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آپ کس طرح تمام اختیارات ایک کمشنر کے حوالے کر رہے ہیں؟

کراچی: رینجرز اہلکار کو شہید کرنیوالا لیاری گینگ وار کا اہم کمانڈر گرفتار

گرفتار ملزم ماجد کا تعلق لیاری گینگ وار جھنگو گروپ سے ہے' ایس ایس پی سٹی

کراچی (این این آئی) کراچی میں پولیس نے رینجرز اہلکار کو شہید کرنے والے لیاری گینگ وار کے اہم کمانڈر کو گرفتار کر لیا۔ ایس ایس پی سٹی عارف عزیز کے مطابق گرفتار ملزم ماجد کا تعلق لیاری گینگ وار جھنگو گروپ سے ہے۔ انہوں نے بتایا ہے کہ ملزم اور اس کے ساتھیوں نے 2018ء※ میں رینجرز اہلکار فواد حسین کو شہید کیا تھا۔ ایس ایس

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر55

یوم دفاع کے موقع پر مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی کی تقریب

کور کمانڈر لاہور لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے

لاہور (این این آئی) یوم دفاع کے موقع پر لاہور میں مزار اقبال پر گارڈز کی تبدیلی کی تقریب منعقد ہوئی، تقریب میں کور کمانڈر لاہور لیفٹیننٹ جنرل عامر رضا بطور مہمان خصوصی شریک ہوئے۔ ڈی جی رینجرز پنجاب نے کور کمانڈر لاہور کا مزار اقبال پہنچنے پر استقبال کیا۔ کور کمانڈر لاہور لیفٹیننٹ جنرل سید عامر رضا نے مزار اقبال پر پھولوں کی چادر رکھی،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر54

مصر کے نئے دارالحکومت میں افریقہ کی بلند ترین عمارت تیار

نئے دارالخلافہ میں مصری حکومت کے دفاتر کی منتقلی کا کام رواں برس کے اختتام سے قبل شروع ہو جائے گا

قاہرہ (این این آئی) مصر کے نئے دارالحکومت میں افریقہ کی بلند ترین عمارت تیار ہو گئی۔ امریکی نشریاتی ادارے کے مطابق مشرق وسطی کے اہم ترین اسلامی ملک مصر کے نئے تیار ہونے والے دارالحکومت شہر کا بڑا کام تقریبا مکمل ہو چکا ہے، وہاں افریقہ کی بلند ترین اور خوبصورت ترین عمارت بھی تیار ہو گئی، جسے 75 فیصد بجلی سولر سسٹم کے ذریعے مہیا کی جائے گی۔

فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی کیلئے مقبول نعرے پر میٹا کا بیان سامنے آ گیا

نعرے کا جملہ، جو فلسطینیوں کے ساتھ یکجہتی کیلئے استعمال ہوتا ہے، خلاف ورزی میں نہیں آتا، بیان

نیویارک (این این آئی) سماجی رابطوں کی ویب سائٹس چلانے والی کمپنی میٹا کے نگران بورڈ نے فلسطینیوں سے اظہار یکجہتی سے متعلق مقبول نعرے دریا سے سمندر تک کو سوشل میڈیا پر پوسٹ کرنے سے متعلق بیان جاری کر دیا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق میٹا کے نگران بورڈ نے فیصلہ دیا ہے کہ نعرے کا جملہ، جو اکثر فلسطینیوں کے ساتھ یکجہتی کیلئے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر53

بھارت میں تھانے کا 2 روپے بل ادا نہ کرنے کا معاملہ عدالت تک پہنچ گیا

کمیونیکیشن کمپنی کے سالوں سے بقایا بل ہیں لیکن ادائیگی نہیں کی جارہی تھی، بھارتی میڈیا

اتر پردیش (این این آئی) بھارت میں پولیس کی جانب سے تھانے کا 2 روپے واجب الادا بل نہ دینے پر ٹیلی کمیونیکیشن کمپنی عدالت پہنچ گئی۔ بھارتی میڈیا رپورٹس کے مطابق بھارت کی ریاست اتر پردیش کے ضلع مرزا پور میں ایسے 10 تھانے موجود ہیں جن پر کمیونیکیشن کمپنی کے سالوں سے بقایا بل ہیں لیکن حکام کی جانب سے ادائیگی نہیں کی جارہی۔

پی ایس کیو سی اے کا غیر قانونی اسٹیل یونٹس کے خلاف کریک ڈاؤن، 8 فیکٹریاں بند کروا دیں

لاہور (این این آئی) پاکستان اسٹینڈرڈز اینڈ کوالٹی کنٹرول اتھارٹی پنجاب بھر میں ناقص اسٹیل مصنوعات اور غیر لائسنس یافتہ سٹیل یونٹس کے خلاف ایک بار پھر کریک ڈاؤن شروع کر دیا۔ ڈپٹی ڈائریکٹر اصغر علی کی سربراہی میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر نعمان خالق، اور فیلڈ آفیسر سید

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر57

پاکستان ایئر فورس کے ونگ کمانڈر پرویز خاں کا 44 واں یوم شہادت (آج) منایا جائیگا

احمد یار (این این آئی) پاکستان ایئر فورس کے ونگ کمانڈر پرویز خاں کا 4 4واں یوم شہادت (آج) ہفتہ کو منایا جائیگا اس سلسلہ میں انکی یادرگار پر عارفوالا میں تقریب منعقد ہوگی ونگ کمانڈر پرویز خاں نے 7 ستمبر 1980 کو دوران پرواز لاہور میں جام شہادت نوش کیا۔

وفاقی وزیر رانا تنویر حسین کی لیفٹیننٹ کرنل آصف علی اعوان شہید کے گھر آمد، شہید کو خراج عقیدت پیش کیا

راولپنڈی (این این آئی) وفاقی وزیر صنعت و پیداوار رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ مسلمان کے لئے شہادت ایک عظیم رتبہ ہے، شہداء کی ملک پاکستان کے لئے عظیم قربانیاں ہیں۔ وہ جمعہ کو لیفٹیننٹ کرنل آصف علی اعوان شہید کے گھر گئے اور شہید کے لواحقین سے ملاقات کی۔ وفاقی وزیر نے اس موقع پر لیفٹیننٹ کرنل آصف علی اعوان شہید کو خراج عقیدت پیش کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ مسلمان کے لئے شہادت ایک عظیم رتبہ ہے۔

ہمسایہ ملک کا اندھیرے میں مکارانہ حملہ اسکی بزدلانہ سوچ کا عکاس تھا' بلال یاسین

گھات لگائے دشمن کے دانت کھٹے کرنیوالے شہداء آج بھی ہمارے دلوں میں زندہ ہیں' وزیر خوراک پنجاب

لاہور (این این آئی) وزیر خوراک پنجاب بلال یاسین نے یوم دفاع کی مناسبت سے پیغام میں کہا کہ تمام محاذوں پر وطن عزیز کا دفاع کرنیوالی افواج پاکستان کو سلام پیش کرتا ہوں، ان شہداء کے وارثوں کو بھی سلام ہے جن کے جگر گوشوں کے خون کی بدولت آج ہم آزاد ہیں، ہمسایہ ملک کا اندھیرے میں مکارانہ حملہ اسکی بزدلانہ سوچ کا عکاس تھا، گھات لگائے دشمن کے دانت کھٹے کرنیوالے شہداء آج بھی ہمارے دلوں میں زندہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر56

دھیر کوٹ، وفاقی وزیر امور کشمیر امیر مقام راجہ فیصل آزاد کی جانب سے دیئے گئے استقبالیہ سے خطاب کر رہے ہیں

اسرائیلی وزیر اعظم جنگ بندی معاہدے سے بچنا چاہتے ہیں، حماس

طاقت سے قیدیوں کی رہائی کیلئے مزید قتل عام کی پالیسی ناکام ثابت ہوئی، خلیل الحیا

غزہ (این این آئی) حماس کے رہنما خلیل الحیا نے کہا ہے کہ اسرائیلی وزیر اعظم جنگ بندی معاہدے سے بچنا چاہتے ہیں۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق حماس کے رہنما نے کہا کہ دنیا یقین کر چکی ہے کہ معاہدے میں رکاوٹ ڈالنے والے قتل عام

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر58

اسرائیل کا مقبوضہ مغربی کنارے میں آپریشن، 40 فلسطینی شہید

اسرائیلی فوج نے بلڈوزروں سے فلسطینیوں کی املاک، گاڑیوں، سڑکوں کی توڑ پھوڑ کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے، رپورٹ

مغربی کنارہ (این این آئی) اسرائیلی فوج کا مقبوضہ مغربی کنارے میں آپریشن جاری ہے، صیہونی افواج نے اپنی وحشیانہ کارروائیوں میں گزشتہ 9 روز کے دوران 6 بچوں سمیت مزید 40 فلسطینیوں کو شہید کر دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق آپریشن کے دوران اسرائیلی فوج نے بلڈوزروں سے فلسطینیوں کی املاک، گاڑیوں،

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر59

شہر قائد کے سمندر کے قرب وجوار کے چند علاقوں میں عجیب وناگوار بو محسوس کی جانے لگی

محسوس کی جانے والی بدبو آبی پودوں کی وجہ سے آرہی ہے، آبی پودے فائٹو پلانکٹن کی وجہ سے یہ بدبو محسوس ہوتی ہے، تکنیکی مشیر ڈبلیو ڈبلیو ایف (پاکستان)

کراچی (این این آئی) شہر کے ساحلی علاقوں سمیت دیگر میں مون سون بارشوں اور سمندری طغیانی کے سبب گلنے سڑنے کے بعد آبی پودے فائٹو پلانکٹن کی عجیب وناگوار بو محسوس کی جانے لگی۔ شہر کے ساحلی علاقوں ہاکس بے، سینڈز پٹ، ٹرٹل بیچ، ابراہیم حیدری، ریڑھی گوٹھ، کیماڑی، شمس پیر، کاکا پیر سمیت دیگر ساحلی علاقوں جبکہ شہر کے سمندر کے قرب وجوار کے چند علاقوں میں عجیب و

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر52

آپریشنل وجوہات کی بناء پر متعدد پروازیں منسوخ، 15 سے زائد تاخیر کا شکار

لاہور (این این آئی) ایئر لائنز کو آپریشنل مسائل کا سامنا ہونے کی وجہ سے کئی پروازیں منسوخ جبکہ 15 سے زائد تاخیر کا شکار ہیں۔ ذرائع کے مطابق دمام سے لاہور جانے والی پی آئی اے کی پرواز پی کے 248 کو ملتان میں اتار لیا گیا۔ کراچی سے اسلام آباد جانے والی نجی ایئر لائن کی 4 پروازیں، کراچی سے لاہور کی پرواز پی کے 306، لاہور سے شارجہ کی پرواز پی کے 158 اور اسلام آباد سے شارجہ جانے والی نجی ایئر لائن کی ایک پرواز منسوخ کر دی گئیں۔

چیف ایڈیٹر	میاں محمد فیاض
مینجنگ ایڈیٹر	صدف الطاف چوہدری
سینئر گروپ ایڈیٹر	ڈاکٹر محمد احسن محمود
ایڈیٹر	امداد اللہ قریشی
سینئر ڈپٹی ایڈیٹر	چوہدری عمران شوکت
ڈپٹی ایڈیٹر	محمد شہروز میاں
لیگل ایڈوائزر	وقار اے شیخ ایڈووکیٹ سپریم کورٹ

پبلشر احسن یوسف نے تجارت پرنٹرز سے چھپوا کر 14 ڈیوس روڈ لاہور سے شائع کیا۔
آفس نمبر 2 ابا سین کمپلیکس 8 ڈیوس روڈ لاہور

کراچی، یوم دفاع کے موقع پر مزار قائد پر گارڈز کی تبدیلی کی پروقار تقریب پر پاک فضائیہ کا چاق وچوبند دستہ گارڈ کے فرائض سنبھالنے کے بعد پریڈ کر رہا ہے

کراچی سے لاہور جانے والی شالیمار ایکسپریس شہید بینظیر آباد کے قریب حادثے کا شکار ہو گئی

ٹرین پھاٹک پر بجری والے ٹرک ٹکرا گئی، خوش قسمتی سے حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، تحقیقات شروع

لاہور (این این آئی) کراچی سے لاہور جانے والی شالیمار ایکسپریس شہید بینظیر آباد کے قریب حادثے کا شکار ہو گئی، ٹرین پھاٹک پر بجری والے ٹرک سے ٹکرا گئی تاہم خوش قسمتی سے حادثے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ بتایا گیا ہے کہ حادثہ

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر60

نواب شاہ، پولیس اور شہری کراچی سے لاہور جانے والی شالیمار ایکسپریس اور ٹرک کے درمیان تصادم کے بعد جائے وقوعہ پر موجود ہیں